کلامِ نانک

بمعہ

فرہنگ

کلامِ نانک

بمعہ

فرہنگ

بھاشا وبھاگ پنجاب

مولفہ و مرتبہ

ڈاکٹر جیت سنگھ سیتل

ایم - اے - پی - ایچ - ڈی

قیمت ..... ۲۶ روپے ۱۰ پیسے

اشاعت کنندہ :- ڈائریکٹر بھاشا وبھاگ پنجاب پٹیالہ

پرنٹر- میسرز جیم پرنٹرز جالندھر شہر

معرفت

کنٹرولر پرنٹنگ اینڈ سٹیشنری پنجاب

کلامِ نانک

بمعہ

فرہنگ

تالیف و ترتیب

گورونانک کا کلام کلامِ ربّانی ہے۔ گورونانک حق تعالےٰ کا نطقِ حقیقی ہیں۔ گورونانک نے وہی کچھ کہا۔ جو اُن سے خداوند کریم نے کہلوایا:۔

جیسی مے آوے خصم کی بانی
تیَڑا کری گیان وے لالو

گورونانک محقّق اعلےٰ و نقّاد قدرت تھے۔ ان کا کلام خدا کی صفت وثنا ہے۔ اس کی حمد و مدح ہے۔ گورونانک قادرِ مطلق و خالقِ کائنات کے روحانی ترجمان تھے۔ اُن کے کلام ربّانی سے خداوند تعالےٰ کی صفات و حسنات کا خاطرخواہ پتہ چلتا ہے۔ اور انسان اس کی محبّت و اُلفت میں محو و مستغرق ہوتا ہے۔ اور علم عرفان سے مسرور و محظوظ ہوتا ہے۔ اُن کے کلام کے مطالعہ سے زندگی کو تقدیس اور حیات کو طہارت حاصل ہوتی ہے۔ اور بغیر کسی تصنّع کے وحدانیت پرست انسان کو شاہراہ روحانیت پہ گامزن ہونے کی دعوت عمل ملتی ہے۔

گورونانک کے کلام متبرک کو گورو ارجن دیوجی نے ۱۶۰۴ء میں آدِ گورو گرنتھ صاحب میں شامل کرکے اس کو لافانی بنادیا اور ہمیشہ کے لئے محفوظ کردیا۔ اُن کے ایسے پاکیزہ کلام کو یکجا تالیف کرنا آسان کام نہیں۔ گورونانک کا کلام پاک بحروف گورمکھی الگ تالیف کیا جاچکا ہے۔ جوکہ شرومنی گوردوارہ کمیٹی امرتسر اور محکمہ السنۂ پنجاب کی محنت شاقہ سے شائع ہوچکا ہے۔ کچھ ایک حضرات نے ذاتی طور پر بھی اس کلام کو جمع کیا ہے۔ ہندی میں ڈاکٹر مسرا نے "وانی گورونانک" اور پنجابی میں ڈاکٹر رتن سنگھ جگّی نے "بانی گورونانک" کے نام سے پیش کیا ہے۔

لیکن اردو میں اُن کے کلام پاکیزہ کو پہلی دفعہ اس موجودہ صورت میں تالیف کیا گیا ہے۔.............

- - - - - - - - - - - - - - - - - - - اور ناظرین کرام کے مطالعہ کے لئے محکمہ السنہ کی وساطت سے پیش کیا

جا رہا ہے۔ تاکہ گورو نانک کے کلام کے شیدائی اس سے محظوظ و مسرور ہو سکیں۔

گورو نانک کا کلام راگوں میں ہے۔ کل ۱۹ راگ ہیں۔ پہلا راگ سری راگ ہے۔ اور آخری پربھاتی راگ۔ شروع میں جپ جی۔

سو در و سوہلا ہیں۔ اور آخر میں سلوک سہسکرتی اور سلوک واراں تے ودھیک دیئے گئے ہیں۔

کُل کلام ۵۸۶ پدوں یعنی بندوں پر مشتمل ہے۔ جس میں دتکی۔ تتکی۔ چوتکی۔ پدا۔ دُپدا۔ تپدا۔ ڈکھے۔ چوبکے۔ پدے۔ چھپدے۔ پنج پدے۔

اسٹ پدیاں وغیرہ شامل ہیں۔ اصناف سخن میں سے چھنت۔ پوڑی (وار) پہرے۔ پٹی۔ الاہنیاں۔ آرتی۔ کچھی۔ سچی۔ نفتی۔ سلوک

بارہ ماہا کا استعمال کیا گیا ہے۔ آپ کے طویل کلام میں سے جپ۔ اونکار۔ سدھ گوسٹ۔ بارہ ماہا پٹی کا شمار کیا جا سکتا ہے۔ علاوہ ازیں

آپ نے تین واریں۔ آسا دی وار۔ وار ملار۔ اور وار ماجھ میں نظم کی ہیں۔

آپ کے کلام کی ترتیب گورو گرنتھ صاحب میں درج کلام کے مطابق ہی کی گئی ہے۔ یعنی پہلے راگ کے پد۔ سبد یا بند۔ پھر اسٹ پدیاں

۔ چھنت یا کوئی خاص کلام جیسے۔ راگ آسا میں پہلے سبد۔ پھر اسٹ پدیاں۔ پٹی۔ چھنت اور آخر میں آسا دی وار۔ اسی طرح راگ

وڈہنس میں پہلے سبد۔ - - - - - - - - - چھنت۔ الاہنیاں اور آخر میں واریں سے گورو صاحب کے سلوک۔

راگ سورٹھ میں پہلے سبد۔ اسٹ پدیاں اور بعد میں سورٹھ کی واریں سے گورو صاحب کے سلوک راگ رام کلی میں سبد۔

اسٹ پدیاں۔ دکھنی اونکار۔ سدھ گوسٹ اور پھر واریں سے سلوک۔

آخر میں سلوک سہسکرتی اور سلوک واراں تے ودھیک دیئے گئے ہیں۔

تبدیلیٔ رسم الخط و اِملا

کسی بھی عبارت کو ایک رسم الخط سے دوسرے میں منتقل کرنا مشکل ہوتا ہے۔ لیکن گورمکھی حروف سے فارسی رسم الخط میں کسی

کلام کو تبدیل کرنا اور بھی زیادہ دشوار ہے۔ کیونکہ گورو گرنتھ صاحب میں فارسی اور عربی اصوات و الفاظ کو اصل صورت میں درج نہیں کیا گیا

خاص کر خ۔ ش۔ ذ۔ ز۔ ظ۔ ض۔ ث۔ ق کی آوازیں گورمکھی حروف میں پیش نہیں کی گئیں۔ اُن کی بجائے کھ۔ س۔ ج۔ ت۔ پھ اور ک

سے ہی کام لیا گیا ہے۔ اسی لئے خوشی کی جگہ کھشی۔

فرمائش کی جگہ پھرمائش

فرمائی کی جگہ —— پھرمائی

فرمایا " " " پھرمایا

بخشنہار " " " بکھشنہار

خوار " " " کھوار آتا ہے

ش کی جگہ س جیسے

جہیش کی جگہ —— جہیس

لبش " " " " لبس

شبہہ " " " " سبہہ - سوہ

شاہوکار " " " " ساہوکار

پرکاش " " " " پرکاس - پرکاسیا۔

آشنائی " " " " اسنائی

شیطان " " " " سیطان

شقدار " " " " سکدار

شرع " " " " سرع

کرشن " " " " کرسن

پاتشاہ " " " " پاتساہ

شبد " " " سبد

شرن کی جگہ ـــــ سرن

کشٹ ,, ,, ,, کسٹ

ق کی جگہ ک   جیسے

قیمت کی جگہ ـــــ کیمت

قدرت ,, ,, ,, کدرت

قربان ,, ,, ,, کربان

قبا ,, ,, ,, کوائی

قاضی ,, ,, ,, کاجی

لائق ,, ,, ,, لائک

ذ۔ ز۔ ظ۔ ض کی جگہ ج   جیسے

قاضی کے بجائے ـــــ کاجی

نماز ,, ,, ,, نماج

روزہ ,, ,, ,, روجہ

نیزے ,, ,, ,, نیجے

زنجیر ,, ,, ,, جنجیر

دروازہ ,, ,, ,, درواجہ

غ کی جگہ گ   جیسے

مغل کی جگہ ـــــ مگل

کاغذ ,, ,, ,, کاگد

غلولہ ,, ,, ,, گلولہ

ظ کی جگہ د جیسے

نظر کی جگہ ـــــ ندر

ع کی جگہ الف (ا) جیسے

عمل کی جگہ ـــــ امل

عملی کی جگہ ـــــ املی

عرض ,, ,, ,, ارج

عاق ,, ,, ,, آکی

لااعتبار ,, ,, ,, لائتبار

مستثناء

چند ایک الفاظ اصل صورت میں بھی آئے ہیں۔ جیسے تخت ۔ خصم ۔ مقدم ۔ صفت ۔ صلاح ۔ حکم
خوار ۔ سلطان ۔ خواص ۔ بخش وغیرہ

"ں" (نونِ غنہ) کا بہت کم استعمال

گورو گرنتھ صاحب میں نونِ غنہ (ں) یا بندی اور ٹپی (ـ ÷) کا بہت کم استعمال کیا گیا ہے۔ فارسی
رسم الخط میں اس معمول کو بدستور قائم رکھا گیا ہے:۔ جیسے

ہیں کی جگہ ـــــ ہے

تاں ,, ,, ,, ,, تا

ماں ,, ,, ,, ,, ,, ما

کاؤں ,, ,, ,, کاؤ

ہوں ,, ,, ,, ہو

چھاواں کی جگہ ——— چھاوا

آواں ” ” ” آوا

گاواں ” ” ” گاوا

آکھاں ” ” ” آکھا

دیکھاں ” ” ” دیکھا

نہیں ” ” ” نہی

ناہیں ” ” ” ناہی

کیس نوں ” ” ” کس نو

نوٹ - کئی جگہ "ں" کا استعمال ملتا ہے۔

جیسے :- ناگاں

مرگاں

مچھیاں

رسیاں وغیرہ

نہ - ناہ کی جگہ 'ن'- اور تا - تاں کی جگہ ت

گورو گرنتھ صاحب میں گورو نانک کے کلام میں نہ - نا - ناہ بہت کم آتا ہے۔ اسی طرح تا - تاں کا استعمال بھی بہت کم ہوا ہے۔ ان کی جگہ "ن" اور "ت" ہی اکثر آتا ہے۔ جیسے :-

مچھلی جال - ن - جانتا
انتر الکھ - ن - جائی
ن - من مرے - ن - کارج
سیوا ایک - ن - جانس
ہٹھ کر مرے - ن - لیکھے

’ء‘ کے مختلف استعمال

ناء - ناؤ- میں پہلا ’ناں‘ اور دوسرا ’نام‘ کی جگہ آئے ہیں

کوء- آء اور آئے اور کوئے میں ’ء‘ اور ’یائے مجہول‘ کی جگہ آیا ہے۔

’او‘ کی جگہ جیسے

تنوئ- جتو-

ہائے مخفی اور ملفوظہ کا استعمال

ییہہ کی جگہ —— ہہ

پچھہہ ،، ،، ،، پچھہ

دیکھیو ،، ،، ،، دیکھیٔو

بیوبیہہ یا بیوے ،، ،، بیوہ

ایہہ ،، ،، ،، اِہ

آیہہ ،، ،، ،، آہہ

دسہے ،، ،، ،، دسہ

ڈھیہے ،، ،، ،، ڈھیہ

جی ایہہ ،، ،، ،، جیٹھہ

ہودوہ ،، ،، ،، ہودَہ

رہو ،، ،، ،، رہھ

ویسرہے ،، ،، ،، ویسرہ

نکِ 'ہ'

کلام میں 'ڑھ' 'ڈھ' بہت کم آتا ہے۔ صرف 'ڑ' اور 'ڈ' ہی استعمال کئے گئے ہیں۔ اسی طرح عبارت میں آ بیٹھئے

جیسے :-

پڑھ کی جگہ ——— پڑ

ہڑھ " " " ہڑ

پھڑھ " " " پھڑ

چھوڈھ " " " چھوڈ

کڑھ " " " کڑ

چڑھ " " " چڑ

'یائے معروف' کے لئے الفاظ کو دو یا تین حصوں میں الگ الگ دکھایا گیا ہے۔ تاکہ پڑھنے میں آسانی ہو۔ جیسے :-

سیگارہ کی جگہ ——— سی گارہ

پائیے " " " پائی اے

وائیے " " " وائی اے

مینگیے " " " منگی اے

ویہرے " " " وی ہرے

موہن لیا " " موہن لے لیا

لینا " " " لی نا۔

جیوت " " " جی وت

بھٹیلے " " " بھٹی اے

دتیجے کی جگہ ——— دی جے

چھوڑیئے " " " چھوڈی اے

رو آیئے " " " رو آئی اے

ویچارہ " " " وی چارہ

وینش " " " ونی اس

پیٹی اڑے " " " پے ای اڑے

سمالسی " " " سمال سی

رکھیئے " " " رکھی اے

واؤ معدولہ کو حذف کر دیا گیا ہے۔ جیسے 'گورو'۔ گوڑ۔ ستگیر۔ ستگورو کو گرو۔ گرُ۔ ست گرُ اور ستگرُ لکھا گیا ہے۔ اسی طرح خوشی کو کھشی اور 'دوار' کو 'دُآر' درج کیا گیا ہے۔

'ں' کا بہت کم استعمال ہوُا ہے۔ صرف چند ایک الفاظ میں اس کا استعمال ہوتا ملتا ہے۔ یہ بھی جہاں نونِ غنہ دوسری جگہ آتا ہے۔ اُسے ٭ طرح لکھا گیا ہے

انمرت - انتر - اپرپڑاد - مُنڈا - ڈنڈا - لنما - کرنما - اِندرا دِک - مُجگنتر

اعداد و شمار

دو کی جگہ ——— دوء

تِہیہ " " " نِۃ - تِۃ

چھ " " " چہ

نوں " " " نَۃ

یائے مجہول کو الگ 'ے' یا 'ء' کی شکل میں لکھا گیا ہے۔ تاکہ پڑھنے میں آسانی رہے۔ جیسے:۔

بھیڑے کی جگہ ــــــــ بھے ڑے

داڑھی " " " " داءسی

کوئے " " " " کوء

کیتے " " " " کے تے

آئے جائے " " " " آء جاء

اعراب

اِملا اَور تلفظ کی صحت و روانی کے لئے اعراب کا جگہ بہ جگہ استعمال کیا گیا ہے۔ تاکہ الفاظ کے معانی تعیّن کرنے میں دِقت نہ ہو۔ جیسے:- چِن - چَن

تو - توَ - توء توِ - توٗ

گَنڈ - گِن - گُن - اوَگُن

ڈھن - ڈُھن۔

تہ - تھہ - تِہ - تِرہ

کو - کٹو - کوَن۔

بن - بِن - وُن - وِن - نبٹ

رَت - رُت۔

نو - نوَ - نوَ رَ نگی۔

سُن - سُنّ - سُنڈت - سنّت

بھِکھ - بُھکھ - بِھیاکھک - بِھیکھہَ - بِکھ

مَت - دُرمَت - مِت - گَتَ مِت - مِیت

تن - تن۔

سُرت - جس - جس

دہ - دیہہ - دہ - دوء - دوئی۔

فرہنگ

مشکل الفاظ کے معانی دینے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے۔ سنت بھاکھا اور پنجابی زبان کے تقریباً تمام الفاظ کے فصیح اُردو میں معانی دیئے گئے ہیں۔ تاکہ قارئین کرام تمام سبدوں کے مفہوم اچھی طرح سمجھ سکیں۔ پھر بھی کئی ایک الفاظ ترکیبیں اور بندشیں ایسی ہیں۔ جو ہندوؤں۔ جوگیوں۔ بودھیوں اور جینیوں کی مذہبی رسوم و اصول کی حامل ہیں۔ اُن کے مطالب و معانی اُردو میں دینے ممکن نہیں ہیں۔ ہم نے اُن کے اصل معانی ساتھ دے دیئے ہیں۔ اسی طرح جہاں دنیوی محبت اور خواہشات نفسانی سے متعلقہ الفاظ آئے ہیں۔ ہم نے جان بوجھ کر اُن کے مفہوم شستہ اور پاکیزہ زبان میں دیئے ہیں۔ اور عام فہم۔۔۔ معانی دینے سے گریز کیا ہے۔ جیسے عورت کی محبت کو محبت۔ عشق حقیقی۔ پریم جیسے الفاظ میں دیا ہے۔

راونا۔ سیج۔ بھتار۔ بھوگ۔ بھوگنا وغیرہ الفاظ کے معانی دیتے وقت مباشرت یا ہمبستری جیسے گھٹیا الفاظ دینے سے احتراز کیا ہے۔ اور ان کی جگہ خوشی حاصل کرنا۔ واصل ہونا۔ محظوظ ہونا وغیرہ دیئے ہیں۔

کئی ایک الفاظ یا ترکیبیں بار بار آتی ہیں۔ جیسے:۔

نام (ذکر خدا) دان (خیرات) پُن (ثواب) گُن (اوصاف) اوگن (عیوب۔ گناہ) صفت صلاح۔ صالاح (صفت ثنا) وغیرہ۔

ہندوؤں کے تین افضل دیوتا۔ برہما۔ بشن۔ مہیش۔ یا برہما۔ وشنو اور شو بار بار آتے ہیں۔ اسی طرح تین دُنیا۔ تربھون یعنی زمین۔ آسمان اور پاتال؛ اسی کو ترلوء۔ یا آکاس۔ مرت پیال بھی کہا گیا ہے۔

ترگُن یا تین عادات: رجو۔ تمو۔ ستوگُن۔

چہار اقسام پیدائش:۔ انڈج - جیرج - سیتج اور اُت بھجؔ خداوند کریم کے صفاتی نام اکثر آتے ہیں۔ جن میں سے

اننت (لا حد و شمار)

اپار

اپرنپار

نربھو ——— نڈر - بے خوف - بیباک

اگم (نارسا - ناقابل رسائی)

اگوچر (فہم و فراست سے بالاتر - لا یعقل)

الکھ (نہ سمجھا جانے والا) سرحدِ ادراک سے پرے

نرمل - نرمل - نرنجن - نرمائل (آلائش دنیوی سے پاک)

انہت - انحد - انہد - سبد - روحانی آواز یا سرود جو کسی سازو مضراب کے بغیر پیدا ہو۔

دسواں دوار یا دسم دوآر - تمام حواس سے بالاتر

نج گھر یا اپنا گھر - مقام حقیقی - مقام اعلیٰ

اس جہاں اور دوسرے جہاں کو کئی ایک استعاروں و تشبیہات سے موسوم کیا ہے - جیسے

ات اُت (یہاں اور وہاں)

ہلت پلت "

پیکے - ساہورے "

پیوکڑے - ساہڑے "

ایہا - اوہا

جنم مرن - پیدا ہونا اور مرنا - آنا و جانا کو بھی کئی جگہ ان اسماء سے یاد کیا گیا ہے۔ جیسے

آء جاء ، آئے جائے ۔ آوت ۔ جات ۔ جنم مرن ۔ آون ۔ جان ۔ جن مرن ۔

دنیا کے سمندر یا بھوجل ۔ بھوساگر کو بحرِ وجود کے معنی میں لکھا گیا ہے ۔ اور اس سمندر کو پار کرنے کو ترنا ۔ تارے ۔ تارن ہارا

ترسی تارے ۔

موت یا ملک الموت کو جم ۔ جمدر ۔ جم دوت ۔ یم ۔ یمدوت ۔ یمراج ۔ جم جندار ۔ جم کنکر ۔

اور موت کے مقام کو جم پُر ۔ جم پُری ۔ جم لوک کہا ہے ۔

موت کے پھندے کو جم پھاس ۔ جم پھاسی ۔

موت کی سزا کو جم جاگات ۔ جم جوہہ وغیرہ ۔

بڑھاپا اور موت :۔ جرا مرا ۔

دنیوی رشتہ داروں میں سے چند ایک کے نام بار بار آتے ہیں ۔ جیسے :۔

مات ۔ ماء ۔ ما ۔ مائی ۔ پِتا ۔ کلّ ۔ کلتر ۔ پتر کلتر ۔ سُت ۔ بھراتا ۔ بھین ۔ دھن ۔ میت ۔ میتا ۔

خدا انسانی روح کا مالک ہے ۔ اُسے اکثر جگہ ۔

خصم ۔ سوہ سہُہ ۔ پت ۔ پتی ۔ بیلی ۔ سنگی ۔ ساتھی ۔

مختلف ازمنہ کو یوں رقمطراز کیا ہے :۔

آد ۔ جگاد ۔ جُگ جُگ ۔ جُگانتر ۔ جگنتر

چار جُگ یہ ہیں :۔ ست جُگ ۔ ترتیا ۔ دوآپر ۔ کلجُگ ۔

چار بید ۔ سام ۔ رِگ ۔ یجر اور اتھرو بید ۔

پانچ حسِ سفلی :۔ کام ۔ کرودھ ۔ لوبھ ۔ موہ ۔ ہنکار ۔

حرص غصّہ لالچ دنیوی محبت خودی غرور

ہومے ۔ اہنکار ۔ ہَوَ ۔ انسان کی خودی ۔ انانیت ۔ غرور ۔ تکبر ہے ۔

دُنیا سے نجات پانے کو مُکت۔ نِستارا۔ نِوارے کہا ہے

کئی ایک دوہرے الفاظ یکجا آئے ہیں۔ جیسے آفتاب و ماہتاب ، رو سس۔ سُورچند۔ سُورچندر۔ چندسور۔

دن رات ــــــــــ اِہ نِس

ہر روز — اَن دِن

سدا — دِہ رات

ہمیشہ — دِن رات

رین دِنس

رین دِوس

دِوس رات

بنانا۔ بگاڑنا } دھاہ اُسارے

پیدا کرنا۔ فنا کرنا } تھاپ اُتھاپ

مار جواء

اُپاء چلاء

دِل کو کئی ناموں سے موسوم کیا ہے:ــــ

دِل یا — من۔ منوا۔ منو۔ منے۔ منوہ

دِل ہیں — گھٹ۔ گھٹ گھٹ۔ انتر۔ بِدوے۔ ہردے۔ ابجھ۔

محبت۔ عبادت اور بندگی

بھگت بھاؤ۔ بھؤ۔ بھے۔ بھاؤ پریم۔ پریت

جسم کیلئے۔

سریر۔ دیہہ۔ دِہ ۔ دیہی۔ پنڈ۔ کایا۔ کائیا۔ بھانڈا

بھولنا بھلانا

وِسر۔ وِسار۔ وِساریا۔ بسار۔ بسریا۔ بساریا۔ ویلرے۔ بسارے۔ وِسریا۔

کہنا۔ عرض کرنا } بھنت۔ پرنوت۔ کہت۔ کہہ۔ دکھانے۔ بکھاتے۔ آکھے

دُعا کرنا } بماکھے۔ بولے۔ بتؤ۔ بینتی۔

نظر کرم کرنا } ندرکرے۔ ندری ندرنہال۔ نہالے

دیکھنا } دِسٹ۔ دِسٹی۔

جوگیوں کے متعلقہ الفاظ جوگ۔ یوگ۔ جوگی۔ مُنڈا۔ کھنتا

جھول۔ ڈنڈا۔ بھبوت۔ بھسم۔ بھیکھ

دسواں دُوآر۔ سِنگی۔ ناد۔ چکر۔ ہٹھ یوگ

اِڑا۔ پنگلا۔ سکھمنا۔ نودرواجے

انہت سبد۔ ینول۔ دھوتی۔ سُن سمادھ

بیوقوف۔ جاہل۔ مُورکھ کے لئے مُورکھ۔ نگدھ۔ گاوار۔ گوار۔ گنوار

بھرم بھلانا۔ ایانا۔

دانا۔ عاقل کے لئے پنڈت۔ سیانا۔ داتا۔ بینا۔ چتر۔ چاتر

جوسی۔

بیوپار کے متعلق واپار۔ واپاری۔ واپارا۔ ونج۔ ونجارا

ساہ۔ ہاٹی۔ توٹ۔ گھاٹ۔ لاہا۔

ہاٹ پٹن۔ پاتی۔ پانتی۔ پتن۔ ساتھ۔ لدے

لوہتھ۔ بیڑا۔ تلہہ۔ بھیڑ۔

قربان جانا

بل جاؤ۔ بل بل جاؤ۔ کھن سی لے وتھیا۔ بلہارے۔ بلہاری واری جاؤ۔

دُنیا پاسہ چوپٹر کا کھیل ہے: پاسہ۔ چوپٹر۔ سار۔ ساری۔ کھیلہہ۔ کھیلن ہار باجی۔ ہار۔ جیت۔ بازی گر۔

جگہ۔ مقام کے لئے: ٹھاء۔ ٹھان۔ ٹھاء۔ ٹھائی۔ ٹھور۔ ٹھان۔ ٹھاؤ۔

ماسوائے خدا کے دُوسری محبت دُنیوی محبت: دوجی۔ دُوجا۔ دُوجے۔ بیا۔ دوء۔ دُونی۔ دُبدھا۔

ایسی دُوسری محبت میں مُبتلا:۔ ڈومتی۔ ڈوہاگنی۔ من مکھ۔

چند ایک حروف: تو۔ اِب۔ جت کت۔ کِس بدھ۔ کو۔

کئو۔ کِو۔ کِوکر۔ کو۔ کوُ۔ سے۔ کائی

ادر۔ اُوپر۔ اُپر۔ تچر۔ اُچر۔ جو۔ جئو

سمندر۔ آب۔ دریا تالاب اور متعلقہ الفاظ: جل۔ ساگر۔ سروور۔ سر۔ رتناگر ہنس۔ بگ۔ مانک۔ موتی۔

جل تھل اور پئیال۔

یعنی سمندر۔ ریتلے میدان اور پاتال

دھرت۔ اکاس۔ جبیٹل۔

زمین۔ آسمان اور خلا

نیسان

پروانہ - سند - توقیع } وغیرہ کے لئے بار بار آیا ہے۔
نشان معانی - پٹہ

مذکورہ بالا تفصیلات ہم نے محض اس لئے دی ہیں تاکہ قارئین کرام ان الفاظ کو بار بار متن میں آتا دیکھ کر اُن کے معانی و مفہوم کو اچھی طرح سمجھ سکیں۔

صفحات فرہنگ

ہم نے متن کے پچھلے ہر صفحہ پہ الفاظ پہ ۱ - ۲ - ۳ وغیرہ اعداد کے نشان لگا کر اسی صفحہ کے پیچھے انہی اعداد کے زیر ان مشکل الفاظ کے معانی دیئے ہیں۔ اکثر ایسا ہُوا ہے۔ کہ جو الفاظ پہلے صفحہ پر آئے ہیں۔ اُن میں سے کئی پھر دوسرے صفحہ پر بھی آ گئے ہیں۔ ہم نے ہر مشکل لفظ کے معنی ہر صفحہ پر دے دیئے ہیں۔ تاکہ اگر کوئی کسی صفحہ سے ہی کلام ربانی کو پڑھنا چاہتا ہے۔ تو بخوبی سمجھ سکے۔ اور اُسے پچھلے صفحات کو اُلٹنے کی ضرورت محسوس نہ ہو۔ اس طرح ہر صفحہ اپنے آپ میں لغت ہے۔ ایسا قارئین کرام کی آسانی کے پیش نظر کیا گیا ہے۔

جیسے کہ :-

فہرس راگ و سبد

شروع میں ہم کلام نانک میں جتنے راگ استعمال کئے گئے ہیں۔ ان کی فہرس دے دی ہے۔

اسی طرح ساتھ ہی تمام سبدوں کو بالترتیب فہرس میں درج کر دیا ہے تاکہ کسی بھی سبد کو اسکے اگلے صفحہ کے پیچھے دیئے ہوئے صفحہ پہ بآسانی عام بار بار آنے والے الفاظ کے معانی متعلقہ صفحہ پہ بھی دے دیئے گئے ہیں۔ تاکہ قارئین کرام کہیں سے بھی مطالعہ یا تلاوت کریں۔ تو انہیں مشکل درپیش نہ آئے۔

جیسے :-

کام ——— حرص - نفسانی خواہش

کرودھ ——— غصّہ - طیش

لب - لوبھ ——— لالچ - حرص

موہ ——— دنیوی محبت دلگاؤ

ہومے اہنکار ——— خودی - انانیت - غرور

گیان ——— علم عرفان

دھیان ——— محویت - یکسوئیت

لِولاغ ——— محو و مستغرق

گھٹ گھٹ ——— ہر دل میں

اِہ نِس ——— دن رات - شب و روز ہمیشہ

اَن دِن ——— ہر روز متواتر - سدا

خصم - سوہ - سہُہ ——— شوہر - خاوند - مالک

سمال - سمر ——— یاد کر - حفظ کر

نام - ناء - ناوے ——— نام خدا - ذکر خدا

اوگن ——— رذائل - ذمائم

گُن ——— صفات حمیدہ

اُدھ ——— آسماں

ٹیپال ——— پاتال

ہر کیرت - ہرجس - صفت - صالاح ——— صفت و ثنا - توصیف و ثنا

صوبھا - سبھا ——— مدح سرائی - حمد - تعریف و توصیف

گھٹ میں - انتر - ہردے ——— دِل میں

نِرلا ——— کوئی ایک

بھانے۔ بھاوے ——— پسند آئے۔ اچھا لگے

کرت۔ کرم ——— پچھلے جنم کے اعمال کا حساب

مکت۔ ترے۔ چھوٹے } پار ہو۔ نجات پائے
چھوٹس۔ پار پرے }

سہج ——— رنج و راحت سے مبرّا کیفیت

اگنی۔ ترسنا ——— آگ۔ خواہشات نفسانی

سار ——— افضل۔ اعلیٰ ترین۔ خبر۔ اصل۔

مگدھ۔ مُورکھ ——— بیوقوف۔ نادان۔ ناسمجھ۔
۔ جاہل۔ اعمی۔

بھرم بھُلائے ——— وہم و گمان میں سرگرداں

سرنائی۔ سرنا۔ سرن ——— پناہ

ندر۔ ندری۔ ندر کرم ——— نظر کرم۔ لطف و کرم

چُوکے۔ نسنارے ——— دُور کرے۔ مٹائے

دُبدھا ——— تذبذب۔ فکر و اندیشہ

مائیا ممتا ——— دنیوی محبت۔ لگاؤ۔ تعلق

گبار۔ گہر گیارا ——— غبار۔ اندھیرا۔ تاریکی

بکھ۔ دکھ۔ کل دکھ ——— زہر۔ دنیا۔ مائیا۔ خواہشات نفسانی۔ بداعمال

پُوری کوشش کی گئی ہے۔ کہ تمام مشکل الفاظ و ترکیبات کے معانی ساتھ ساتھ دیئے جائیں۔ حرف و لفظ کے مطابق مختلف الفاظ دیکھا جا سکے۔

کے مفہوم و مصادر بھی دیئے گئے ہیں

جہاں کسی مصرع کی مجموعاً تشریح کی ضرورت محسوس ہوئی ہے۔ وہاں اس مصرع کی مفصل تشریح دی گئی ہے۔

نشان + - = یہ دیئے گئے ہیں۔

اُمید ہے " کلام نانک" طلبگاران روحانیت اور متلاشیانِ حق کے ذوق توجہ کا مستحق و مرکز بن سکیگا۔ اور گورونانک کے کلام ربانی سے اردو داں حضرات بخوبی مستفید و فیضیاب ہو سکیں گے۔ اگر ایسا ممکن ہو سکا۔ تو ہم سمجھیں گے۔ ہماری محنت و کاوش کی داد مل گئی۔

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

سکھ سہج نواس

اجیت نگر پٹیالہ

۳۱ر اگست ۱۹۷۱ء

جیت سنگھ سیتل

فہرس راگ ہا

فہرس سبدھا

کلام نانک

بمعہ

فرہنگ

بانی گورونانک دیو جی

اِبتدائیہ

گورونانک صاحب کی تمام زندگی ایک عظیم اَدبی رَو تھی۔ ایامِ طفلی میں ہی اُن کی رُوح کے اندر سے اَدب کے آبِ حیات کی دھارا خُودرَو چشمے کی طرح پھوٹ نکلی تھی۔ "جپ جی صاحب"۔ "سِدھ گوشٹ"۔ "دَکھنی اونکار"۔ "آسا دی وار"۔ "ماجھ دی وار"۔ "ملہار دی وار"۔ "پٹی" اَور "بارہ ماہا تکھاری" جیسی طویل تخلیقات نیز ۸۷۵ منفرد "شبد" مختلف مواقع پر موسیقی کی تانوں میں گورو صاحب کے لحن سے ادا ہوئے۔ گورو صاحب کی مُتذکرہ صدر تمام تخلیقات "آدگرنتھ" کے اندر انیس ۱۹ راگوں میں محفوظ ہیں۔

گورُو نانک صاحب شاعری اَور موسیقی کا مجسمہ تھے "جنم ساکھیوں" کے۔ جو گورُو صاحب کی زندگی کا تاریخی ماخذ ہیں۔ مطالعہ سے پتہ چلتا ہے۔ کہ آپ جس ماحَول میں بیٹھ کر اپنی کوئی تخلیق خوش اَلحانی کے ساتھ چھیڑتے تھے۔ وُہ پاک وصاف ہو کر اپنی روحانی ضیاء میں دمک اُٹھتا تھا۔ ایک عظیم شاعر کی یہی علامت ہے۔ کہ وُہ سامعین کے دل و دماغ میں ایسی پوشیدہ کپکپاہٹیں پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ جن میں محو ہو کر وُہ اپنے اشعار کی تخلیق کرتا ہے۔ موسیقی خدنگِ شعر کے لئے سوفار مہیا کرنے کا کام دیتی ہے۔

"جنم ساکھیوں" کے تجزیاتی مطالعہ سے گورو صاحب کی زندگی تاریخی پہلو سے تین حصّوں میں مُنقسم نظر آتی ہے۔ پہلا حصہ ۱۴۶۹ء تا ۱۴۹۷ء یعنی اٹھائیس سالہ خانگی زندگی۔ دُوسرا حصہ ۱۴۹۷ء تا ۱۵۲۱ء یعنی چوبیس برس کی سیاحت پر مشتمل زندگی اَور تیسرا حصّہ ۱۵۲۱ء تا ۱۵۳۹ء یعنی اٹھارہ سال کا عرصہ، کرتارپور میں گذری مجلسی زندگی۔ آپ کا تمام تر اَدبی ذخیرہ متذکرہ بالا تاریخی پس منظر میں تخلیق ہُوا ہے۔ اوّلین دَور کے حصّہ ادب میں حیات۔ رسومات اور خیالات۔ جن میں والدین اور متعلقین نے آپ کو داخل کیا۔ یا جیسے

کی ترغیب دی۔ پر روحانی پہلو سے تنقید کی گئی ہے۔ اور زندگی کی تمام رسومات وخیالات کو "منظوم تمثیل" کی شکل میں روحانی بلندیوں تک پہنچنے کے لئے وسیلہ کے طور پر پیش کیا ہے۔ دوسرے حصّہ کے ادب میں آپ نے مروّجہ نظریات۔ رسومات اور عقائد و مذاہب پر بے ضرر لیکن پُر اثر تنقید کی ہے۔ چاروں سیاحتوں کے دوران میں آپ کا جوگیوں۔ پنڈتوں۔ بودھیوں۔ جینیوں۔ صوفیوں اور قاضیوں وغیرہ کے ساتھ رابطہ پیدا ہُوا۔ اُن کے ساتھ تبادلۂ خیالات کے دوران تخلیق کردہ ادب میں مروّجہ نظریات کا تجزیہ کر کے آپ نے حیاتِ انسانی کی کامرانی کے لئے راہِ راست دکھائی ہے۔ تیسرے حصہ کے ادب میں معاشرتی زندگی کی منزل اور کامیاب حیاتِ انسانی کے ارتقاء کو مُتشکّل کیا ہے۔

گورونانک صاحب کا جنم کارتک پورنماشی کو ۱۴۶۹ء میں بہ مقام رائے بھوئے کی تلونڈی ضلع شیخوپورہ۔ مغربی پنجاب (پاکستان) ہُوا۔ آپ کے والد صاحب کا اسم گرامی مہتہ "کالُو" اور والدہ محترمہ کا نام نامی "ترپتا" تھا۔ شیخوپورہ کی "بار" کے اس پرگنہ میں رائے بھلّی کی حکومت تھی۔ اور وُہ صوفیانہ خیالات و نیک عادات کا حامل حکمران تھا۔ اس لئے پرگنہ ہذا میں مسلمان صوفیوں اور ہندو مہاتماؤں کی بہت آمد و رفت رہتی تھی۔ گورو نانک صاحب بچپن میں اِن سنتوں اور فقیروں کی صحبت میں رہا کرتے تھے آپکے تبلے اور شیریں قوال کی تمام فرقوں کے سنتوں اور فقیروں میں جلد ہی چرچا ہونے لگی۔ اس امر پر جنم ساکھی کے درج ذیل الفاظ روشنی ڈالتے ہیں۔

"ہندو کہن جو کوئی دیوتا سروپ پیدا ہویا ہے
اُتے مسلمان کہن جو کوئی خدائے دا صادق پیدا ہویا ہے۔"

گورو صاحب کی پہلی شعری تخلیق، جس کے آخر میں آپ نے خود کو "نانک شاعر" لکھا ہے۔ "راگ آسا" میں "پٹی" ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ جنم ساکھی میں "پٹی پاندھا" کے زیرِ عنوان اس نظم کی تخلیق کا تاریخی پس منظر اس طرح درج ہے:۔

جب بابا برساں ستاں کا ہویا، تب کالو کہیا نانک تُوں پڑھ۔ تب گورونانک کنوں پاندھے پاس لے گیا۔ کالو کہیا پاندھے۔ اس نُوں پڑھاء۔ تب پاندھے پٹی لکھ دتی اکھراں پینتیس ۳۵ کی جا رتی۔ تب گورو نانک لگا پڑھن۔
راگ آسا وچ پٹی۔ م۔ ا۔ آدِ بانی ہوئی۔"

اِس کلام (دباتی) میں پنجابی کے پینتیس حروف ہجی کی ترتیب پر ۳۵ "بندوں" کے ذریعہ خدا کی ہستی پر یقین لاتے، اپنے تمام کام خوفِ خدا کے تحت کرنے اور راضی بہ رضا رہنے کے راز سے آگاہی حاصل کرنے کو ہی اصل تعلیم کہا گیا ہے۔

پانڈے (پنڈت) کی تعلیم کے بعد دوسرا اہم واقعہ "جنیؤ سنسکار" یعنی رسمِ زُنّار پوشی کا ہے۔ جب آپ کی عمر بارہ سال کی ہوئی۔ تو آبائی روایت کے مطابق جنیؤ پہنانے کی رسوم کا اہتمام کیا گیا۔ تمام لوازمات مہیا ہونے پر "بیدی خاندان" کا پروہت، ہردیال یہ رسم ادا کرنے اُن کے ہاں آیا۔ گورو صاحب نے اُس سے مؤدبانہ خطاب کر کے محکم اَور دائمی جنیؤ کی تعلیم اَور مروّجہ رسومات کی قیود سے رہائی کی ترغیب دی۔ آپ نے فرمایا:-

دیا کپاہ سنتو کھ سوت	جت گنڈھی ست وٹ
ایہہ جنیؤ جی کا	ہئی تاں پانڈے گھت

اِن تخلیقات سے پرگنہ کے ادبی اَور مذہبی حلقوں میں بابا صاحب کا تذکرہ عام ہونے لگا۔ ایک طرف ہندو بزرگ اَور مسلمان فقرأ تصدق ہونے لگے اَور دُوسری جانب رائے بلار بھٹی، جو شہر کا حاکم تھا، بابا صاحب پر نثار ہونے لگا۔ جنم ساکھی کے مطابق اُس نے مہتہ کالو صاحب کو بُلا کر کہا:-

"کالو مت اِس پتّر کو بھٹ منہ دیندا	ہووِیں، ایہہ جہا پُرکھ ہے، اِس دا سدکا میرا شہر
وسدا ہے، ہم تُوں وی نہال ہوا آتے ہیں وی	نہال ہاں، جِس دے شہر وِچ ایہہ پیدا ہوا آ

تب کالو آکھیا، جی خدا دیاں خدا جانے۔" (پُراتن جنم ساکھی)

گورو صاحب کے والدِ محترم مطمئن نہیں تھے۔ وہ اپنے فرزند کو کسی کاروبار میں مصروف دیکھنا چاہتے تھے۔ اُن کا خیال تھا۔ کہ کھتری بیٹے کا کام، کمائی کے ذریعہ دولت میں اضافہ کرنا ہوتا ہے۔ اِسی مقصد کے پیشِ نظر وہ بابا نانک صاحب کو کھیتی باڑی، تجارت یا ملازمت میں سے کوئی موزوں اَور پسندیدہ پیشہ منتخب کر لینے پر آمادہ کیا کرتے تھے۔ لیکن ایک روز تمام خاندان حیرت زدہ رہ گیا۔ جب بابا صاحب کو دولتِ دُنیا کمانے کے نظریہ کی مخالفت میں عالمِ محویت میں جھُوم جھُوم کر یہ گاتے سُنا:-

"بابا مایا ساتھ نہ ہوئے   اِن مایا جگ موہیا

وِرلا بُجھے کوئے ——— رہاؤ۔"

والد صاحب کسی کام میں لگانا چاہتے تھے۔ لیکن اُن کی اُمیدوں کے خلاف بابا صاحب تمام کام دھندوں سے اُچاٹ اور

اداس رہنے لگے۔ محوِ خیالات رہنے کے باعث بابا صاحب نے کھانا پینا بھی ترک کر دیا۔ نتیجتہً سب کو آپ کے کسی مرض میں مبتلا ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ فکرمند باپ، کالو صاحب طبیب کو بُلا لائے۔ اُس نے نبض دیکھ کر مرض معلوم کرنے کی کوشش کی مگر آپ محتاط ہو کر بیٹھ گئے۔ اور طبیب سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ میرا مرض اندرونی ہے۔ اس کی کسک کلیجے میں ہے۔

"وید بلایا ویدگی پکڑ ڈھنڈولے بانہہ

بھولا وید نہ جانئی کرک کلیجے مانہہ"

اس طرح بابا نانک صاحب کے ابتدائی اٹھارہ برس رائے بھوئے کی تلونڈی میں گزرے۔ اب آپ کے والدِ محترم نے "جے رام" (جو گورو نانک صاحب کے بہنوئی تھے) کے ذریعہ خاص کوشش کر کے سلطان پور کے لودھی نواب کی سرکار میں آپ کی ملازمت کا انتظام کر دیا۔ آپ سلطان پور آ گئے۔ اور ابتدائی زندگی کا دوسرا حصّہ یہاں بسر کیا۔ جدید تاریخی تحقیق کے مطابق گورو صاحب نے بحیثیت مودی سلطان پور میں دس برس گزارے۔

روزگار کا انتظام ہوتے ہی باپ نے اس طائر لاہوتی کو قیدِ قفس میں ڈالنے کی نیت سے جون ۱۴۸۸ء میں گورو نانک صاحب کی شادی بٹالہ کے کھتری مول چند کی صاحبزادی سولکھنی کے ساتھ کر دی۔ جن کے بطن سے جولائی ۱۴۹۴ء اور فروری ۱۴۹۶ء میں علے الترتیب گورو صاحب کے ہاں دو صاحبزادے سری چند جی اور لکھمی داس جی تولّد ہوئے۔ فرزند تولّد ہونے پر "شاستروں" کی رسم کے مطابق گھر میں "سوتک" منایا جاتا دیکھ کر آپ نے اوہام کی اس تاریکی کو مندرجہ ذیل "شبد" کے ذریعہ دور فرمایا:۔

" سبھو سُوتک بھرم ہے دوجے لگے جائے

جمن مرنا حکم ہے بھانے آوے جائے

کھانا پینا پوتر ہے دِتن رزق سنبھا ہے

نانک جنی گرمکھ بجھیا تنا سُوتک ناہے ۔"

اِس طرح خانگی زندگی کو خداداد بنا کر آپ نے اس کی پیچیدگیوں کو سادگی میں تبدیل کر دیا۔ اِس طور وقت گزرتا گیا۔ ان کی روزمرّہ زندگی "پُراتن جنم ساکھی" میں مختصر طور پر ذیل کے مطابق درج ملتی ہے:۔

"جو کچھ اُوپھا (تنخواہ کے علاوہ رسد) گرُو جوگ ملے،

سو کھاوَے، ہور پرمیسر تے اَرتھے دیوَے اتے نِت پرت

رات کِیرتن ہووَے۔" (پُراتن جنم ساکھی - صفحہ ۱۶)

اِس پُرسکون زندگی میں ایک روز اچانک مدّوجزر پیدا ہؤا۔ سلطان پور میں یہ خبر جنگل کی آگ کے مانند پھیل گئی۔ کہ بابا نانک بیئیں ندی میں ڈوب گئے ہیں۔ ہندو مسلم عوام۔ نواب اور رعیت۔ پنڈت اور قاضی، سب اس خبر سے بے چین ہو اُٹھے کیونکہ گزشتہ برسوں کے دوران گرو صاحب نے سلطان پور کے تمام باشندگان کے دلوں میں اپنا خاص مقام پیدا کر لیا تھا۔ پورا سلطان پور ماتم کدہ بن گیا۔ آخر جب تمام لوگ مایوس ہو کر آمادۂ صبر و قرار ہوئے۔ تو شہر میں دوبارہ چرچا ہونے لگی۔ کہ بابا نانک شمشان میں بیٹھے ہیں۔ اور زبان سے "نہ کوئی ہندو نہ مسلمان" کے الفاظ مسلسل جاری ہیں۔ یہ آواز ہندو اور مسلمان دونوں کو اکھرتی تھی۔ ———— دونوں فرقوں کے لوگ بابا صاحب کی حالت دیکھ کر کہنے لگے۔ فقری رجحانات رکھنے کے باعث یہ مجذوب (دیوانہ) ہو گیا ہے۔ بعض نے "بھوت سوار" ہونے کی بات بھی چلائی۔ سلطانپور شہر کے باشندگان کی طرف سے کی جا رہی ان چہ میگوئیوں کو گرو صاحب نے اپنے مخصوص انداز میں ڈوب کر راگ "مارو" کے سُروں میں مندرجہ ذیل کے مطابق گایا۔

"کوئی آکھے بھوتنا کو کہے بے تالا

کوئی آکھے آدمی نانک ویچارا"

پندرھویں صدی میں اِسلام حکمران مذہب تھا۔ اِس لئے سیاسی اقتدار کے سہارے مُلّاں حضرات معمولی معمولی باتوں کو خلافِ شرع قرار دے کر رائی کا پہاڑ بنا سکنے کے اہل تھے۔ "نہ کوئی ہندو نہ مسلمان" کے نعرے کو مُلایانِ مسجد نے سخت ناپسند کیا۔ اور بابا صاحب سے کہا۔ کہ اگر وہ ہندو نہیں۔ تو مسجد میں آ کر نماز پڑھیں۔ تمام "جنم ساکھیوں" میں مذکور ہے۔ کہ آپ مسجد میں گئے۔ وہاں جب آپ نے عالمِ بے خودی میں خوش الحانی کے ساتھ سچّے مسلمان کی تعریف و توصیف بیان کرتے ہوئے، مسجد۔ مصلّےٰ۔ کلمہ اور صوم و صلاۃ وغیرہ کی تشریح فرمائی۔ تو نواب۔ قاضی اور شہر کی تمام مسلم آبادی سب عش عش کر اُٹھے۔

جہ میت بیدک مسلا

نہک بلال قُران

سرم سنت بیل روجا

ہوہُ مسلمانُ

کرنی کابا سچ پیرُ کلما کرم نواج

تبہی سانئیں بھاوسی، نانک رکھے لاج۔"

لوگوں کے پوچھنے پر آپ نے "ذاتِ لافانی" (خدا) کی تصویر مندرجہ ذیل الفاظ میں پیش کی:۔

"اِک اونکار ست نام کرتا پُرکھ نربھو اکال مورتِ

اجونی سے بھنگ گُر پرسادِ۔"

اِن الفاظ کو سکھ فلسفہ میں "مُول منتر" کہا جاتا ہے۔ "مُول منتر" پڑھ کر آپ نے "سری راگ" میں ذاتِ لافانی کی لامحدودیت اور اُس کی توصیف بیان کرنے میں اپنی بے چارگی کو اس طرح پیش کیا ہے:۔

پونُ ہی اَنُ اپ آدُ

چند سورج دوئے گپھے نہ دیکھا

سپنے سنوُن نہ تھاؤ

بھی تیری قیمت نہ پوَے

ہوُ کیوڈ آکھا ناؤ۔ ا۔"

گورُو صاحب نے فرمایا۔ میرا آئندہ کام خدا کی تعریف و توصیف بیان کرتے میں معروف رہنا ہے۔ مالک نے مجھے بلا کر شب و روز یہی کام کرتے رہنے کا حکم دیا ہے۔ میں اب تک بیکار تھا۔ مگر میرے آقا نے اب مجھے مستقل کام پر لگا دیا ہے:۔

ہنوڈ ڈھاڈی دے کاڑ کارے لائیا

رات دیہے کے وار دُھرڈ پھرمائیا۔" (وار ماجھ)

اٹھائیس برس کی عمر میں گورو نانک صاحب نے دنیا کی سیاحت کا آغاز کیا۔ سیاحت کے دوران "مردانہ" ربابی (مطرب) گورو صاحب

کا ہمسفر رہا۔ خود بابا نانک صاحب مُغنی تھے۔ اور "مردانہ" اُن کا سازندہ۔ بابا صاحب کی روانگی سفر کا ذکر بھائی گورداس نے اس طرح

کیا ہے:۔

" بابا دیکھے دھیان دھر

جلتی سبھ پرتھوی دس آئی۔

باجھ گُرو گُبار ہے

ہے ہے کردی سُنی لکائی

بابے بھیکھ بنائیا

اُداسی کی ریت چلائی

چڑھیا سودھن دھرت لکائی (۲۱)۔" (وار ۱)

گورو صاحب کی عمر کا دوسرا حصہ سیاحانہ زندگی پر مشتمل ہے۔ آپ کی چار سیاحتیں تاریخ میں بہت مشہور ہیں۔ ان کا زمانہ ۱۴۹۷ء تا

۱۵۲۱ء مجموعی طور پر چوبیس برس ہے۔

" جنم ساکھی" میں ان چاروں سیاحتوں کو مشرقی، مغربی، شمالی اور جنوبی جوانب و اطراف کے مطابق لکھا گیا ہے۔ گورو صاحب کی سوانح حیات

کے بعض محققین نے ان کو ہندو تیرتھوں، جینی اور بودھی مقامات، سدھوں اور جوگیوں کے مٹھوں اور اسلامی مراکز کی "سیاحتوں"

کا نام دے کر الگ الگ نظریات کی بنیاد پر تقسیم کیا ہے۔ تمام تحریروں کے گہرے مطالعہ اور تجزیہ کے بعد زمانۂ سیاحت کی تقسیم

درج ذیل کے مطابق ثابت ہوتی ہے۔

پہلی سیاحت ۱۴۹۷ء تا ۱۵۰۹ء

دوسری سیاحت سنہ ۱۵۱۰ء تا سنہ ۱۵۱۵ء

تیسری " سنہ ۱۵۱۵ء تا سنہ ۱۵۱۷ء

چوتھی " سنہ ۱۵۱۷ء تا سنہ ۱۵۲۱ء

پہلی سیاحت ۱۴۹۷ء میں سُلطان پور لودھی سے شروع ہوتی ہے۔ اس سیاحت کے دَوران گورو صاحب ہندو تیرتھوں پر تشریف لے گئے۔

بھائی گورداس نے اِس سے متعلق اختصار کے ساتھ یوں لکھا ہے:-

" بابا آیا تیرتھیں، تِیرَتھ پُورَبْ سبھے پھِر دیکھے۔"

(وار اوّل۔ پوڑی ۲۵)

اہم مذہبی مقامات پر پہنچ کر آپ نے بے معنی رسُومات۔ روایات۔ عقائد اور اوہام کو رَدّ کیا۔ کھانے پینے کی پابندیوں۔ اسلاف پرستی۔ بُت پرستی اور سامانِ پرستش پر کڑی بندشوں سے متعلق تفہیمی اور تعمیری نکتہ چینی کرتے ہُوئے مفید اور نیک مشورے دیئے۔ اس سیاحت کی خاص خاص اور قابلِ ذکر منازل کورو کشیتر۔ پہیوا۔ ہردوار۔ دہلی۔ متھرا۔ بندرابن۔ اجودھیا۔ پریاگ۔ بنارس۔ پٹنہ۔ گیا۔ راج محل۔ مالدیو۔ ڈھاکہ۔ دھن پور۔ دھوبڑی۔ چٹاگانگ۔ منی پور۔ کلکتہ اور جگن ناتھ پوری وغیرہ ہیں۔ آپ کی واپسی دِتّد ھیا پردیش۔ مدھیہ بھارت اور راجستھان میں سے جبل پور۔ چِتر کوٹ۔ چندیری دکھنی۔ جھانسی۔ گوالیار۔ جھنجھر۔ جیند اور جگراؤں وغیرہ مشہور مقامات کے راستے ہوئی۔

کوروکشیتر "ویشنو" عقائد کے حاملین کا گڑھ تھا۔ ایک مقام پر پنڈتوں نے گوشت خوری کے خلاف بحث چھیڑی۔ گورو صاحب نے گوشت اور سبزی کے فرق کو سائینسی ڈھنگ سے پیش کرتے ہُوئے فرمایا:-

"ماسُ ماسُ کر مُورَکھُ جھگڑے

گیان دِھیان نہیں جانے

کَوَنُ ماسُ کَوَنُ ساگ کہاوے

کِسُ مہہ پاپ سمانَے۔"

ہَر دوار اسلاف پرستی کا تیرتھ ہے۔ یہاں گورو صاحب نے پنڈے پجاریوں، کے دام اوہام کو ادبی طنز کے ذریعہ تار تار

کیا۔ ہردوار کا تاریخی طنز، کہ گورو صاحب نے سورج کو پانی دے رہے لوگوں کو سمجھانے کے لئے مخالف سمت میں، پنجاب کی کھیتی کو پانی دینے کا دلچسپ کھیل رچایا۔ تو بہت مشہور واقعہ ہے۔ لیکن آپ کے شاعرانہ طنز سے بہت کم لوگ محظوظ ہو سکے ہیں۔ آپ نے اسلاف پرستی کا الفاظی خاکہ بنا کر اس کا مضحکہ اڑایا ہے۔ "اگر کوئی شخص اپنے پڑوسی کی چیز چرا کر" پنڈے پجاریوں" کے ذریعہ اپنے آنجہانی اسلاف کے پاس عالم ارواح میں بھجوائے۔ اور وہاں اُس پڑوسی کے آنجہانی اسلاف بھی موجود ہوں۔ جو اپنے گھر سے چوری شدہ چیز کو پہچان لیں۔ تو نتیجتاً عالم ارواح میں یہ چوری پکڑی جائے گی"۔ گورو صاحب فرماتے ہیں۔ کہ — ایسی صورت میں انصاف یہ ہے۔ کہ وہ چیز پہچانے والے دلال یعنی پجاری کے ہاتھ بطور سزا کاٹ دیئے جانے چاہئے — اس طرح آپ نے ادبی طنز میں اسلاف پرستی کے دلال۔ پنڈے پجاریوں کو عبرتناک تنبیہ کی ہے۔

جے موہا کا گھر مُہے

گھر مُہہ پتری دے ء

اگے وستُ سِنجانیئے

پتری چور کرے ء۔"

بندرابن "کرشن لیلا" کا مقام ہے۔ یہاں لوگ تماثیل کے ذریعہ "اوتار پرستی" میں مصروف تھے۔ مذہب کے حقیقی معنی ان کی نظروں سے اوجھل ہو چکے دیکھ کر آپ نے ان کی رسمی "لیلا" کو "روٹی کارن پورے تال" کہہ کر ان کی نگاہوں کو خدا کی جھلک" تمام عالم" میں دیکھ سکنے کی بصیرت بخشی۔

اس کے بعد آپ ہندو مذہب کے مرکزی تیرتھ کاشی جی (بنارس) پہنچے۔ یہ تیرتھ ہندوؤں کی آخری رسومات کا مرکز ہے۔ یہاں پنڈت چترداس کے ساتھ آپ کا مباحثہ ہوا۔ ذیل میں پنڈت چترداس کا سوال اور گورو صاحب کا جواب "پُراتن جنم ساکھی" کے الفاظ میں پیش کیا جاتا ہے۔

" اے بھگت تیرے سالگ رام ناہیں، تلسی کی مالا

ناہیں، سالگ رام نال ہرنی ناہیں۔ گوپی چندن کا ٹکا ناہیں، تے توں بھگت

کہا نودا ہے۔ سو تُم کیا بھگت پائی ہے؟ تب بابے

آکھیا۔ مردانیا رباب وجاء۔ تاں مردانے رباب

وجائیا۔ راگ بسنت کیتا۔ بابے شبد اٹھائیا"

"سالگ رام بپ پوج مناوہو

سوکرت تلسی مالا

رام نام جپ بیڑا بادھ ہو

دیا کرہو دیالا۔

کاہے کلرا سینچہو جنم گواوہو

کاچی ڈھہگ دوالا

کاہے گچ لاوہو۔ رہاؤ۔"

اس طرح گورو صاحب نے "شریک کرم کانڈ" کو "کلر" (شورزمین) سینچنے سے تشبیہہ دے کر حقیقی باغبان یعنی خداوند تعالے کے حضور میں قبول ہونے کی خاطر کشتِ دل کو آبِ حیات سے سیراب کرنے کے لئے روحانی ریاضت کی تدبیر بتائی۔ پنڈت چترداس مطمئن ہوگیا۔ مگر اس نے گورو صاحب سے دوسرا سوال "جنم ساکھی" کے الفاظ میں یہ پوچھا:۔

"ایہہ جو اسیں سنسار کے تائی پڑاوتے

ہیں، اروا سیں پڑھنے ہیں۔ کچھ پراپت ہووے گا۔

پرمیسر کا ناؤ؟۔"

باشندگانِ کاشی۔ خصوصاً کاشی کے پنڈتوں کا یہ ایک اہم سوال تھا۔ اس کے جواب میں گورو صاحب نے "رام کلی" راگ میں جو ۵۴ پوڑیوں پر مشتمل طویل کلام بعنوان "دکھنی اونکار" ارشاد فرمایا۔ اس کلام کے آغاز میں خدائے عظیم کی ہمہ گیریت کا بیان کرتے ہوئے اصل سوال کا جواب "پاؤ کی ٹیک" میں مختصراً دیا ہے۔ باقی ۵۳ "پوڑیوں" میں تفصیل کے ساتھ بیان کے بعد ۵ ویں "پوڑی" میں جواب کا نچوڑ اس طرح دیا گیا ہے:۔

" پاڈھا گُرمکھ آکھیئے چاٹڑیا مَتِ دے ۓ

نامُ سمالہو نامُ سنگر ہو لاہا جگ مِہ لے ۓ

سچی پٹی سچُ مِن پڑیئے سبدُ سُسارُ

نانک سو پڑھیا سو پنڈِت بینا جس رامُ نام گلِ ہارُ۔ "

بنارس کے بعد آپ کی اگلی منزل "گیا" ہے۔ یہاں " ابگت " اسلافِ رفتہ کے "پِنڈ بھروائے" اور دیئے جلائے جاتے ہیں۔ یہاں کے پجاریوں نے گورو صاحب کو " پِنڈ بھروانے " اور دیئے جلانے پر آمادہ کرنا چاہا۔ آپ نے عوام الناس کی محبت میں محو ہو کر اس وہم کی دیوار کو درج ذیل "شبد" کے ذریعہ مسمار کیا:۔

" دیوا میرا ایکُ نامُ دُکھُ وِچ پائیا تیلُ

اُنِ چانِنِ اوہُ سوکھیا چُوکا جم سیُو میلُ۔ "

(آسا محلا ۱)

یہاں سے گورو صاحب ڈھاکہ۔ چٹاگانگ۔ آسام اور برما کا چکر لگاتے ہوئے "وِیشنو" فرقہ کے مرکز " جگن ناتھ " پہنچے۔ یہاں "وِشنو" کے بت کی پرستش ہوتی ہے۔ "سندِھیا" کے وقت بت کے سامنے بخور۔ چراغ۔ چنور۔ پھول اور خوشبودار اشیاء سے پجاریوں نے آرتی اُتاری۔ لیکن گورو صاحب آرتی میں شامل نہ ہوئے۔ پجاریوں نے بہت بُرا منایا۔ آپ نے اُن کی تسکینِ خاطر اور اطمینانِ قلب کے لئے خدائے کل کی سچی پرستش کی شعری تصویر پیش کر کے اُن پر حالتِ وجد طاری کر دی۔ تمثیلی صنائع اور تشبیہات کی یہ موزوں تصویر اہلِ ادب دوستوں کو ہمیشہ متاثر کرتی رہے گی۔

" گگن مے تھال رَوی چندُ دیپک بنے

تارِکا منڈل جنک موتی

دھُوپُ ملیان لو، پوَن چنوُرُ کرے

سگل بنرائے پھُلنت جوتی۔ "

(دھناسری محلا ۔ ۱)

اس طرح ہندوستان کے تمام مشہور ہندو مقاماتِ مقدسہ کی زیارت کر کے آپ ۱۵۰۹ء میں بارہ سال کی طویل سیاحت کے بعد تلونڈی واپس آئے۔ گھر میں تشریف لانے کی بجائے آپ آبادی سے باہر ویران مقام پر بیٹھے رہے۔ اور "مردانہ" گھر آیا۔ گورو صاحب کے والدین ابھی حیات تھے۔ اطلاع ملنے پر آپ کے والد صاحب ایک گھوڑا۔ کچھ کپڑے اور مٹھائی لے کر انہیں گھر لانے کے لئے وہاں پہنچے۔ "جنم ساکھی" کی شاعرانہ نثر ماں اور بیٹے کی ملاقات میں مادرانہ محبت کا حیرت انگیز منظر پیش کرتی ہے۔

" جاءِ بابے ڈِٹھا جو ماتا تے مردانہ آئے، تب بابا آءِ پیریں
پیا، تاں ماتا لگی بیراگ کرنِ۔ سِر چُمیوس
آکھیوس، ہئوں واری، جِھتے تُوں پھردا ہیں تِس تھاؤں
وِٹ ہئوں واری نِدھ تھال کینی مینوں آپنا منہہ
دِکھالیوں۔ " (جنم ساکھی صفحہ ۵۷)

گورو صاحب کی خانگی زندگی کی یہ آخری جھلک ہے۔ اس سیاحت کے بعد آپ نے "بھائی کروڑیہ" اور "بھائی دودہ" کی التجا قبول کر کے کرتار پور آباد کیا۔ آپ کا خاندان بھی وہاں پر ہی آ گیا۔ اور اس طرح رفتہ رفتہ خانگی زندگی کرتار پور کی مجلسی زندگی میں تبدیل ہو گئی۔ بعد ازاں آپ ہر سیاحت سے واپسی پر کرتار پور میں آ کر قیام فرماتے۔

دوسری سیاحت کرتار پور سے ۱۵۱۰ء میں شروع ہوئی۔ یہ جنوب یا جین اور بدھ مت مقامات کی سیاحت کے نام سے مشہور رہی ہے۔ اس میں بٹھنڈہ۔ سرسہ۔ بیکانیر۔ اجمیر۔ کوہ آبو۔ اندور۔ اُجین۔ بدر۔ حیدر آباد۔ گولکنڈہ۔ مدراس۔ پانڈیچری۔ رامیشورم اور لنکا وغیرہ جاتے ہیں سرنگا پٹم۔ سوم ناتھ۔ دوارکا۔ کچھ۔ مانڈوی اور بہاولپور وغیرہ واپسی کی خاص خاص منازل تھیں۔ یہ سیاحت پانچ برس میں اختتام پذیر ہوئی۔ سروہی اور کوہ آبو جین مذہب کے وہ مقامات ہیں۔ جہاں بہت سے جین سادھو مٹھوں میں بود و باش رکھتے تھے۔ یہاں انبھی نام کے ایک سرکردہ "سرووڑے" سے آپ کی بحث ہوئی۔ آپ نے فرمایا۔

"سِر کھوہائے پی ایہہ ملوانی جو ٹھا منگ منگ کھاہی
پھول پھدیہت منہ لین بھڑا سا پانی دیکھ سگاہی"

اس "شلوک" میں آپ نے "سرپوڑوں" کی غلیظ رسُومات کو رَد کیا ہے۔ اَور انسانی زندگی میں غسل اور پانی کی تعریف بیان کی ہے۔ یہ تنقید جین مذہب پر نہیں۔ بلکہ اُن بے معنی رسومات پر ہے۔ جو مذہب سے اس کی رُوح الگ کر کے حیاتِ انسانی کو گھناؤنا بنانے میں معاون ہوتی ہیں۔

اس سیاحت کے دَوران میں آپ خاص طور پر بُدھ مذہب کے مرکز اعلےٰ لنکا میں گئے۔ کیونکہ یہ مذہب "براہمن مت" سے تصادم کے بعد ہندوستان سے نکل گیا تھا۔ اَور اپنی خاص خوبیوں کے باعث چین۔ جاپان۔ برما اور لنکا میں پھیل گیا تھا۔ اس مذہب میں نیک اعمال پر زور دیا گیا ہے۔ نجات (نزوان) کا حصُول آٹھ خاص اعمال (اشٹانگ مارگ) کے ذریعہ تسلیم کیا گیا ہے۔ جہاں تک خدا کی ہستی کو تسلیم کرنے کا تعلق ہے۔ بدھ مذہب اس سے بے نیاز ہے۔ بودھیوں کا عقیدہ ہے۔ کہ یہ دُنیا عناصر میں ظہور ترتیب سے عالم وجود میں آتی ہے۔ اور ان اجزا کے پریشان ہو جانے سے نابود ہو جاتی ہے۔ آپ جب لنکا پہنچے۔ تو آپ نے وہاں عناصر کو محکوم ثابت کیا۔ اور بتایا۔ کہ یہ "کسی" کے تابع فرمان اور پابند احکام ہیں۔ کامیاب فلسفہ حیات، خدا کے بے خوف کے فرمانبردار ہو کر چلنا۔ بتایا:۔

بھَے وِچ پَوَنُ وہَے سد واؤُ
بھَے وِچ چَلہِے لکھ دریاؤُ
بھَے وِچ اگن کڈھے وَے گارِ
بھَے وِچ دھَرتی دَبی بھارِ
سَگلیا بھؤُ لکھِیا سِر لیکھ
نانک نِربھَو نرنکار سَچُ ایکُ

اِس طرح دُوسری سیاحت کے دَوران میں آپ نے جین سادھوؤں اَور بُدھ عُلماء کے ساتھ تبادلۂ خیالات اور بحث مباحثہ کر کے اپنے نظریات کو واضح شکل میں پیش کیا۔

تیسری سیاحت شمال جانب کی یا "بدھ منٹھوں" کی سیاحت کے نام سے مشہور ہے۔ اس کی مُدت باقی تمام سیاحتوں سے کم ہے۔ یہ ۱۵۱۵ء تا ۱۵۱۷ء یعنی صرف دو سال میں ختم ہو گئی۔ اس میں آپ کرتارپور سے روانہ ہو کر جموں کشمیر۔ کوہ شوالک۔ سرمور۔ گڑھوال۔ بدری ناتھ

ہیم کنڈ۔ رام پور شہر۔ تبت۔ بھوٹان اور نیپال وغیرہ کا دورہ کر کے واپس کرتارپور پہنچے۔ تمام پہاڑی علاقے "جوگیوں" اور "سدھوں" کی مراقبہ گاہیں تھے۔ شمالی ہندوستان میں اس وقت "جوگ مت" کا دور دورہ تھا۔ ملک کے نوجوان "جوگ مت" کے زیر اثر اپنا گھر گھاٹ چھوڑ کر "سدھوں" کے مقامات پر چلے جاتے تھے۔ بھائی گورداس نے جوگیوں کے اس عمل کو اپنی "واروں" میں دنیا کے ڈوبنے کا باعث بتایا ہے:۔

" سِدھ چھپ بیٹھے پربتی کون جگت کو پار اُتارا
جوگی گیان وِہونیاں نس دن انگ لگائن چھارا
باجھ گرو ڈُبا جگ سارا (وار ۱۔ پوڑی ۲۹)

اِس سیاحت کو "جنم ساکھی" میں "سمیر پربت کی اُداسی" کا نام دیا گیا ہے۔ "ساکھی" میں لکھا ہے۔ کہ جب گورو صاحب سِدھوں کے پاس پہنچے۔ تو انہوں نے آپ کو شراب (مدّ) کا پیالہ پینے کو کہا۔ "جوگی" مراقبہ (سمادھی) کی تکمیل کے لئے ایک ہی پیالہ سے شراب پیا کرتے تھے۔ تاکہ بہ حالتِ نشہ یکسوئی کے ساتھ مراقبہ میں بیٹھے "آن حد شبد" سُن سکیں۔ اِس طور پر "جوگی" اور "سِدھ" "ہٹھ جوگ" کے ذریعہ سخت جسمانی ریاضت کر کے "آن حد شبد" سننے کے لئے خود کو تیار کرتے تھے۔ "جنم ساکھی" کے مندرجہ ذیل الفاظ اس گفتگو کو پیش کرتے ہیں:۔

" تب سِدھاں آکھیا، ایہہ سِدھاں کا پیالہ ہے تُوں بیؤ۔" "تب بابے آکھیا، اِس وِچ کیا پائیا؟ تب سِدھاں آکھیا، اِس وِچ گُڑ اُتے دھاوے کے پھل پائے ہیں۔ تب بابا بولیا:۔"

گُڑ کر گیان دھیان کر دھاوے
کر کرنی کس پائیے
بھاٹھی بھون پریم کا پوچا
اِت رس امیو چوائیے ۱۔۱

(شبد راگ آسا۔ ۱)

اِس سیاحت میں گورو صاحب نے سِدّھوں کے ساتھ سوال جواب کی صُورت میں "سِدھ گوشٹ" کے عنوان سے ایک طویل "بانی" "راگ رام کلی" میں فرمائی۔ یہ تخلیق ۷۳ بند پر مشتمل ہے۔ اس میں جوگ کے نظریات کی مفصّل وضاحت کی گئی ہے۔ گورو صاحب نے جوگیوں کی طرف سے خود ہی سوالات کر کے خود ہی بہت دلشگاف الفاظ میں ان کے جواب دیئے ہیں۔ ادبی نکتہ نگاہ سے یہ ایک فلسفیانہ نظم ہے۔ جس میں عقل اور تدبیر کی بونزینت ہے۔

"جوگیوں" اور "سِدّھوں" سے بحث کو جنم ساکھی میں درج ذیل کے مطابق ختم کیا گیا ہے:۔

تد سِدّھاں آدیش "آدیش" کیتا تد بابا بولیا

آدِ پُرکھُ کئو آدیس، تے او تھہے رَوڈا رہیا۔"

(پُراتن جنم ساکھی صفحہ ۱۱۳)

آپ کی چوتھی سیاحت ممالک مغرب کی ہے۔ اس میں آپ اسلامی مراکز پر تشریف لے گئے۔ روانگی کے وقت آپ نے نیلے رنگ کا لباس پہنا۔ ہاتھ میں عصا پکڑا۔ بغل میں کتاب دبائی۔ اور دوش پر مُصلّے اٹھایا۔ گویا بالکل اسلامی وضع بنا کر چلے۔ یہ سیاحت پانچ برس پر مشتمل ہے۔ اس میں آپ کرتارپور سے روانہ ہو کر شرق پور۔ رہتاس اور ڈیرہ غازی خاں وغیرہ ہوتے ہوئے براستہ سندھ عازمانِ حج کے ہمراہ مکّہ پہنچے۔ مکّہ۔ مدینہ۔ بغداد۔ مصر۔ ترکی۔ ایران۔ قندھار اور افغانستان سے ہوتے ہوئے براہِ کابل اٹک دریا پار کر کے حسن ابدال (پنجہ صاحب) ہو کر ۱۵۲۱ء میں واپس کرتارپور آئے۔ مکّہ کے واقعہ کو بھائی گورداس نے پہلی 'وار' کی ۳۳ ویں 'پوڑی' میں بیان کیا ہے۔ مکّہ کے حاجیوں اور قاضیوں نے یہ پہچان لیا تھا۔ کہ آپ جنم سے ہندو ہیں۔ اس لئے ان کا بڑا سوال، جس کا وُہ جواب طلب کرتے تھے۔ یہ تھا کہ ہندو دھرم اور مذہب اسلام دونوں میں سے کونسا مسلک بہتر اور اعلےٰ ہے۔ گورو صاحب کا جواب یہ تھا:۔

"بابا آکھے حاجیاں شبھ عملاں باجھوں دونویں روئی

ہندو مسلمان دوئے درگہ اندر لہن نہ ڈھوئی

مغرب کی سیاحت میں آپ نے اِسلامی نظریات و روایات کے پیشِ نظر لوگوں کو راہِ راست کی پابندی کا درس دیا۔ آپ کی شاعری اور تبلیغ

نے شریعت پرستوں میں نیک اعمال کا جذبہ پیدا اور بیدار کیا:۔

"نانک آکھے رے منا
سُنیئے سِکھ سہی
لیکھا رب میگیسیا
بَیٹھا کڈھ وہی

———— یا ————

"یَک ارزِ گفتم پیشِ تو، درگوش کُن کرتار
ہکا کبیر کریم تُو بے عیب، پروردگار۔" (آد۔)

اس طرح سیاحانہ زندگی میں گورو نانک صاحب کی شاعری کا رُخ نظریاتی اور فلسفیانہ صورت اختیار کر گیا۔ اس عہد کی تخلیقات میں ہندو۔ جین۔ بدھ اور اسلام کے مروّجہ نظریات پر شیریں اور افہامی نکتہ چینی کی گئی ہے۔ خصوصیت یہ ہے کہ پورے کلام میں کہیں بھی چبھنے والی کوئی بات نہیں ملتی۔ لیکن ہر موقعہ اور ہر مقام پر نیا راستہ اور نئی تجویز پہلو بہ پہلو پیش کئے گئے ہیں۔ سیاحانہ عہد کے ادب میں مفرد اشعار کے علاوہ "دکھنی اونکار" اور "سدھ گوشٹ"، جیسی عظیم منظومات تخلیق کی گئیں۔ اس عہد کی شاعری میں فنی مہارت پائی جاتی ہے۔ اور پنجابی زبان کے ذخیرۂ الفاظ میں گوناگوں اضافہ کیا گیا ہے۔

چاروں سیاحتوں کے بعد گورو صاحب کی مجلسی زندگی شروع ہوتی ہے۔ یہ ۱۵۲۱ء تا ۱۵۳۹ء یعنی اٹھارہ برس پر مشتمل ہے۔ معاشرتی زندگی کی عدم موجودگی کے مدِّ نظر آپ نے مثالی مجلسی زندگی کا نمونہ پیش کیا ہے۔ تاکہ فرد اور سماج بیک وقت نجات حاصل کر سکیں۔ تیسرے دورِ حیات کے دوران میں تخلیق کردہ تقریباً تمام ادب۔ معاشرتی اور سیاسی انصاف پر زور دیتا ہے۔ اور جملہ مخلوقات کے لئے مساویانہ سماجی زندگی کی ترغیب دیتا ہے

ہندوستان میں معاشرتی زندگی کی بے مقصدیت کا اولین باعث ہندوستانیوں کا ذات برادری میں منقسم ہونا تھا۔ اس کمزوری کا احساس

دلانے کے لئے آپ "ایمن آباد" میں بھائی "لالو" کے ہاں گئے۔ جسے ذات پات کی تقسیم کے مطابق ادنےٰ سمجھا جاتا تھا۔ اس کے ہاں قیام کرنے پر شہر میں چرچا شروع ہو گئی۔ اپنی اعلےٰ ذات پر فخر کرنے والوں نے اس بات کا بہت بُرا منایا۔ "ایمن آباد" کا حاکم "ملک بھاگو" اس طبقہ کی قیادت کرتا تھا۔ لوگوں کے جھوٹے فخر و مباہات کو جھنجوڑنے کے لئے آپ نے "سری راگ" میں مندرجہ ذیل "شبد" گایا۔ اس میں انسان کو محتاط رہنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ اور "شبد" کے خاتمہ پر متاثر کن ڈھنگ سے یہ بتایا گیا ہے۔ کہ خدا کا مقام ادنےٰ ترین مخلوق میں ہوتا ہے۔ اور اس کی بخشش زیریں مقامات پر ہی ہوتی ہے :۔

" نیچاں اندر نیچ جات نیچی ہُوں ات نیچ

نانک تن کے سنگ ساتھ، وڈیاں سیوں کیا ریس

جتھے نیچ سمالیئن، تتھے ندر تیری بخشیس "

انہیں ایام میں بابر نے ایمن آباد پر حملہ کیا۔ گورو صاحب نے مغلوں اور پٹھانوں کے مابین خوفناک تصادم میں بے گناہ جانیں خصوصاً مستورات اور معصوم بچّوں پر ہونے والے مظالم کو بچشم خود دیکھا۔ آپ کا نازک دل بھر آیا۔ چنانچہ آپ نے چشم دید مظالم کا حال اشعار میں بیان فرمایا۔ یہ تخلیقات رونگٹے کھڑے کر دینے والی ہیں۔ ان میں ہندوستان کی معاشرتی اور سیاسی زندگی کو ازسرِ نو تعمیر کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ جوگی پیر اور دیگر مذہبی راہنما جو خود کو خدا کے ساتھ وابستہ ظاہر کرتے تھے۔ اُن کی نا اہلیت کو عُریاں کیا گیا ہے۔ گُورو صاحب نے مظلومین کی چیخ و پکار سن کر خدا سے فریاد کرتے ہوئے اُسے بلبلا رہی مخلوق کی خبر گیری کرنے کے لئے مخاطب کیا گیا ہے :۔

" کھراسان کھسماناں کیا ۔ ہندوستان ڈرائیا

آپے دوس نہ دے ئی کرتا ، جم کر مُغل چڑھائیا

اے تی مار پئی کُرلاتے ، تے کی درد نہ آئیا

کرتا تُوں سبھناں کا سوئی

جے سکتا سکتے کو مارے

تاں من روس نہ ہوئی ۔ رہاؤ ۔ " (آسا محلا ۱)

علاوہ ازیں اسی زمانہ میں " جپ نسان " اور " بارہ ماہا تکھاری " دو عظیم تخلیقیں عالم وجود میں آئیں۔ ان میں سماجی زندگی کی خصوصیت اور کامیاب حیاتِ بشری کا ارتقاء پیش کیا گیا ہے۔ " جپ نیسان " دُنیا کی معدودے چند مسلسل منظومات میں سے ایک ہے۔

اِس نظم کی تعمیر فنی اور سائنٹیفک ہے۔ اس نظم میں چالیس " چھندوں " کو چار چار کے مجموعہ کی صورت میں کسی دس منزلہ عمارت کی زیریں بالا منازل کے طور پر تعمیر کیا گیا ہے۔ پہلے " شلوک " میں اپنے نصب العین کی اعلیٰ خوبی " سچ " کو چار مرتبہ دوہرایا ہے۔ پہلی " پوڑی " میں اصل مضمون کا ایک سوال (کو سچیارا ہوئیے) کے ساتھ آغاز کیا گیا ہے۔ باقی نظم میں معاشرتی اور نظریاتی پہلوؤں سے رائج الوقت نظریات کو الگ کر کے کامیاب روحانی زندگی کا ارتقاء دکھایا گیا ہے۔ اختتامیہ " پوڑی " میں ایک حسین تمثیل کے ذریعہ پورے مضمون کو لفظی تصویر میں مجسم کیا گیا ہے :-

" جتُ پاہارا دِھیرجُ سُنیار
اَہرنِ مَتِ ویدُ ہتھیارُ "

دُوسری طویل نظم " بارہ ماہا " تکھاری راگ میں ہے۔ اس کے سترہ[17] " چھند " ہیں۔ اس میں انسان کی رُوحانی پکار کو بارہ مہینوں کے نام بنام ظاہر کیا گیا ہے۔ یہ گُرو صاحب کی آخری تخلیق تسلیم کی جاتی ہے۔

" جنم ساکھی " کی ۵۷ ویں اور آخری " ساکھی " میں جس کا عنوان " جوتی جوت سماؤ " ہے۔ اس " بانی " کے متعلق لکھا ہے :-

" تب بابا بسماد دے گھر آئیا۔ تتھوں چہل حکم ہوئیا
راگ تکھاری کیتا ، بابا بولیا بارہ ماہ
رات اُترٹ دیلا ہوآ ، چلانے کے وَخت
تکھاری چھند چہلا ، بارہ ماہا "

(پُرانی جنم ساکھی صفحہ ۱۲۹)

اس نظم میں گورو صاحب نے پنجابی ماحول یہاں کے آب و ہوا - درختوں - پھولوں - پھلوں - موسموں - تاریخوں اور مہینوں کا تذکرہ کر کے تخیل کے زور پر زندگی کے ایام گزشتہ سے ازسرِ نو لطف اندوز ہوتے ہوئے کامیاب نقشِ حیات متشکل کیا ہے۔ اِس نظم کے

ذریعہ خطۂ پنجاب، یہاں کی فطرت، تہذیب و تمدن اور زبان دنیائے ادب میں زندہ جاوید ہو گئے ہیں۔ انسان اس دنیا میں کیوں آیا؟ اور یہاں زندگی کس طرح بسر کرنی چاہیئے۔ تاکہ وقت آخر اسے "سہاگن" کی صورت اپنے مالکِ حقیقی کے حضور شرفِ قبولیت حاصل ہو سکے۔ یہ اس نظم کا موضوع و مضمون ہے۔ اس نظم میں متذکرہ صدر سوالات کے جواب رومانی زبان میں دیئے گئے ہیں۔ اس نظم کے پہلے "چھند" میں مالک حقیقی کو مخاطب کیا گیا ہے۔ اور ساتھ صالح زندگی کا عمل بھی بتایا ہے۔ پانچویں "چھند" میں عظیم شاعر (گورو نانک صاحب) نے پنجاب کی رنگین سرزمین خصوصاً علاقہ شیخوپورہ کی 'بار' کا طرزِ حیات پیشِ نظر میں رکھ کر آقائے ازلی سے جدائی کا درد پیش کیا ہے۔ اختتامیہ اشعار میں فرماتے ہیں:-

بے دس ماہ رُتی تھتی وار بھلے
گھڑی مورت پل ساچے آئے سہج ملے
پر بجھ ملے پیارے کارج سارے
کرتا سبھ بِدھ جانے
جن سیگاری تِسہہ پیاری
میل بھیا رنگ مانے
گھر سیج سُہاوی جا پر راوی
گُرمکھ مستک بھاگے
نانک اہنِش راوے پریتم
ہر ور تھر سہاگے (۱۷)"

یہ ہے گورو نانک صاحب کے تخلیق کردہ ادب کا نمونہ۔ یہ کلام خاص جو تمام شعبہ ہائے زندگی میں پنجاب کے عرصۂ ادب سے کو منور کرتا رہا ہے۔

ابتدائی دور کا ادب۔ پنجاب کے مختلف کاروبار میں اندرونی چمک دمک پیدا کرتا ہے۔ دوسرے دور کا ادب ہندوستان

کے مروجہ نظریات کی حقیقی چمک اُجاگر کرنے کے لئے تخقیقی پہلوؤں کا مظہر ہے۔ تیسرے دور کا ادب کامیاب معاشرتی زندگی اور اعلےٰ ترین روحانی حلقہ ہائے حیات کی اچھوتی بلندیاں چھونے کی ترغیب دیتا ہے۔ اور مجموعی مثالی زندگی کی اعلےٰ منازل کا عکاس ہے۔ ایسے عظیم اور سچے رہبر کی ستّر سالہ قدموسی سے عالم ناسوت کی زمین پاکیزہ ہوئی۔ ارشادات کی سماعت سے ہر مرد و زن کو راہِ نجات حاصل ہوئی۔ موسیقی اور غنا کی تانوں سے تمام مخلوقات اور نباتات میں خدائی جھنکار پیدا ہوئی۔ اور اُن کے نورانی دیدار سے تمام عالم کی دُھند کافور ہوگئی۔ اور خلقِ خدا جھوم جھوم کر ''یوں گنجار اُٹھی،۔

”ست گُرُو نانک پرگٹیا

مٹی دُھند جگ چانن ہوا“

”گھور کلجگ“ کی شب تیرہ و تار میں گوروصاحب کا مقدّس کلام عظیم روشنی کی صورت میں نمودار ہوا۔ یہ مالک کا کلام تھا۔ اور اس میں خدا کی آقائی کی توصیف سرمدی سُر تال پر گائی گئی ہے۔ اس کی تابش وقت کی لامتناہیت تک پھیلی ہوئی ہیں۔ اور یہ ازلی و ابدی روحانیت کا خزانہ عام و اہلِ عالم کو مالا مال کرتا اور دُنیا کے تمام ذی روحوں کو نجات کا راستہ دکھاتا ہے۔ قلب کی تپش کو سکون بخشتا ہے۔ اور دل کی بے چینی کو یکسوئی عطا کرتا ہے۔ اور گورو کی سنگت (مجلس) میں ایک پنگت (صف) اور مساوات کے نظریہ کو معین کرتے ہوئے محیر العقول۔ خدائی کرشموں کو سمجھنے۔ لطف اندوز ہونے اور ان سے بے مثال ترغیب و تاثیر حاصل کرنے کے لئے قلب انسانی کو جھنجھوڑتا ہے۔ باطن کو منوّر کر دیتا ہے۔ جہالت کی تاریکیاں مٹاتا ہے اور انسان بہ آسانی وہ مقام حاصل کر لیتا ہے۔ جہاں عظیم مسرت اور عظیم حالت ذی شعوری تو ہے ہی لیکن جو بنی نوعِ انسان کو حسنِ کردار یعنی خدمت اور فیض رسانی کے اعلےٰ اوصاف سے بھی متصف کر دیتا ہے۔ اِس طرح یہ ذات اور کُل ہر دو کی نجات کا باعث بنتا ہے۔ جیسے جیسے اس کے قریب جاتے ہیں۔ اس کا مقدّس لمس انسان کی ”کایا کلپ“ کر دیتا ہے۔ اور اُس میں ایک انوکھی تقدیس اور خوش کرداری کا جذبہ جاگ اُٹھتا ہے۔ دل کا کنول نام کے عظیم آہنگ میں کھل اُٹھتا ہے۔ ہمیشہ اِرتقاء میں رہنے والی حالت میں دکھوں اور گناہوں کے اثر سے آزاد ہو جاتا ہے۔

گورو نانک صاحب کا کلام ایک وسیع سمندر کے مانند ہے۔ جس کی لامتناہی ہریں خدائی نور میں جھلملاتی اور قلب و روح کو وجد میں لے آتی ہیں۔ لیکن یہ عظیم سمندر بپھرا ہوا نہیں۔ بلکہ پُر سکون اور بے حرکت ہے۔ اس کی گہری سنجیدہ اور عمیق تہوں میں لاتعداد ہیرے۔ جواہرات۔ لعل۔ گوہر اور موتی بکھرے پڑے ہیں۔ ”گوربانی“ کی کسی ایک ہدایت پر بھی عمل کرنے سے بے شمار لعل و گوہر حاصل ہو سکتے ہیں۔

"مَتِ وِچ رتن جواہر مانک جے اِک گُرؔ کی سِکھ سُنی"

گورونانک صاحب نے لامحدودیت کے ابحار شیر کو بلو کر بے بہا جواہرات اپنے کلام کی صورت میں انسانیت کو ہمیشہ کے لئے بخش دیئے ہیں۔ ان کی بہاء بے بہاء ہے اور فائدہ و تجارت بھی بے بہاء ہے۔ کثیر التعداد اصنافِ سخن "چھند۔ پربندھ" اور راگ راگنیوں میں کہا گیا یہ کلام انسانی زندگی کو اعلےٰ درجہ کے روحانی احساس اور اطمینان و طمانیت عطا کرتا ہے۔ جو اپنے مزاج سے "پرم پد" یعنی عالم ناسوت کی منتشر حالت سے نکال کر عالم لاہوت کی مبسوط حالت میں لے جاتا ہے۔ جہاں دُکھ سُکھ غم خوشی۔ گناہ۔ ثواب۔ مٹی۔ سونا سب یکساں نظر آتے ہیں۔ فنی پہلو سے یہ ایک بلند پایہ کلاسیکل مسلک کی آفاقیت کو اُجاگر کرتا ہے۔

مختصراً یہاں گورونانک صاحب کے کلام (بانی) کی تفصیل دی جاتی ہے۔ تاکہ قاریئں اس عظیم تخلیق کے گوناگوں پہلوؤں سے روشناس ہوسکیں۔ اِس تفصیل میں اس بات کا خاص دھیان رکھا گیا ہے۔ کہ "شری گورو ارجن دیو صاحب" کی قایم کردہ روائیت کی روشنی میں ہی اس کی درجہ بندی کی جائے۔ اس کے علاوہ دیگر کوششیں بسا اوقات شبہات کا باعث بن سکتی ہیں۔ لہذا اگلے صفحات پر درج تفصیل میں "بانی" کی ترتیب کو "سری گورو گرنتھ صاحب" میں راگ راگنیوں۔ اصنافِ سخن اور دیئے گئے خاص عنوانات کے مطابق ہی رکھا گیا ہے

سلسلہ	نام راگ	کلام کی صنف یا ہیئت	خاص عنوان کے تحت کلام	میزان
۱	-	-	جپ	۱(۳۸+۲ شلوک+۱-مول منتر=۴۱)
۲	آسا	-	سودر ع۱	۱+۳=۴ شبد
۳	گئوڑی آسا۔ دھناسری		سوہلا ع۲	۳ شبد
۴	سری	پدے	-	چوپدے ۲۸: پنچ پدے اور (۱۳-۱۶-۱۸) تپدے ۲- (۲۶ - ۳۲)=۳۳
۵	سری	اشٹ پدیاں	-	۱۸
۶	"	-	پہرے	۲
۷	"	وار جہلا ۴ میں درج شلوک	-	۷
۸	ماجھ	اشٹ پدیاں	-	۱
۹	"	-	وار ماجھ کی	۱ (پوڑیاں ۲۷ شلوک ۴۶)
۱۰	گئوڑی گوآریری	پدے	-	تپدے ۲ (۱، ۳) چوپدے ۲ (۲، ۴)
۱۱	گئوڑی دکھنی	پدے	-	چوپدے ۷، پنچ پدے ۱ (۶) = ۸
۱۲	گئوڑی جیتی	پدے		چوپدے ۵ (۱۴، ۱۵، ۱۶، ۱۸، ۱۹) چھ پدے ۲ (۱۳، ۱۷) = ۷

سلسلہ	نام راگ	کلام کی صنف یا ہیئت	خاص عنوان کے تحت کلام	میزان
۱۳	گَوڑی پوربی دیپک	پدے	-	چوپدا - ۱ = ۲۰
۱۴	گَوڑی گواریری	اشٹ پدیاں	-	۱۶
۱۵	گَوڑی بے راگنی	" "	-	۲
۱۶	" پوربی	چھنت	-	۲
۱۷	آسا	-	سودر	۱
۱۸	"	پدے	-	چوپدے ۳۱، پنج پدے ۲ (۱۹ - ۲۴) دوپدے ۲ (۲۹، ۳۰) = ۳۹
۱۹	آسا	اَشٹ پدیاں	-	۲۲
۲۰	"	-	پٹی	۱ (۳۵۔ شبد)
۲۱	"	چھنّت	-	۵
۲۲	"	-	وار	۱ (پوڑیاں ۲۴ شلوک ۴۵ (۶۹)
۲۳	گجری	چوپدے	-	۲
۲۴	"	اَشٹ پَدیاں	-	۵
۲۵	بہاگڑا	وارم: ۴ میں درج شلوک		۲
۲۶	وَڈ ہنس		-	چوپدے ۲۰ چرنوں کا شبد
۲۷	"	چھنّت	-	۲
۲۸	"	-	الا ہنیاں	۲ (۱، ۲)

سلسلہ	نام راگ	کلام کی صنف یا ہیئت	خاص عنوان کے تحت کلام	میزان
۲۹	وڈہنس دکھنی	-	الاہنیاں	۳
۳۰	وڈہنس	وار م: ۴ میں درج	-	۳
۳۱	سورٹھ	چوپدے	-	دوتکے ۸ (۴-۱۱) چوتکے ۲ (۳-۱۲) ۲ چوپدے تین تک والے ۱ = ۱۴
۳۲	سورٹھ	آشٹ پدیاں	-	چوتکی ۱ تین تکی ۲ (۲، ۳) دوتکی ۱ (۴) = ۴
۳۳	سورٹھ	وار محلا ۳ کی میں درج شلوک		۲
۳۴	دھناسری	چوپدے	-	۸
۳۵	"	-	آرتی	۱
۳۶	"	آشٹ پدیاں	-	۲
۳۷	"	چھنت	-	۳
۳۸	تلنگ	پدے	-	چوپدے ۳ (۱، ۳، ۴) تپدے ۱ (۲) دوپدے ۱ (۵) = ۵
۳۹	"	شبد	-	۱
۴۰	سوہی	چوپدے	-	۹
۴۱	"	آشٹ پدیاں	-	۵
۴۲	"	-	کوچجی ۔ سوچجی	۱+۱ = ۲

سلسلہ	نام راگ	کلام کی صنف یا ہیئت	خاص عنوان کے تحت کلام	میزان
۴۳	سوہی	چھنت	-	۵
۴۴	"	سوہی کی وار مہلا ۳ میں درج شلوک	-	۲۱
۴۵	بلاول	چوپدے	-	۴
۴۶	"	اشٹ پدیاں	-	۲
۴۷	"	-	تھتی	۱ (۲۰ پد)
۴۸	"	چھنت	-	۲
۴۹	"	بلاول کی وار م: ۴ میں درج شلوک	-	۲
۵۰	رام کلی	چوپدے	-	۱۱
۵۱	" "	اشٹ پدیاں	-	۸ (۱-۷، ۹)
۵۲	رام کلی دکھنی	اشٹ	-	۱ (۸)
۵۳	" " "	-	اونکار	۱ (۵۴ پد)
۵۴	رام کلی		سدھ گوشٹ	۱ (۷۳ پد)
۵۵	" "	رام کلی کی وار مہلا ۳ میں درج شلوک	-	۱۹
۵۶	مارو	چوپدے	-	۱۲
۵۷	"	چوپدوں میں درج شلوک	-	۲ (۱، ۵)
۵۸	"	چوپدوں میں درج شلوکوں کے ساتھ شبد	-	۲

سلسلہ	نام راگ	کلام کی صنف یا ہیئت	خاص عنوان کے تحت کلام	میزان
۵۹	ماڑو	آشٹ پدیاں	-	۸
۶۰	ماڑو کافی	" "	-	۳ = ۱۱
۶۱	ماڑو	-	سوہلے	۲۲
۶۲	"	ماڑو وار جہلا۳ میں درج شلوک	-	۱۶
۶۳	تکھاری	-	بارہ ماہ	۱ (۱۷ پد)
۶۴	"	چوپدے	-	۳ (۳-۵)
۶۵	"	پنچ پدے	-	۲ (۲-۶)
۶۶	بھیرو	چوپدے	-	۸
۶۷	"	آشٹ پدیاں	-	۱
۶۸	بسنت	چوپدے دو تکے	-	۶
۶۹	بسنت ہنڈول	" "	-	۴
۷۰	بسنت	آشٹ پدیاں دو تکیاں	-	۴
۷۱	"	" " ایک تکیاں	-	۳
۷۲	بسنت ہنڈول	" " "	-	۱
۷۳	سارنگ	چوپدے	-	۳
۷۴	"	آشٹ پدیاں	-	۲
۷۵	"	شلوک وار جہلا۴ میں درج	-	۳۳
۷۶	ملار	چوپدے	-	۹

سلسلہ	نام راگ	کلام کی صنف یا ہیئت	خاص عنوان کے تحت کلام	میزان
۷۷	ملار	اشٹ پدیاں	-	۵
۷۸	”	-	وار	۱ (پوڑیاں ۲۷ شلوک ۴۴)
۷۹	پربھاتی بھاس	چوپدے	-	۱۷
۸۰	” ”	اشٹ پدیاں	-	۶ (۱-۳،۵-۷)
۸۱	پربھاتی دکھنی	” ”	-	۱ (۴)
۸۲	-	” ”	شلوک سہسکرتی	۴
۸۳	-		شلوک واراں اور زائد	۳۲

	کل میزان	۵۸۶

۳

گورونانک کا شاہکار

"جپ جی"

"جپ جی" صاحب ایک عالمانہ، شعری تخلیق ہے۔ پنجابی زبان میں اس کے تقابل کی کوئی دیگر شعری تخلیق موجود نہیں ہے۔ جس میں ایسے عمیق نفسیاتی موضوع کو تعقلی اور نتیجہ خیز ڈھنگ سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا گیا ہو۔ جپ جی صاحب میں "صداقت ازلی" کے ساخت لانیفکیت، کے پیچیدہ سوال کو کمال ہنرمندی سے حل کیا گیا ہے۔ خوبی یہ ہے۔ کہ اس قدر ٹھوس اور سنجیدہ سوال کو صرف چالیس۴۰ چھندوں یعنی دو۲ شلوکوں اور ۳۸ "پوڑیوں" یا کل ۴۹۷۷ الفاظ کے ذریعہ بیان کرکے "کوزہ میں سمندر" بند کئے جانے والے اختصار کا اظہار کیا ہے۔ مضمون کے نفسیاتی آغاز، عروج اور اختتام سے تخلیقی فن۔ پرواز خیال۔ صورت گری۔ اشعار کے تنوّع اور زبان و بیان کی نادر تشبیہات کے موزوں استعمال سے فنِ سخن کی انتہائی بلندیوں کو چھو لیا گیا ہے۔ پنجابی زبان کے اِمکانات، جیسے کہ، اس کی توضیحی اہلیت۔ الفاظ کی موزونیت۔ اختصار بیان وغیرہ اس تخلیق کے ذریعہ چمک اٹھے ہیں۔ "جپ جی" صاحب کے مطالعہ سے یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے۔ کہ سولھویں (۱۶ویں) صدی میں، جبکہ ابھی ہندوستان کی نامور بولیاں مثلاً اردو اور کھڑی بولی ہندی وغیرہ وجود میں بھی نہیں آئی تھیں۔ اس وقت پنجابی بولی کی بنیاد قائم ہو چکی تھی۔ معاشرتی اور تہذیبی و تمدنی پہلو سے "جپ جی" سولہویں صدی کے پنجاب کی زندہ جاوید تصویر ہے۔ جس میں اُس وقت کے اعتقادات۔ روایات۔ رسومات

اور مذاہب جھانک رہے ہیں۔ اور موجودہ پنجاب کے صحت مند تمدن کا راہبر (جپ جی کا خالق) نئے تعمیری اور سائنسی نقطہ نظر

کی نشان دہی کرتا ہوا ملتا ہے۔

مضمون کا نباہ

(الف) آغاز:-

سولہویں صدی کی ادبی روایت کے مطابق طول طویل تمہید کے بعد اصل مضمون شروع کیا جاتا تھا۔ لیکن "جپ جی صاحب" میں براہ راست ہی مرکزی موضوع کا آغاز کیا گیا ہے۔ ابتدا ہی محض چودہ[۱۴] الفاظ کے ذریعہ، جن کو "مُول منتر" کہا جاتا ہے۔ "ازلی صداقت" (پرم سچ) کے خط و خال واضح کئے گئے ہیں۔ اس شان و شکوہ کو بذریعہ الفاظ مزید واضح کر سکنا ممکن نہیں ہے۔ "ازلی صداقت" کے "سچ" ہونے کی خوبی کو ایک ہی "شلوک" میں "سچ" لفظ کو چار مرتبہ استعمال کر کے الفاظ کے استعمال کی ہنرمندی سے قاری کے دل میں "ازلی صداقت" کے عرفان کی اُمنگ بیدار کی گئی ہے۔ اور اس طرح فلسفیانہ مضمون کو دلچسپی کی چاشنی دے دی گئی ہے

آدِ سچُ جگادِ سچُ

ہے بھی سچُ نانک ہوسی بھی سچُ

پہلی پوڑی میں "کِوَ کوڑے تُٹے پال" کا سوال اٹھا کر اور "حکمُ رضائی چلنا نانک لکھیا نال" کا ایمائی جواب دے کر حیات بشر کا مقصد، جھوٹ کی دیوار کو گرانا اور "ازلی صداقت" کے ساتھ وابستگی کا حصول بنا کر پورے مضمون کی پیرہ کشائی کی گئی ہے۔ دوسری پوڑی میں تمام عالم کو "ازلی صداقت" کے حکم کا عظیم مظہر کہا گیا ہے۔ اور تیسری پوڑی میں پوری کائنات کو سُر تال کے ساتھ اس کے گُن گاتی ہوئی ظاہر کر کے۔ دُنیا کو بزم سماع اور "ازلی صداقت" کو بے پرواہ اور بے خودی کی صورت میں متشکل کیا گیا ہے۔ "نانک وِگسے وے پرواہُ۔" اس طرح ایک شلوک اور تین پوڑیوں کے ذریعہ مضمون کا میدان تیار کیا گیا ہے۔ اور مضمون کے اہم پہلوؤں جن کی وضاحت آئندہ مقصود ہے، جھلک دکھا دی گئی ہے۔ یہ مضمون کا فنی۔ عقلی اور ڈرامائی آغاز ہے۔ جس کو زمانۂ جدید کی ایجاد کہا جا سکتا ہے۔

(ب) تعمیر:-

مضمون کے سلسلہ وار مطالعہ سے قبل بالترتیب تعمیر قابل دید ہے۔ جس طرح آغاز ایک "شلوک" اور تین "پوڑیوں" یعنی چار "چھندوں" سے کیا گیا ہے۔ اسی طرح پوری تعمیر کو چار چار "چھندوں" کی چوکڑی کے ذریعہ فنکارانہ ڈھنگ سے مکمل کیا گیا ہے۔ آغاز اور اختتام میں ایک ایک "شلوک" اور درمیان میں ۳۸ "پوڑیاں" ہیں۔ جملہ چالیس چھند چار چار کے گٹ کی شکل میں، تعمیر خیال کی ایک دلکش دس منزلہ عمارت کا ڈھانچہ پیش کرتے ہیں۔

ڈرامائی آغاز کے بعد تعمیر کی بنیاد یعنی چوتھی "پوڑی" میں "ازلی صداقت" کے ساتھ ربط حاصل کرنے سے متعلق شاعر نے اپنا خیال ایک مصرع میں پیش کر دیا ہے۔ "امرت ویلا سچ ناؤ وڈیائی ویچار" انسانی ذریعہ اتنا ہی ہے۔ "ندری موکھ دوآر" لکھ کر اس ذریعہ کو استعمال کرتے ہوئے انسان کو بخششِ خداوندی کا خواہاں بنے رہنے کی اطلاع دی ہے۔ یہی "گورمت" کا ایک لفظی فلسفہ ہے۔ اپنا نظریہ بیان کرتے ہی شاعر (گورونانک صاحب) نے اگلی تین پوڑیوں میں درج ذیل مروجہ عقائد کا تجزیہ کر کے ان پر سائنٹیفک نکتہ چینی کی ہے۔ اول خدا کو کسی "دیوی دیوتا" کی شکل میں معین کرنا۔ دوسرے تیرتھوں وغیرہ پر اعتقاد رکھنا۔ تیسرے "یوگ" کے ذریعہ حاصل کردہ طویل العمری سے ناموری حاصل کرنے کو مقصدِ حیات سمجھنا۔ اس طرح تعمیر کے پہلے درجے میں مُجوزہ پنجاب کا نیا نکتۂ نظر جنم لے رہا ہے اور سولہویں صدی میں پنجاب کے مروجہ نظریات دکھائی دیتے ہیں۔

تیسری اور چوتھی منزل میں یہ نکتۂ نگاہ اختیار کرتے اور گورو کی تعلیم کو "سننے" اور "ماننے" سے جو عرفان حاصل ہوتا ہے۔ نیز جو روحانی حالت میسر آتی ہے۔ اس کی وسعت کا گراف کھینچا گیا ہے۔

پانچویں مقام پر گزشتہ منازل طے کر چکے انسان کو "پنچ" کا امتیازی نام دیا گیا ہے۔ جو درگاہ میں قبول ہوتا ہے۔ یہ "پنچ" بھی خدائی کائنات کی انتہاء کو نہیں پا سکتا۔ اور نہ ہی انتہا پانا انسانی مقصد ہے۔ آئندہ "پوڑیوں" میں خدا کی لامتناہیت بتانے کے لئے ایک طرف عابدوں، زاہدوں، قاریوں، درویشوں اور بہادروں اور دوسری جانب بہتان طرازوں، ٹھگوں، ڈاکوؤں، دروغ بافوں اور چوروں کو "اسنکھوں" (کروڑ ہا کروڑ) کی تعداد میں شمار کیا

گیا ہے۔ لفظ "اسنکھ" کے استعمال کو بھی مجبوری قرار دیا ہے۔ کیونکہ لکھنا اور بولنا الفاظ کا استعمال کئے بغیر ممکن نہیں ہے۔ شعری ترنگ دینے کے لئے شاعر نے اپنے آپ کو "نانک نیچ کہے ویچارُ" لکھ کر اور خدا کی صداقت کو اُجاگر کرنے کے لئے "تو سدا سلامت نرنکار" کا مصرع ہر ایک پوڑی کے آخر میں دوہرا کر مضمون کے بیانیہ پہلو کو "جپ جی" کے عین وسط میں لے جا کر ختم کیا ہے۔

مضمون کے بیانیہ پہلو کے اختتام پر اس کا تحقیقی پہلو چھٹی منزل سے شروع ہوتا ہے۔ اس لئے سب سے پہلے مضمون کا مرکزی خیال "بھریئے مت پاپاں کے سنگ۔ اوہُ دھوپے ناوے کے رنگ" کو پھر دیگر الفاظ میں دوہرایا گیا ہے۔ اگلی "پوڑی" میں انسانی تشنگی کی سیری کا سرچشمہ "ست سُہان سدا من چاؤ" کی خوبیوں والا خدا بنایا ہے۔ اور اس کی وسیع صورت کا جلوہ دکھا کر ویدک، سیمیٹک اور جوگ وغیرہ عقائد پر محققانہ روشنی ڈالتے ہوئے "ندیاں اتے واہ پوے سمند نہ جانیئے" لکھ کر دنیوی مجبوری کی تصویر کشی کی گئی ہے۔

ساتویں منزل میں گذشتہ موضوع کو جاری رکھا گیا ہے۔ لیکن تحقیق کا رُخ مذاہب سے بدل کر بے شمار خدائی نعمتوں کو خورد بینی نگاہ سے دکھانے کی جانب موڑ دیا گیا ہے۔ "جپ جی" کی ۲۴ ویں "پوڑی" میں "انت نہ" ۲۵ ویں میں "کیتے" اور ۲۶ ویں میں "اَمل" وغیرہ مخصوصات کے ذریعہ دنیاوی، اخلاقی اور روحانی خوبیوں والی نعمتوں کا خصوصی ذکر کر کے انسان کے دل کو عبادت کے رنگ سے رنگا گیا ہے۔ اس بندگی آخری "پوڑی" میں خدا کی افضلیت کا ملکوتی تاثر پیدا کرنے کے لئے نا قابل رسا ، انوکھے اور وجدانی، دربار کی تخلیق کی گئی ہے۔ جس کے دروازے پر باد و آب و آتش وغیرہ عناصر سے لے کر تارک، صادق، شاکر، صابر، بہادر، جنگ آزما اور طبقات و کائنات وغیرہ دست بستہ کھڑے مدح سرائی کرتے دکھائے گئے ہیں۔ یوں! اس حصّہ میں "ازلی صداقت" کو پورے جاہ و جلال میں اور "بشر" کو صادق کی صورت میں ظاہر کیا گیا ہے۔

ہندوستان میں اُس وقت ایسے محیطِ کل، اکمل ترین اور ہر جگہ موجود خدائے برتر کو بھی زمان و مکان کے ردّ و بدل اور تغیرات سے الگ الگ فرقوں نے علیحدہ علیحدہ شکل دے دی تھی۔ شمالی ہندوستان میں "جوگ مت" اور اس کی مختلف شاخوں، مشرق اور جنوب میں "ویشنو" اور "شیو" وغیرہ "مت" زوروں پر تھے۔ آٹھویں منزل کی دو پوڑیوں میں عظیم محقق تخلیق کار

(یعنی گورو نانک صاحب) نے ان کیفیتوں اور ان کی مذہبی روایات اور مواد کو نہایت مہارت کے ساتھ علیحدہ علیحدہ کیا ہے۔ اس لیے

کی ہر ایک "پوڑی"، "آخرمیں" آدیس تسے آدیس۔ آدِ اِنیل انادِ اناہت جگ جگ ایکو ویس" لکھ کر آفتابِ علم کو منور کر دیا ہے

جس سے مختلف کیفیتوں اور مسلکوں کے ستاروں کی روشنی غائب ہو گئی ہے۔

یہاں پہنچ کر راستے کا بیان اور ادھر ادھر کی تخلیقی دونیں طے ہو چکے ہیں۔ اس لئے مضمون کی رفتار رواں دواں چوٹی

کی جانب لپکتی ہے۔ ترغیب دہندہ فنکار مضمون کو شخصی لمس دیتے ہوئے محولہ بالا "آدِ انیل اناد اناہت" خدائی "صفت

سالاہ" میں ایک زبان، لاکھ زبانیں، بیس لاکھ زبانیں، نہیں نہیں ان کی بھی لاکھ لاکھ گردشیں سے جٹ جاتا ہے۔ کیونکہ

اس راہ پر چلتے ہوئے آہستہ آہستہ روحانی منازل کی رسید حاصل ہوتی ہے۔ جو کسی دیگر قوت سے حاصل نہیں ہو سکتی۔

پہلی منزل وہ ہے جہاں "راتی رُتی تھِتی وار" کے مانند قانون یعنی فرض میں مشغول ہو کر معینہ چال سے چلتا ہے۔ کہ اس

کو "دھرم کھنڈ" کہا گیا ہے۔ دوسری منزل وہ ہے۔ جہاں زندگی اس شاہراہ کی ساخت اور اس سفر کی طرفگی سے آگاہ ہو

جاتی ہے۔ اس کو "گیان کھنڈ" کہا گیا ہے۔ یہاں فدواں پڑاؤ ختم ہوتا ہے۔ اور ساتھ ہی "دنیوی منازل" جو فرض

اور علم و عرفان یعنی دماغ کے دائرے تک ہی محدود ہیں۔ ختم ہو جاتی ہیں

(ج) عروج اور اختتام :-

دسویں اور آخری پڑاؤ میں نفسیاتی اور روحانی سفر کا ذکر آتا ہے۔ جو انسانی ارتقاء کی چوٹی ہے۔ تیسری منزل کو "سرم کھنڈ"

کہا گیا ہے۔ جہاں "سُرتِ مَتِ مَنِ بدھ" کی تراش خراش ہوتی ہے۔ چوتھی منزل "جودھ مہابل سور" کے مقامات

کی ہے۔ اس کو "کرم کھنڈ" کہا گیا ہے۔ یہاں "مرن اور ٹھگن" کا سلسلہ بالکل ہی نہیں ہوتا۔ "نہ اوہ مرہ نہ

ٹھاگے جاہِ" یہ روحانی استحکام کی حالت ہے۔ پانچویں اور آخری منزل "سچ کھنڈ" ہے۔ یہاں خدا کا اپنا قیام

ہے۔ "سچ کھنڈ وسے نرنکار" اس منزل پر پہنچ کر انسان تمام اقسام کی قطاروں اور دیواروں کو توڑ کر "ازلی صداقت"

کی ذاتِ لامحدود میں جو ابدی شگفتگی سے معمور ہے، جا ملتا اور اس کے ساتھ یک جسد و یک جان ہو جاتا ہے۔ "ویکھے

وِگسے کر سے وِیچار" یہ مضمون کی تعمیر کا منتہائے عروج یا اس کی بلند ترین چوٹی ہے۔ کامل فنکار نے مضمون کی انتہائی بلندی

کو چھوتے ہی خاتمہ میں جدید یک بابی ڈرامہ، سے بھی زیادہ تیزی اور چابک دستی دکھائی ہے۔ اس قدر سنجیدہ عمیق۔ وسیع اور دنیا بھر کی واقفیت سے لبریز مضمون کو کمال سلیقہ مندی سے ایک "پوڑی" میں کسی ماہر مرصع ساز کی طرح سمیٹ لیا ہے۔ اور آخری شلوک" میں سردارِ کائنات، انسان کے مقصدِ حیات کی پیچیدگی کے سلجھاؤ اور عقدہ کشائی پر فتح کے شادیانے بجائے ہیں:۔

" جنی نام دھیائیا گئے مسکت گھال
نانک تے مکھ اُجلے کیتی چھٹی نال "

یہ ہے دنیائے ادب میں ضبط و توازن کے مثالی استعمال کا نمونہ جو اہلِ ادب کو فنی بلندیوں کی جھلک دکھاتا ہے۔ مضمون سے اس کامل عمدہ برآئی میں وضاحت ہے۔ اختصار ہے، یک آہنگی ہے یکسانیت ہے۔ اور سب سے زیادہ، مضمون کے آغاز، نکتہ عروج اور اختتام میں وہ فن ہے، جس کی موجودگی مضمون کو چمک دمک اور حسن دے کر دائمی اور زندہ جاوید ادب بنا دیتی ہے اور صاحبِ تخلیق کی شخصیت کے گرد استادی کا ہالہ جھلکا دیتی ہے۔

سودر (رہِ راس)

" راگوں" کے مطابق مرتب "بانی" سے قبل گرنتھ صاحب میں " نِت نیم" کی دو خاص "بانیاں" اور درج ہیں۔ " سودر" اور "سوہلا"، سکھ مسلک کے آئین یا ضابطہ کے مطابق یہ دونوں 'بانیاں' شام اور رات کو پڑھی جانے والی ہیں۔ اسی طرح "جپ" اور "جاپ"، دن چڑھنے سے قبل پڑھی جانے والی 'بانیاں'، ہیں۔ اس آئین کے متعلق سکھ مسلک (گورمت) کے مستند شارح بھائی گورداس لکھتے ہیں:۔

" سودر آرتی گاوئے امرت ویلے جاپ اُچارا "

" گرنتھ صاحب" میں رہِ راس " نام کا کوئی عنوان نہیں، صرف پہلے " شبد" کے ساتھ " سودر" کا عنوان درج ہے۔ مروجہ رہِ راس " کی 'بانی' میں گورونانک صاحب کے چار" شبد" آتے ہیں۔ جو تمام تر راگ آسا میں ہیں۔ 'سودر' کا خاص عنوان دیئے جانے کا مطلب اس تخلیق کے لطیف جذبات سے متعلق ہے۔ یہ 'عنوان'، اگرچہ اس 'شبد' کے پہلے رکن سے

ماخوذ ہے۔ لیکن اگر قدرے بغور مطالعہ کیا جائے۔ تو فوراً معلوم ہوجاتا ہے۔کہ یہ حمد و ثنا خوانی کے الفاظ کے علاوہ ایک مخصوص تیقّن پر بھی روشنی ڈالتا ہے۔ اگر خدا (برہم) یا ذاتِ لافانی (اکال پرکھ) کوئی خاص سچائی یا لبشری اکائی ہے۔ تو وہ خالقِ حقیقی اس جملہ کائنات کے نظام کو کس طرح چلا رہا ہے۔ یعنی اس کا کوئی خاص مقام اور علاقہ ہے۔ رمزیہ فلسفہ کی ایک شدید تلاش کو بیدار کرتا ہے۔ درگاہ، حضوری یا "موکھ دوار" (باب نجات) وغیرہ جیسے اس جانب اشارہ کرتے ہیں۔ ہستیٔ لافانی، بے عیب اور آزاد و بے نیاز، طاقت تو ہے ہی۔ لیکن وہ ہر جگہ جاری و ساری اور ہر شئے میں موجود ہے۔ اس کی شبیہہ مقدس کیثر اور کروڑ ہا نغمات، ایسی عظیم موسیقی کی زمزمہ پردازیوں اور نغمہ ریزیوں کے آہنگ میں رواں ہے۔ کائنات کا ذرّہ ذرّہ مخصوص اور مساوی طور پر اس عظیم موسیقی میں لرزاں ہے۔ یہ اعلےٰ روحانی حلقوں کی دلکش موسیقی کا دلچسپ احساس تو ہے ہی۔ لیکن اس کے علاوہ عظیم قوتِ خداوندی کی وہ محیط کل اشکال جن میں طبقات و کائنات۔ بہشت، عالم ناسوت اور تخت الثریٰ سب شامل ہیں۔ کا حقیقی علم بھی بخش دیا ہے۔ اس شبد کے دو حصّے ہیں۔ حصّہ اوّل کا سر بستہ خواہانہ اور احساس رمزیہ ہے۔ اور دوم کا لہجہ تعقّلی اور فلسفیانہ ہے۔ جس میں اس کی تخلیقی قوت کا تذکرہ ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ "حکم و رضا" کا راستہ بھی دکھایا گیا ہے۔

سودر (درِ راس) کی 'بانی' میں گورو نانک صاحب کے تین مزید "شبد" موجود ہیں۔ ان میں بالترتیب "کرتا پرکھ" (کردگار) کی وسعت پر فخر، اس کے 'نام' کی عظمت اور عالمِ خشک و تر میں بشری قوت کی بے بضاعتی کا عرفان کرواکر خود سپردگی کی ترغیب دی گئی ہے۔

سوہلا آرتی

"سوہلا" ایک ایسی مناجات ہے۔ جو رات کو سونے کے وقت پڑھی جانے والی 'باتی' کا نام بھی ہے۔ گورو نانک صاحب کے اس میں تین 'شبد' ہیں۔ جو بالترتیب (راگ گوڑی دیپ کی، 'راگ آسا'، اور راگ دھناسری) میں ہیں۔

راگ آسا' کے 'شبد' ۔ میں کثرت میں خدا کی وحدت، 'کو کمف شاستروں' کی گوناگوں تشریح اور حقیقی اکیلت۔

کو ایک آفتاب سے پیدا ہونے والے مختلف موسموں کے عمل کی مثال سے واضح کیا گیا ہے۔" گُرمت "کے مطابق "شاستر" وہی ہے۔ جس میں کرودگار کی تعریف ہو۔ شاعری اور اظہارِ جذبات کی رُو سے 'راگ دھناسری' کا 'شبد' بہت ہی خاص تخلیق تسلیم کی گئی ہے۔ "اشٹ دیو" کی 'آرتی' اُتارنے کا ایک روائتی آئین ہندوستان میں مدتوں سے رائج ہے۔ گورو صاحب کی عظیم شخصیت مخصوص رسومات کی حدُود میں آنے والی نہیں۔ اُس کا جمالی تصوّر مادی معابد کے تنگ اور تکلیف دہ ماحول میں نہیں سما سکتا ہے لئے وہ ایک وسیع کائناتی تصور اخذ کرکے کائناتی شکل کی آرتی کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ جہاں افلاک و طبقات۔ آفتاب و ماہتاب بخوم و نکہت اور جملہ نباتات کے "انحد شبد" خدائے بزرگ و عظیم کی 'آرتی' میں مگن ہیں۔ یہ ارض و سماء خدا کے ثنا خواں ہیں۔ اس خدا کی لکھو کھا آنکھیں، ناک، پاؤں اور شکلیں ہیں۔ لیکن پھر بھی اس کے کوئی مخصوص خط و خال اور شکل و صورت نہیں ہے۔ صرف ایک ہی خاص بات ہے۔ کہ اس کا نور ہی تمام پُر تنویر اشیاء میں موجود ہے۔ ایسے خدا کے پائے مقدس کا بھونرا بن کر، پپیہے کی مانند آبِ حیات میں قیام کرنا بندۂ خدا (گُرسکھ) کا مقصودِ حیات ہے۔

پہرے (بھیری راگ)

اس تخلیق میں صرف دو ہی 'شبد' ہیں۔ ہر 'شبد' کے چار ارکان (پد) ہیں۔ ان دونوں 'شبدوں' میں حیاتِ بشری کو رات کے چار پہروں سے تشبیہہ دی گئی ہے۔ ہر پہرے کی مخصوص فطرت بیان کی گئی ہے۔ یہ بیان جذبات سے پُر اور از حد دلکش ہے اِس کے مطالعہ سے دُنیائے فانی کی حقیقت کا بخوبی عرفان ہوتا ہے۔ جیسے بشر طلسمِ دُنیا کی محبت کے زیرِ اثر گراں قدر خیال کرتا ہے اس سے یہ بھی واضح ہوتا ہے۔ کہ بشر کے اپنے اعمال ہی اُس کی راہِ حیات کو تاریک یا روشن بناتے ہیں۔ ان بندوں میں زندگی کے چار حصص واضح کئے گئے ہیں۔ پہلے بند میں حالتِ حمل کا بیان ہے۔ دُوسرے بند میں والدین اور دیگر لواحقین کے ساتھ تعلق خاطر کا بیان ہے۔ تیسرے میں دولت و ثروت اور حسن و شباب میں پھیلنے والی لذات و خواہشات کا اور چوتھے بند میں کشتِ حیات کے پک کر تیار ہو جانے پر موت کی درانتی سے اُسے کٹتا ہُوا دکھایا گیا ہے۔ اس وقت بشر کو یہ حقیقت معلوم ہوتی ہے۔ کہ جس مال و متاع کو وہ اپنا سمجھتا تھا۔ وہ کس قدر بیگانہ اور غیر ثابت ہُوا ہے۔ اور متعلقین کی آہ و زاری کس قدر بیکار اور بے معنی تھی

دوسرے 'شبد' میں عمر کے حصے تو وہی چار ہیں۔ حالتِ حمل کی جگہ یہاں پہلے حصے میں بچپن، دوسرے میں شباب تیسرے میں شیب اور چوتھے میں ضعیفی کے باعث قوائے بدن کے انتہائی مضمحل ہو جانے کی حزنیہ تصویر پیش کی گئی ہے۔ جس سے حیاتِ بشر کی بے وقعتی اور بے بضاعتی صاف صاف ظاہر ہو جاتی ہے۔

چوتھی حالت کو 'بانی' کا غنائی آہنگ انتہائی پُر تاثیر بنا دیتا ہے۔ دوسرے 'شبد' کے آخری (پانچویں) بند میں دو واضح تصاویر ایسے ایمائی ڈھنگ سے پیش کی گئی ہیں۔ کہ بے خبر اور غافل انسان کی زندگی کا نقش مثالی شکل میں سامنے آجاتا ہے۔ اور پھر دو نظریاتِ زندگی میں جو فرق یعنی انسانِ صالح کی زندگی میں جو معنویت ہے۔ واضح صورت میں سامنے آجاتی ہے۔ یہ تصویر جتنی ایمائی ہے۔ اُتنے ہی زور دار اور مؤثر اسلوب میں پیش کی گئی ہے:-

"اوڑک آئیا تن ساہیا ونجاریا مترا جر جرُوا نا کِن
اِک رَتی گُن نہ سما نیا ونجاریا مترا اَوگُن کھڑ سِن بنھ
گُن سنجم جاوے چوٹ نہ کھاوے نہ تِس جمن مرنا
کال کال جم جوہ بھائے بھگتِ بھے تجنا
پَتِ سیتی جاوے ہسج سماوے سگلے دُوکھ مٹاوے
کہہ نانک پرانی گرمکھ چھوٹے ساچے تے پَتِ پاوے"

اس تخلیق میں رات کی علامت ظلمتِ جہل کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کی گئی ہے۔ گورو صاحب کا منشاء زندگی کے جہلِ تو ہمات کو ختم کرنا تھا۔

ماجھ کی وار

'وار' پنجابی کی ایک بیانیہ صنفِ سخن ہے۔ گورو نانک صاحب نے عمومی بحر کی وار کو جو ناتراشیدہ شکل میں سفلی، سوقیانہ موضوعات کے بیان کا ذریعہ بنایا۔ اور اس کو پنجابی شاعری کی معروف عوامی بحر بنا دیا۔ گورو نانک صاحب نے

خود کو خدا کا ڈھاڈی قرار دے کر کائنات میں نیکی بدی کے مابین ہو رہے مجادلہ کو بڑی وضاحت کے ساتھ بیان کیا۔ اور صداقت کی فتح کا یقین دلایا ہے۔ گورونانک صاحب کی 'واریں'، ان کی طویل 'بانیوں' میں شامل ہیں۔ ان کا مواد یعنی روح اگرچہ فلسفیانہ اور لطیف ہے۔ لیکن ان میں رزمیہ عنصر غالب ہے۔

"گرنتھ صاحب" کی دیگر واروں کے مانند یہ 'وار' بھی 'پوڑیوں' اور 'شلوکوں' میں منقسم ہے۔ 'پوڑی' وار کی خالص اور مستند ہیئت ہے۔ اور 'شلوک' اٹل صداقتوں کا تیقن دلانے کے لئے لائے گئے ہیں۔ "ماجھ کی وار" میں ۲۷ پوڑیاں اور ۶۲ 'شلوک' ہیں۔ ہر 'پوڑی' کے آٹھ مصرعے (تکیں) ہیں۔ اس وار کے مؤلف گورو ارجن دیو صاحب نے گورونانک صاحب کے ۴۶ 'شلوکوں' کے ساتھ دوسری، تیسری اور چوتھی پاتشاہیوں (یعنی دوسرے، تیسرے اور چوتھے گورو صاحبان) کے بالترتیب گیارہ، تین اور دو 'شلوک'، بھی شامل کر دیئے ہیں۔ جو مواد کے لحاظ سے 'وار' کے نفس مضمون سے میل کھاتے تھے۔

"ماجھ راگ کی وار" مرشد (گورو) کی توصیف سے شروع ہوتی ہے۔ مرشد عطا کنندہ اور خنکی کا سرچشمہ ہے۔ اور وہ ہر سہ عالم کی شمع منور ہے۔ اور اس سے بشر کو حقیقی دولتِ جاوید اور سرورِ کامل حاصل ہوتا ہے۔ اس دنیائے تیرہ و تار میں، جہاں مرشد روشنی کا مرکزی منبع ہے۔ وہاں خوئے جہل کے تحت حیات بشری ایک بے مایہ حقیقت ہے۔ اور فانی واہمہ کے سوا کچھ نہیں یہ دنیا محض دھوئیں کا محل ہے۔ پہلی 'پوڑی' کے ساتھ درج 'شلوکوں' میں انسان کی حقیقی زندگی کی بے حد لطیف، واقعاتی اور فنکارانہ تصویر پیش کی گئی ہے۔ اور بچپن سے موت تک کے مناظر کو لفظی تصاویر کے ذریعہ متشکل کیا گیا ہے۔ حیاتِ بشری کی اس سے بہتر تصویر دنیا بھر کے شعری ادب میں تلاش کرنے پر بھی شاید نہ مل سکے۔

" دس بال تِیہ بیس رَوَن بِتیہا کا سُندر کہا ئے۔

چالیسی پُر ہوء پچاسی پَگ کِھسَے، سٹھی کے بڈھیپا آئے

سَتری کا مَت ہینُ، اسیہاں کا وِیہار نہ پاوے

نوے کا سہجا سنی مُول نہ جانے اَپ بَلُ

ڈھنڈھولم ڈھونڈھم ______ ڈِٹھُو مَیں نانک جگ دُھوئے کا دَھولہرُ "

اور اس " آ میا گیا موٹیا ناڈ " والی خالص حقیقت کے روبرو انسان غیرتیت میں محو ہو کر نافرمانوں والی کورانہ محبت یعنی دنیا کے دھوں کے دام فریب میں پھنس جاتا ہے۔ جس کے باعث وہ مُرشد (گورو) کی امداد کے بغیر اس دُنیائے فانی کے بحرِ عمیق کو تیر کر خود پار نہیں کر سکتا۔ اور غرق ہو جاتا ہے۔ اس کی انسانی ذلیت اکارت ہی چلی جاتی ہے :-

"نانک مَنمکھ اَندھ پیار ، باجھ گرو ڈُبا سَنسار "

اِس دُنیا کو خدا نے خود تخلیق کیا ہے۔ اور ایک کھیل یا اکھاڑے کی صورت میں سجایا ہے۔ اس تخلیق کی پشت پر اس کا کونسا منصوبہ ہے؟ کائنات کی اشرف المخلوقات ہستی یعنی انسان کا صالحین کے لوہی رنگ میں رنگین ہو کر بلند ترین روحانی احساس کو حاصل کر لینے اور خدا کی توصیف وثناء کرتے ہوئے ، اس کے 'نام' کا ورد کرنے کو ذریعہ بنا کر دُنیا کے میدانِ عمل میں جاندار اور بے جان میں اس نصب العین سے گراتے یا دُور لے جانے والی قوتوں کے خلاف متواتر جدوجہد کرنا اس کا منصوبہ ہے۔

'وار' ایک رزمیہ صنفِ سخن ہے۔ جدوجہد اس کی بنیادی رُوح ہے۔ مردِ صالح (گورمکھ) جنگجو ہیرو ہے۔ اور بدراہ (مَنمکھ) دشمن یا ہیرو کا رقیب۔ مردِ صالح کا جذبہ وردِ الٰہی (نام سمرن) ہے۔ اور قوت کا روحانی احساس ہے۔ جو اس کو ہمیشہ دبلند حوصلہ رکھتا ہے۔ یہی روحانی قوت اس کے حصارِ بدن میں مقیم ذاتی دشمنوں یعنی جذباتِ شہوانی وغیرہ جبلتوں پر فتح دلاتی ہے۔ اور وہ اپنے سپہ سالار یعنی مرشد کی پناہ میں جا کر خود کو ایک ایسے ضابطہ میں ڈھال لیتا ہے۔ کہ وہ اِس دنیلے میدانِ عمل میں اپنے بہادرانہ کارنامے سرانجام دیتا ہوا حضورِ خدا میں عزت وآبرو کے ساتھ پہنچتا ہے۔ 'نام' کا لوا حق ہمیشہ ، ہر وقت اُس کی حفاظت کرتا ہے۔ اس کو ایک ایسی روحانی قوت حاصل ہو جاتی ہے۔ کہ تینوں محاذوں پر بھی دشمن افواج اس کے مقابلہ کی تاب نہیں لا سکتیں۔ یہ تین محاذ یا عزماتِ جنگ ہیں ، شہوت ، غصہ ۔ لالچ ۔ محبت ۔ تکبر وغیرہ جبلتیں ۔ دنیاوی خواہشات کا دام جو انانیت کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے ۔ بے خبری میں ہی آدمی کو طلسم دنیا کے غیر مرئی حلقوں میں جکڑ لیتا ہے ۔ اور تیسرا ہے ملک الموت کا خوف۔ اس دشمن فوج کے ساتھ جنگ آزما صالح مرد نے مُرشدِ کامل کے عطا کردہ "نام" کے جذبہ سے مقابلہ کرتے ہوئے فتحیاب ہو کر درگاہِ خداوندی میں حاضر ہوتا ہے ۔ مردانِ صالحین کے ساتھ نافرمان دُنیا داروں کا کوئی مقابلہ نہیں :-

" بھگتاں تے سنساریاں جوڑ کدے نہ آئیا ۔"

'گورمکھ' (صالح) کا قیام 'گورمت' کے حلقہ میں ہے۔ 'مَن مکھ' (نافرمان) کا 'مَن مت' ہیں۔ 'مَن مت' ہیں، انانیت، تکبر، خواہش اور جہالت نیز دیگر وساوس اور اوہام ہیں۔ وہ خواہشات کے بندھنوں میں جکڑا ہوا ہے۔ لیکن 'گورمکھ' مسرت ابدی کی حالت میں رہتا ہے۔ گورمکھ کو دُنیائے فانی کی بے ثباتی کا عرفان ہے۔ لیکن 'من مکھ' اسی کو آخری حقیقی قوت سمجھنے لگتا ہے۔ چنانچہ اسے نفسیاتی اُلجھنوں سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ ایک خواہش دوسری کو جنم دیتی ہے۔ لہٰذا وہ خواہشات کی بھول بھلیوں سے باہر نہیں نکل سکتا لیکن گورمکھ کو اس دنیائے فانی کی بے ثباتی کا بھی عرفان ہے۔ اور ساتھ ہی وہ اس کے ابدی اور لازوال عناصر سے بھی بخوبی واقف ہے۔

" راجے رئیت کوء نہ رہیسئو
ہٹ پٹن باجار حکمی ڈھہیئو
پکے بنک دُآر مورکھ جانے آپنے
درب بھرے بھنڈار ریتے اِک کھنے
تاجی رتھ تکھار۔
ہاگ بلکھ گھر بار کتھے سیاپنے
تنبو پلنگھ نوار سراء چے لالتی
نانک سچ داتارُ سنا کھتُ کدرتی

اس 'وار' کے 'شلوکوں' میں وقت کی بے رحم حقیقت کا اظہار کیا گیا ہے۔ "کل یگ" کے حکمرانوں کا سنگین جبر جاری ہے "کلکاتی" شکل میں "قصائی راجاؤں" کے ہاتھوں میں عوام کی گردنیں اڑاتے والا تیز صحفیار چمکتا ہے۔ "دھرم" پر لگا کر دنیا سے پرواز کر گیا ہے۔ اور اس "کلجگی" تاریکی میں راہنمائی کرتے والی روشنی کہیں نظر نہیں آتی۔ راجے بے گناہ رعیت کا خون پینے والے ہیں۔ ان کے دل پاک کس طرح رہ سکتے ہیں۔ ایسے وقت میں کم دل اور جاہل راہنما بے خبر عوام الناس کو بہکا کر دشتِ گمراہی کی جانب لے جا رہے ہیں۔

اِس تخلیق میں شاعرِ اعظم، گورونانک صاحب نے طنز کا زبردست اور فنکارانہ آئین استعمال کیا ہے۔ کل یگ کے راہنماؤں راجاؤں۔ رشوت خور اہلکاروں، نمائشی اور شاقہ ریاضت کے۔ دام او ہام میں گرفتار جینی سادھوؤں کی طنز یہ تصویر پیش کی ہے۔ اس 'وار' کی سب سے بڑی خوبی عصر حاضر کے معاشرہ کا حقیقی اور بھرپور نقشہ پیش کرنے میں مضمر ہے۔ دام اوہام کی باریک ترین اور چھوٹی چھوٹی تاروں کو بھی کھول کر دکھایا گیا ہے، جس میں مجبور و مظلوم عوام اُلجھے ہوئے تھے۔ لیکن انسانی زندگی اور معاشرے کے اندر پھیلی ہوئی تاریکی کی اِس تیرگی میں 'رہبر کامل' 'ستگورو' کا دروازہ بہت بڑی درگاہ فیض رساں ہے۔ مرشد (گورو) اپنے پیروکاروں اور حامیوں کو 'نام' کی نعمت بخش کر اس میدانِ جنگ یا اکھاڑے میں اُترنے کے لئے تیار کرتا ہے۔ تاکہ وہ عنصرِ اعلیٰ، تخلیقِ عالم اور مقاصدِ حیاتِ بشر کے عرفان کی روشنی میں اپنی زندگی کو بارآور بنا سکیں۔

گوروشاعر نے خود کو خدا کا ثنا گر اور ڈھاڈی بیان کیا ہے، جو خدا کی عظیم حقیقت کو اِس دُنیا پر ظاہر کر رہا ہے۔ تاکہ آدمیت کو تیرگی میں وہ روشنی میسر آسکے۔ جو انسان کو روحانی مسرت عطا کرتی ہے:۔

"ڈھاڈی کرے پساؤ سَبدٗ دِ جائیا

نانک سچ سَلاہِ پورا پائیا"

اس وقت کے حکمران مذہب، اِسلام کے برسرِ اقتدار طبقہ کی حرکات اور علامتی ڈھنگ سے حقیقی دینِ اسلام کی وضاحت کی گئی ہے۔ جو گوروشاعر کے وسیع، انسان دوست دل کی شاہد ہے۔ اور ساتھ ہی گورو کے فلسفہ کی دینی ہیئت کو اُجاگر کرتی ہے۔ کہیں کہیں فارسی عربی الفاظ کا بڑی سلیقہ مندی سے استعمال کیا گیا ہے۔ جس سے گورو صاحب کی صحت مند اور فنکارانہ سوجھ بوجھ کا ۔۔۔۔ بخوبی اور بہ آسانی اندازہ لگایا جا سکتا ہے:۔

"پرندئے تو گراہ جو۔ در کھت آب آس کر

دِہند سوئی۔ ایک تُوئی ایک تُوئی۔"

گورونانک صاحب کی مصنّفہ تینوں 'وار' یں، موضوع کے لحاظ سے سہ اسلاک بار کے مانند ہیں۔ اس کی سلک اول ماجھ کی 'وار' کے ذریعہ مکمل ہوتی ہے۔ جس میں صداقتِ اعلیٰ کے ابدی نور کا ظہور ہوتا ہے۔ اور ہر طرف پھیلی ہوئی تیرگی کو مرشد (گورو)

کے عطا کردہ "نام" کا چراغ روشن کر رہا ہوتا ہے۔

پٹی

"آسا راگ" میں گورونانک صاحب کا "خاص" کلام بعنوان "پٹی لکھی" درج ہے۔ جو اپنے موضوع اور ہیئت کے باعث خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ اس میں گورمکھی حروفِ تہجی کے پینتیس ۳۵ حروف کو بنیاد بنا کر ہر بند ایک ایک حرف سے شروع کیا گیا ہے۔ اس طرح جہاں حروف کا مخصوص تلفظ متعین کیا گیا ہے۔ وہاں موضوع کے لحاظ سے زندگی کی اٹل سچائیوں اور سادہ و سہل طریق زندگی کا تیقن کرایا گیا ہے۔ اس کا آہنگ فکر انگیز و وضاحت خیز لیکن ایمائی اور سبق آموز ہے۔ "ہینتی" کے دو لختی منظوم بندش میں زندگی کی عظیم صداقتوں کو ظاہر کیا گیا ہے۔ پہلا بند "حمدیہ" ہے۔ اور "رہاؤ" کا مصرع بھی اسی میں شامل ہے۔ جس میں پوری نظم کا خلاصہ آجاتا ہے۔ یہاں یہ واضح کیا گیا ہے۔ کہ خواندہ صرف وہی ہے۔ جس کا حساب کتاب "درگاہ" میں پورا اترتا ہے۔

"من کا ہے بھولے موڑھ منا =

جب لیکھا دیوہ بیرا تو پڑھیا = ۱ = رہاؤ"

ہر بند جہاں اپنے موضوعاتی بہاؤ کا ایک سلسلہ ہے۔ وہاں ایک آزادانہ اکائی بھی ہے۔ جو ایک خوبصورت آزاد نظم کی عمدہ مثال ہو سکتا ہے۔

بنیادی موضوع میں رب خدا، اس کی قدرتِ کاملہ کی اکلتا اور ہمہ گیری، دنیا کی ناپائیداری، بے دینی اور مادیت کا بیان ہے۔ اور پھر حیاتِ بشر میں خواہشاتِ دنیا کے زیرِ اثر پیدا شدہ دوتائی، دور واپسی (نام سمرن) اور مرشد کے فضل و عنایت کے ذریعہ اس بیگانگی کو دور کرنے کا کامیاب ذریعہ بنایا گیا ہے۔ اس کا اسلوب جس قدر ایمائی ہے۔ اسی قدر دلپذیر، پرتاثیر اور مثبت بھی ہے۔ واضح اقوال ذہنِ انسانی میں فوری اور بڑی تبدیلی پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ زبان کا سلیس انداز اور ہر دلعزیز ڈھنگ احساس کو مزید نکھارتا اور چمکاتا ہے:۔

" سبے سو بِشر شٹ جن ساجی ، سمجھنا ساہب ایک بھیا
بیوت رہے چت جن کا لاگا آئیا تن کا سچل بھیا

جھجھے جھُورِ مرہ کیا پرانی جو کچھ دینا سو دے رہیا
دے دے ویکھے حکم چلائے ، جیئوں جیہیا کا رِجک پیا

ددے دوس نہ دیئو کسے ، دوس کرماں آپنیاں
جو میں کیا سو میں پائیا دوس نہ دیجے اور جناں۔ "

آسادی وار

گورونانک صاحب کی اس طویل 'بانی' کو تمام 'گربانی' میں خصوصی مقام حاصل ہے۔ یہ بانی (کلام) "گرسکھ رہ ریت" (سکھ مذہب کی طریقت) میں علاالصبح اجتماعی طور پر گائی یا پڑھی جاتی ہے۔ چوتھی پاتشاہی کے "چھکے" (مسدس) گائے جانے کے پیشِ نظر ساتھ ملا دیئے گئے ہیں۔ 'چھکے' سے اس بانی کا آغاز ہوتا ہے۔ 'شلوک' سے اطمینان بخش طور پر وضاحت ہوتی ہے۔ اور 'پوڑی' کی تلاوت سے اس کا تکملہ کیا جاتا ہے۔ اس طرح یہ چھکے، شلوک اور پوڑی کا سنگم ہے طلوعِ آفتاب سے قبل 'گورسکھ من' اپنی آلودگی ترک کرنے میں کامیاب ہو کر، دن بھر کی کارکردگی کے لئے تیار ہوتا ہے۔ اس 'بانی' میں ۲۴ پوڑیاں اور کل ۶۰ شلوک درج ہیں۔ جن میں سے ۱۵ شلوک "محلہ دوجا" (یعنی دوسرے گورو صاحب) کے ہیں۔ غالباً یہ شلوک، قدرے تبدیلی کے ساتھ "پاتشاہی دوئم" (یعنی دوئم گورو صاحب) نے فرمائے۔ اور گورو ارجن دیو صاحب نے ان کو "سلوک م : ۲" کے طور پر اس بانی میں شامل کر لیا۔ اس بانی میں "گورو" کی اس شبیہہ کا بیان کیا گیا ہے

جو ہماری انفرادی۔ معاشرتی اور مذہبی زندگی کی اساس ہو سکتا ہے۔ یہ شبیہہ مقصدِ حیات جس کی بنیاد "ستگرو" کی عطا کردہ روحانی بصیرت ہے، اس عمل صالح سے ظہور میں آتا ہے۔ جو گورو کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔ بعض کے خیال میں یہ روحانی بصیرت یا ملکوتی تغیر تدریجاً ہوتا ہے۔ لیکن یہاں "کرت نہ لاگی بار" (اسے فضل کرتے نہیں لگتی بار) کے اس اٹل اصول کا تیقن کرایا گیا ہے۔ جس کے مطابق چشم زدن میں پارس کا مس لوہے کو سونا بنا دیتا ہے۔ اسی طرح "گورمکھ" کو گورو کی توجہ ایک لمحہ میں دیوتا بنا دیتی ہے۔ انسان تو خدا کی کائنات اور اس کی قدرت کے کاروبار میں رہتا ہے جس کے باعث اکثر اوقات اس کی زندگی "من اندھے جنم گوائیا" کے مصداق اکارت چلی جاتی ہے۔ اس کو شبہ گونہ واہموں کی خیالی بندشوں میں رہنا پڑتا ہے اس لئے گورو (مرشدِ کامل) کی راہنمائی اور ہدایت کے بغیر وہ اس خوابِ غفلت کی حالت سے باہر نہیں نکل سکتا۔ اس خوابِ غفلت، جہالت اور باطل کی تاریکیوں میں صداقت کے جگمگاتے نور کو دیکھ نہیں سکتا۔ اور وہ خود آرائی و خود ستائی میں مدہوش بداعمالیوں میں مشغول رہ کر خاکستر ہو جاتا ہے۔ اسے یہ خیال کبھی نہیں آتا۔ کہ خوشنما لباس کی مانند اس خوبصورت جسم کو بھی دنیا میں ہی چھوڑ جانا پڑتا ہے۔ اور اسے اپنے اعمال کا حساب دینا پڑے گا۔ لیکن مرشد (گورو) کی نگاہِ کرم ہوتی ہے۔ تو آدمی خدا کی عبادت میں محو ہو جاتا ہے۔ وہ اس کے خوف سے بے خودانہ سلوک کے اٹل حکم کو سمجھتا ہوا محبت خوف اور عبادت کے جذبہ سے وابستہ ہو کر اور مخلوقِ خدا کی خدمت کا راستہ اختیار کرتا ہے۔ وہ اپنے دل میں ان عبادت گزار اور صالح بندگانِ خدا کا خیال بساتا ہے۔ جو مالکِ حقیقی کے دروازے پر کھڑے اس کی ثنا گری کر رہے ہوتے ہیں۔ ایسے صالح افراد کو حق و باطل کی حقیقت کا مکمل عرفان حاصل ہو جاتا ہے۔ دنیائے فانی میں وہ اپنا روشن روحانی راستہ منتخب کر لیتے ہیں اور خدا کی قدرت کے اٹل اصولوں کو جانتے ہوئے، اس کے احکام کی تعمیل کر کے رضائے حق میں رہنے کی خوش نصیبی حاصل کرتے ہیں۔

گورو نانک صاحب جہاں معاشرتی ناانصافی اور جابرانہ نظام حکومت کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں۔ وہاں وہ مروجہ اور پر از اوہام مذہبی تہذیب کے فضول اعمال کی مذمت بھی زوردار ڈھنگ سے کرتے ہیں۔ بابا صاحب (گورو نانک صاحب) کے ہاں جہاں سچ کی روشنی ہے۔ وہاں فریب، جہل اور وہم کی پوری پوری مذمت اور مخالفت

بھی ہے۔ وہ انسانی بصیرت کو مکمل طور پر آزاد اور حالتِ معمول میں لے جانا چاہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس تخلیق کے شلوکوں، میں اسلام، ہندو، ویشنو بھگتی، جوگ، راس لیلا اور برہمن دھرم کی رسومات کے کھوکھلے پن کو طنز کی نوکِ نشتر سے دُور کیا گیا ہے۔ اس میں سوتک، جنیؤ، شرادھ وغیرہ دیگر مذہبی رسومات کے برخلاف۔ خدمت اور عبادت کا عملی طریقِ حیات بتایا گیا ہے خدا اور بندے کے اتحاد کی... سب سے بلند روایت قایم کی گئی ہے۔ پیدائش اور مرگ کو "امرِ الٰہی" کہہ کر دنیا میں آنے جانے کو منشاءِ خداوندی کے تحت ثابت کیا گیا ہے۔ عورت کو بھی مرد ہی کے مانند معاشرے کا ضروری اور مساوی عضو بنایا گیا ہے۔

اس "وار" کی سب سے اہم بات خدا اور قدرتِ خدا کی اٹل حکمرانی وحدانیت سے متعلق حقیقی علم دینا ہے۔ وہ اپنی قدرت کے اندر موجود ہے۔ قدرت اس کے حکم یا خوف کے ماتحت ہے۔ صرف خدا جو اس کائنات کا خالق ہے۔ بے خوف و لا حذر ہے۔ اس لئے رضاءِ خدا کو تسلیم کرتے ہوئے اس کی مدح و ستائش کرنا اور ورد و عبادت کے ذریعہ اس کے ساتھ منسلک رہنا زندگی کا اعلےٰ نصب العین ہے۔ یہ تمام ظروف خدا نے ہی بنائے ہیں۔ اور اسی نے کسی کو دودھ سے لبریز کیا ہے۔ تو کسی کو چولھے پر چڑھائے رکھتا ہے۔ وہ خود ہی اس کھیل کا خالق ہے۔ اور خود ہی اسے سمیٹنے والا۔ وہ اپنی پیدا کردہ کائنات کو قائم رکھنے یا نہ رکھنے پر قادر اور اس کا مالک و مختار ہے۔ لہذا بشر کو اس کی رضا قبول کرتے ہوئے مرشد (گورو) کا بتایا ہوا روحانی راستہ اختیار کرنا چاہیئے۔ مرشدِ صادق کے بغیر اس راستہ کا حصول ممکن نہیں۔ لیکن جب یہ راستہ حاصل ہو جاتا ہے۔ تو انسان کے اندر خود بخود حلاوت، انکسار، رحم، پاکیزگی، خوابِ غفلت سے بیداری، خود سپردگی عبادت گزاری، خدمت اور نیکی کے جذبات بیدار ہو جاتے ہیں۔ جب اس کی زندگی کا عمل بامعنی ہو جاتا ہے۔ تو وہ درگاہِ ایزدی میں، جہاں اعمال و افعال کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ سرخ رو ہو کر پہنچتا ہے۔

اس نظم کی ڈکشن اور استعاراتی اسلوب بلند ترین فنکارانہ لمسوں سے پُر اور عوام الناس کے قلوب پر امِٹ اثر چھوڑنے والا ہے۔ اس کے استعارے بہت تیز، کٹیلے، گھریلو، اور روزمرّہ پیش آنے والی صداقتوں اور اعمال کا مرقع آنکھوں کے سامنے معلق کر دینے والے ہیں۔ اس کی شیریں اور پُر جلال موسیقی دل میں نادر بے خودی اور محویت کو بیدار کر کے بلند پروازیوں پر آمادہ کرتی ہے۔ اس کی روح انسان کو بلند حوصلہ رکھتی ہے۔ اور وہ یکایک تمام توہمات سے نجات حاصل

کر لیتا ہے۔ 'گورمت' (سکھ مذہب کا طریق) کی شاہراہ پر بے خوف ہو کر چلتا ہوا وہ گورو کی عظمت کو بخوبی جان لیتا ہے اور اس طرح وہ ہمیشہ اس عظیم پُر نور قوت پر تصدق ہوتا رہتا ہے۔

الاہُنیاں

"الاہُنیاں" کے زیرِ عنوان راگ 'وڈہنس' میں پانچ 'شبد' ہیں۔ اگرچہ اس تخلیق کو چھوٹی یا کم طویل تخلیق (مختصر نظم) تسلیم کیا جاتا ہے۔ لیکن اس کی خصوصیت یہ ہے۔ کہ یہ موت جیسے اٹل موضوع پر خصوصی "سکھ فلسفہ" کی وضاحت کرتی ہے۔ موت خواہ ایک اٹل حقیقت ہے۔ لیکن 'بانی' کے مطابق یہ اس قدر جذباتِ ترحم پیدا کرنے والا فنا طبیعی سانحہ نہیں جو اس کائنات کی تخلیق اور اس عالم کے خالق کی منشاء و مرضی کو جانتا ہے؛ اس کے لئے موت خوفناک حقیقت نہیں رہ جاتی۔ ایک تو یہ قدرت کا اٹل اصول اور پھر لازمی عمل ہے۔ دوسرے جو اس حقیقت سے آگاہ ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے یہ خدا کے گھر پہنچنے کا مبارک موقعہ بھی ہے۔ پھر دنیاداروں کی گرفت میں موت کے ساتھ حزن کی خاص جذباتیت منسلک ہے حیات کے روحانی عرفان کی روشنی میں ایک تو وہ مردانِ صالحین ہیں۔ جو اس کی حقیقت سے واقف ہو جاتے ہیں۔ اور 'گمراہین' جو مادی آسائشوں کے لئے آلام کی گرفت میں پھنسے ہوئے، بے معنی واویلا کرتے رہتے ہیں۔ اس 'بانی' میں موت دو قسم کی بتائی گئی ہے۔ ایک تو "مرنا منسا سوریاں" (بہادر مردوں کا مرنا) اور دوسرے خود غرضوں کا، غم، پشیمانی اور آہ و زاری سے بھرا ہوا مرنا۔ گورو صاحب نے ہر دو اموات کی جانب اشارہ کیا ہے۔ اور یہ بتایا ہے۔ کہ موت ایک بڑی حقیقت ہے۔ لیکن صالح (گورمکھ) اور گمراہ (من مکھ) کی موت میں فرق ہے:

"مرن مُنسا سُوریا حق ہے جو ہوئے مرنِ پروانُ
سُورے سوئی آگے آکھیئے درگاہ پاوہِ ساچی مانُ
درگہ مانُ پاوہِ پت سیو جاوہِ آگے دُوکھُ نہ لاگے
کرِ ایک دھیاوہِ تاں پھلُ پاوہِ جتُ سیویئے بھئو بھاگے

اُوچا ہنیں کہنا مَن میہہ رہنا آپے جانےَ جانُ

مَرن مُنسا سُوریا حق ہے جو ہوءِ مرنِ پروانُ۔“

اِس عالمگیر واقعہ سے متعلق ماتم کا ایک تو وُہ منظر ہے۔ جو زندگی کے اعلےٰ روحانی راستے سے ناواقف اشخاص اپنی عدمِ واقفیت کے باعث روتے ہیں۔ اَور دُوسرے وُہ ہیں۔ جو قانونِ قدرت کو ذہن نشین کرکے خدا کے حکم کی اوّلیت کو پیشِ نظر رکھتے ہیں۔ اور اس دنیاوی صوُرتِ حال میں حزن وملال کے موقعہ کو خدا کی حمد وثناء کے آہنگ سے پُرامن مبارک موقعہ بنا لیتے ہیں۔ ایک تو وُہ ذی رُوح ہیں۔ جن کو بعد از مرگ قضا کے راستہ پر چلنا پڑتا ہے۔ تاکہ اُنہوں نے اپنی زندگی میں جو اعمال کئے ہیں۔ ان کا بھگتان ہو سکے۔ اور دُوسرے وُہ جنہوں نے خدا کی یاد سے اپنی حیات کو ثمر آور بنا لیا ہوتا ہے۔ لہذا اب ان کو قضا کا راستہ محسُوس نہیں ہوتا۔ وُہ سرخروئی کے ساتھ درگاہِ خداوندی میں پہنچ کر حاصل ہونے والی مسرّتوں اور تعریفوں کے حقدار بنتے ہیں۔

موت جیسے اٹل موضوع پر یہ عظیم تخلیق حزن وملال اور مایوسی کا تاثر پیدا نہیں کرتی۔ بلکہ اس کی حقیقت کا بھرپور تعارف کراتی ہوئی بندے کو خدا کی درگاہ کے لئے پُرامید بناتی ہے۔ اس تخلیق کی زبان بہت پُرمعنی، سلیس اور اس کا اسلوب عوامی شاعری نما ہے۔ جو رچاؤ کی مظہر ہے۔

کُچجی سُچجی

راگ سُوہی، میں ”کُچجی سوُچجی“ کے زیرِ عنوان دو کم طویل تخلیقات درج ہیں۔ یہ تخلیقات عمیق خود نگری سے لبریز ہیں۔ اور انسانی زندگی کی کامرانی پر ایمائی ڈھنگ سے عجیب روشنی ڈالتی ہیں۔ دردِ الہٰی یا عبادت زندگی کا بے حد کامیاب اور اعلےٰ ترین راستہ ہے لیکن یہ بے رس اور بے رنگ بھی نہیں ہے۔ یہ سہاگ کی رس۔ رنگ سے بھرپوُر اپنے محبوُب خاوند کے ساتھ روحانی ملاپ کا خوش آئند راستہ ہے۔ روحِ انسانی، جس کے لئے عورت کو ذریعہ یا اہلیہ کی ایمائی علامت کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ جو اپنے آپ میں یا اپنے خاوند (خدا) کے وصال کی لذّت میں ہمیشہ مدہوش رہتی ہے۔ اس تخلیق میں متذکرہ صدر وصال کی لذت سے محرُوم

نیز اس وصال کی لذت سے بہرہ یاب وہ خیالی مستورات کی روحانی اور نفسیاتی حالت کا بیان ہے۔

'کوچجی'، گنہگار ذی حیات جیسی عورت ہے۔ جو سہاگ کی مسرت سے بالکل محروم ہے۔ جب وہ اپنی دیگر سہیلیوں اور ہمجولیوں کو اس مسرت سے لطف اندوز ہوتے ہوئے دیکھتی ہے۔ تو اس کے باطن میں ایک کسک جاگ اُٹھتی ہے۔ اور وہ ایک صدق دلانہ تلاش میں محو ہو جاتی ہے۔ خدا نے انسانی زندگی کو زیب و زینت بخشنے کے لئے بے شمار قدرتی تحائف عطا کئے ہیں۔ لیکن گنہگار (کوچجی) کا حقیقی راہِ راست سے بھٹک چکا ضمیر ان مادی اشیاء کو ہی زندگی کا بیش قیمت اثاثہ سمجھ لیتا ہے۔ اور اس جسدِ فانی کو ہی حقیقی مقام سمجھ کر وہ اس کی زیبائش و نمائش کا سامان کرتے رہنے میں مست ہو کر، جوانی گنوا بیٹھتی ہے۔ اس کو اپنی ناکامی و نامرادی کا صحیح علم اس وقت ہوتا ہے۔ جب موت سر پر آ کھڑی ہوتی ہے۔ اور بال سفید ہو چکے ہیں۔ یہ مطالب 'ہندی بولی' کے شیریں لہجہ میں اس طرح بیان کئے گئے ہیں:۔

"اِکنُ ٹولِ نہ انبڑا ہئو سدا کوبان تیرے جاؤ جیئو
سوئینا رُپا رنگلا موتی تے مانکِ جیئو
سے وستوُ سہہ دِتیاں مَیں تِن سیو لائیا چِتُ جیئو
مندر مٹی سندڑے پتھر کیتے راسِ جیئو
ہئو اپنی ٹولی بُھلیئسُ تِس کنت نہ بیٹھری پاسِ جیئو۔"

لیکن جب اُس گنہگار (عورت) کو اپنی غلطی کا احساس ہوتا ہے۔ تو وہ صدق دلانہ تلاش میں اس طرح پکار اُٹھتی ہے۔

"تُدھ گنُ، مَیں سبھے اَوگنُ اِک نانک کی ارداسِ جیئو
سبھ راتی سوہاگنی میں ڈوہاگن کائی راتِ جیئو۔"

"کوچجی" (بد سلیقہ عورت ۔ یعنی گنہگار) کے مقابلہ پر دوسرے 'شبد' کی نائکا "سوچجی" (سلیقہ شعار عورت یعنی صالح) نے اپنی زندگی ہمہ پہلو کامیاب کر لی ہے۔ اس نے روحانی طور پر کامل خود سپردگی سے خدا کی مرضی و

منشاء کو شیریں سمجھا ہُوا ہے۔ اس کی رضاء کے تحت ہی وُہ دُکھ کو دُکھ نہیں سمجھتی۔ کیونکہ وُہ جانتی ہے۔ کہ اس کا مالک (خاوند) اس کی سرپرستی اور ہمیشہ حفاظت کر رہا ہے۔ اس کی رضا میں ہی وُہ زندگی کے دُکھ سُکھ بسر کر رہی ہے۔ ہر حالت میں دیدار کی خواہش ہمیشہ موجُود رہتی ہے۔ کیونکہ اس کے بغیر سہاگن کی زندگی کو بار ور نہیں کہا جا سکتا۔ وُہ ہمیشہ راضی بہ رضاء اور ہر حال میں محفوظ رہتی ہے:۔

" بھانے تختِ وڈائیاں بھانے بھِکھ اُداس جیؤ۔"

اس کے دل میں دیدار کی خواہش ہمیشہ موجود رہتی ہے:۔

" کیا مانگؤ کیا کہِ سُنی میں دَرشن بُھکھ پیاس جیؤ۔"

کھتی

اس (نظم) کے بیس بند ہیں۔ نیز 'رہاؤ' کا بند، جس میں تمام 'بانی' کا خلاصہ ہے۔ اور جو درج ذیل کے مطابق ہے:۔

" کیا جپُ جاپ وُ بنُ جگدِیسے
گرُ کے شبدِ مہل گھر دِیسے "

راگ 'بلاول' میں " کھتی گورُو نانک دیوجی دی" ——— (کے عنوان سے) چھوٹے حُجم کی ایک خاص تخلیق ہے۔ اس کا آہنگ مفکرانہ اور ہیئت علامتی ہے۔ قمری ترتیب سے حاصل ہونے والی تاریخوں کو پیشِ نظر رکھ کر اور ہر تاریخ کو بنیاد بنا کر اس پر علامتی ڈھنگ سے فلسفیانہ خیالات پیش کئے گئے ہیں۔ اس طرح یہ 'بانی'، فلسفۂ روحانیات کی آسان تشریح کہلا سکتی ہے۔ اگرچہ اس میں عقل اور جذبات کی یکجائی ہے۔ لیکن تخلیق کا مجموعی تاثر مفکرانہ ہے۔ کئی مقامات پر نہایت خوبصورت اور معجزانہ استعارات کا موزوں و فنکارانہ استعمال کیا گیا ہے۔ یہ واحد تخلیق گورو نانک صاحب کے فن کے کامیاب ترین پہلو کی شاہد ہے۔ زبان کی سلاست اور ہمہ گیری اس کی ایک اور خاص خوبی ہے۔ جو کہ ہر عظیم تخلیق کا ایک مزاج ہوتی ہے۔

تاریخوں کو پیشِ نظر رکھ کر۔ یکم میں " ایک اونکار" دوئم میں " دَوَیت بھاو" (جذبہ عناد) سوئم میں برہما، وشنو اور

مہیش۔ تین دیوتاؤں۔ چہارم میں چار ویدوں۔ چھ شاستروں۔ اٹھارہ پرانوں اور دیگر مذہبی کتابوں۔ پنجم میں پانچ بھوتوں۔ ششم میں چھ فلسفوں (جوگیوں کے چھ سلسلوں) ہفتم میں صدق، صبر اور صدقہ وخیرات وغیرہ اخلاقیاتی اوصاف نیز سات سروروں (یعنی حواس خمسہ اور دل و دانش) ہشتم میں آٹھ سدھوں۔ نہم میں نو ناتھوں اور زمین کے نو طبقات وغیرہ کا ایمائی لیکن پُر تاثیر اور مکمل بیان ہے۔ شستگی۔ شگفتگی اور ایمائی لمسوں سے لبریز یہ تخلیق حد درجہ فلسفیانہ و حسین مطالب پر روشنی ڈالتی ہے۔ اسی طرح دہم پر "نام دان"۔ اشنان (غسل)، سادھنا مارگ پر غور و فکر۔ اور "اکادشی" میں ایک برہم کو من میں بسانے، نیز، ورت، نیم وغیرہ کرم کانڈ کا بہ طریق احسن رد کیا گیا ہے۔ اور اس کے بالمقابل "گرمت" کے مقاصد کو واضح کیا گیا ہے۔ دوادشی (دوازدہم) پر جوگ سادھنوں پر بے مثل روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور "تریدس" و "چودس" میں حیاتِ انسانی کے شجر کنارہ دریا کی جانب اشارہ کرکے "ترے گن اتیت" یعنی "سہج اوستھا" کے "امرپد" کو حاصل کرنے کی تدبیر بتاتی ہے۔ پندرھویں تاریخ "اماوس" کی تیرگی اور جہالت کی تاریکی میں آفتاب کی روشنی کو دل میں طلوع ہوتا دکھایا گیا ہے۔ اور "نام سمرن" کے ذریعہ ملک الموت سے نجات حاصل کرنے کی بصیرت بخشی گئی ہے۔

یہی "نام" اور "سہج" کا راستہ ہے۔ جس کے ذریعہ گورو صاحب نے خدا سے لو لگانے اور یک رنگی حاصل کرنے کا وسیلہ بتایا ہے۔ ایک طرف یہ روحانی احساس اور یقین کا راستہ ہے۔ اور دوسری جانب خود سپردگی کا۔ اس ذریعہ سے ذی روح زندگی کے اس حقیقی عرفان (برہم گیان) پر پہنچ جاتا ہے۔ جہاں اس کا ہر فعل ایک بامعنی اور تخلیقی عمل بن جاتا ہے۔ لیکن اس اعلےٰ ترین روحانی حالت کو حاصل کرنے کے لئے مروجہ فلسفیانہ نظریات۔ ذرائع۔ مسالک وغیرہ کی واضح بصیرت بہت ضروری ہے۔ اور ایسی بصیرت اس کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے۔

رام کلی دکھنی اونکار

گورو نانک صاحب کے کلام میں 'اونکار' نام کی تخلیق کو خصوصی مقام حاصل ہے۔ جدید ناول کے مانند فکر

ضابطہ۔ عقل اور جذبات کا حیرت انگیز اور حیران کن اتصال ہے۔ کلاسیکل اور عوامی اسلوب سخن کا ملاپ، انو پراست اور استعاراتی انداز۔ یہ تمام خوبیاں اس کو معجزاتی تخلیق ثابت کرتی ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ گورو صاحب کی اپنی عظیم شخصیت کی مہر اس کے حرف حرف پر کندہ نظر آتی ہے۔ اس 'بانی' میں نہایت سادگی کے ساتھ فن کا استعمال کر کے اعلیٰ روحانی حقائق اور زندگی کی اٹل صداقتوں کا اظہار کیا گیا ہے۔ روح اور اس کی حقیقت کا عرفان اس تخلیق کا اساسی خیال ہے۔ اس کے ساتھ خدا کی ہمہ گیریت اور اس کی وسعت پر غور کیا گیا ہے۔ دوسرے تضادِ خیال سے پیدا ہونے والے تکبر اور حرص و ہوس کی گوناگوں گمراہیوں کے پھیلے ہوئے لاتعداد رشتوں کی معلق تصاویر سے واقف کر کے مرشد کی ہدائت کے ذریعہ عبادتِ الٰہی کا راستہ دکھایا گیا ہے۔ اس بانی کے ۵۴ بند ہیں۔ ہر بند میں مصرعوں کی تعداد مختلف ہے۔ یہ تعداد چار سے آٹھ کے درمیان ادلتی بدلتی رہتی ہے۔ بانی کا خلاصہ 'رہاؤ'، کے دو مصرعوں میں گورو صاحب نے درج ذیل کے مطابق بیان کیا ہے:-

"سن پانڈے کیا لکھ ہو جنجالا

لکھ رام نام گرمکھ گرپالا = رہاؤ"

اس بانی میں پُر تاثیر اسلوب سخن کے ذریعہ عمیق و بلند فلسفیانہ مطالب کو بیان کیا گیا ہے۔ جگہ بجگہ زندگی کی اٹل صداقتیں زریں اقوال، جو قبولِ عام کی سند حاصل کر چکے ہیں۔ ایسے فنکارانہ انداز سے آویزاں کر دیئے گئے ہیں۔ گویا دور تک پھیلی ہوئی شاہراہ پر جگہ بجگہ سنگِ میل نصب کر دیئے گئے ہوں۔

اس تخلیق کا موازنہ 'راگ آسا کی پٹی' سے بھی کیا جا سکتا ہے۔ 'پٹی' لکھتے وقت دو جگہ پر اشارہ ہے۔ لیکن آسا کی پٹی کے مانند یہاں حروفِ تہجی کے نام رکھنا اور ان کا تلفظ متعین کرنا مقصود نہیں۔ اس سے قدرے تبدیل شدہ ترتیب میں ہر بند کا پہلا لفظ شروع ہوتا ہے۔ لیکن اس کا تلفظ حروفِ تہجی کے مطابق نہیں۔ بلکہ لفظ کا آہنگ بطور اکائی بے ساختہ کر دیا گیا ہے۔ دوسرے پٹی کے بندوں میں ہر بند اپنی جگہ آزاد نظم والے چھوٹے معنی بھی رکھتا ہے۔ یہاں سب کچھ ایک طویل سلسلہ میں بندھا ہوا ہے۔ اور ایک نظام کے تحت ہے۔ اشعار کی بحر اور بندش اس قدر چست اور شگفتہ ہے۔ کہ دو مصرعوں کا "انو پراس" ان دونوں مصرعوں کو ایک خصوصی اکائی کی صورت میں ایک دم اجاگر کر جاتا ہے۔ کئی مقامات پر خیالات اس قدر عمیق مطالب حاصل کر گئے ہیں۔ کہ

گورو صاحب کو بعض ارکان کی تشریح کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی ہے۔ شاید یہ کسی فلسفیانہ اور علمی شاعری کا ایک خاص وصف ہوتا ہے۔ مگر دوسری جگہ احساس کی شدت سے پیدا شدہ یہ قول ایک بہت سادہ اور عظیم صداقت کی شکل اختیار کر گیا ہے۔

" اونکار" ساری کائنات اور اس کی حرکات و سکنات کا بنیادی باعث اور کرو گار ہے۔ اس کی حقیقی شکل ہی معرفت نمایا درخشندہ صورت والی ہے۔ یہ خاص عظیم ذی شعور قوت ہے۔ اسی شکل میں وہ تخلیق کردہ کائنات میں ہر جگہ موجود ہے۔ اس کو جان لینا ہی اعلےٰ روحانی عرفان ہے۔ جس سے جہالت کی تیرگی ختم ہو جاتی ہے۔ اور دل و دماغ میں معرفت کا چراغ روشن ہو جاتا ہے۔ لیکن اس چراغ کو روشن کرنے والا مرشد کامل ہے جس نے نگاہِ کرم سے صراطِ مستقیم کی جانب راہنمائی فرمائی۔ مرشد ہی عرفان کی دولت اور زندگی کا حقیقی علم بخشنے والی عظیم ہستی ہے۔ روحانی علم دل میں تکبر پیدا نہیں کرتا۔ بلکہ اس کی تاریکی و دکھ کے نجات کی طرف انسان کی راہنمائی کرتا ہے۔ اس عظیم تخلیق میں بیان کردہ چند صداقتیں مثال کے طور پر ذیل میں پیش ہیں:-

(۱) اونکار برہم اُتپت = اونکار کیا جن چت =
اونکار سیل جُگ بھئے = اونکار بید نرمئے =
اونکار شبد اُدھرے = اونکار گرمکھ ترے =

(۲) لاج مرنتی مَرگئی گھونگھٹ کھولِ چلی =
ساس دِوانی باوری سِر تے سنک ٹلی =

(۳) گن وِیچارے گیانی سوئ = گن مہہ گیانُ پراپت ہوئ =

(۴) کامُ کرودھ کایا کَو گالے = جیوں کنچن سوہاگا ڈھالے =

(۵) گرمکھ آوے جائے نسنگُ۔ پرہر میل جلائے کلنکُ

(۶) تنی تنتُ رباب کی واجے نہیں وجوگ =
وِچھڑیاں میلے پربھو نانک کر سنجوگ =

(۷) پاپُ برا پاپی کَو پیارا۔ پاپ لدے پاپے پاسارا =

(۸) اَوگنی بھرپورِ ہے گُنُ بھی وسہہ نالِ =

وِنُ سنگر گن نہ جا پئی چِھر سبدِ نہ کرے بیچار =

(9) لیکھ نہ مٹئی اے سکھی جو لِکھیا کرتارِ =

آپے کارنُ جِن کیا کر کرپا پگُ دھارِ =

(۱۰) بھرِ دنا رائی بھر گرہ بھرد سا چا بیچار =

سرِ نر ناکھ ناتھو تُو ندھارا آدھارُ =

(۱۱) سچی پیٹ سچ منِ پڑے شبد سُسارُ ۔

نانک سو پڑیا سو پنڈت بینا تسُ رام نام گل ہارُ ="

سِدھ گوشٹ

راگ "رام کلی" جوگیوں کا پسندیدہ راگ ہے۔ اس راگ میں ہی گورونانک صاحب کی عظیم تخلیق "سِدھ گوشٹ" فرمائی گئی ہے۔ اس "بانی" کے ۷۳ بند ہیں۔ ہر بند مسدّس ہیں (چھ مصرعوں پر مشتمل) ہے۔ موضوع کا آغاز شروع میں ہی کیا گیا ہے۔ اور پہلے بند کے ساتھ ہی "رہاؤ" کا مصرع جو موضوع اور مضمون کی جانب اشارہ کرتا ہے۔ درج ذیل ہے:۔

" کیا بھوِیئے سچ سُوچا ہوءِ ۔

ساچ بسد بن مکتِ نہ کوءِ =۱= رہاؤ =

گورونانک صاحب اپنے زمانۂ سیاحت کے دوران میں سنتوں۔ سادھوؤں۔ فقیروں۔ درویشوں۔ سِدھوں۔ جوگیوں کے ساتھ مجالس کرتے رہے۔ کہ حصولِ حق کے علاوہ باقی تمام کیش و مسالک دامِ فریب ہیں۔ خود کو مرکزی کردار کے طور پر پیش کرتے آئے ہیں۔ اس "بانی" میں یہ صورت بہت نمایاں اور واضح ہے۔ گورو صاحب کی زندگی میں اکثر مرتبہ "سِدھوں" کے ساتھ مجالس کے حوالے آپ کی سوانح عمریوں (جنم ساکھیوں) میں ملتے ہیں۔ جن میں سے خصوصیت کے ساتھ "سمیر پربت"، اور "اَچل وٹالہ" والے قابل ذکر ہیں۔ مکالماتی انداز میں صداقت تک رسائی

کا ضابطہ عالمی فکر میں بہت دیرینہ ہے۔ یہاں تک کہ اِسے جدید سائنسی فکر میں بھی صداقت تک رسائی کا ذریعہ تسلیم کیا گیا ہے مغربی

دُنیا میں مشہور مفکر افلاطون کے "مکالمات" بہت معروف ہیں۔ ہماری اپنی تمدنی تاریخ میں بُدھ اور جین مذاہب کی کتابیں، نیز

"بھاگوت" اور "اُپنشدوں" میں ایسے مکالمات کا بیان ملتا ہے جن میں باہم سوال و جواب کے ذریعہ کسی اعلےٰ صداقت تک

رسائی کا ضابطہ پایا جاتا ہے۔ شمالی ہند میں 'جوگ مت' کے پھیلاؤ سے اس روحانی گفتگو کے لئے یہ میدان اور بھی گرم ہو گیا۔

"جوگ مت" کے ادب عالیہ میں "گورکھ مچھندر سمباد" بہت مشہور تخلیق ہے۔ گرونانک صاحب نے بھی مروجہ مذہبی تہذیب

کی اس خاص صنف سخن کو اپنا کر تہذیب سے مکمل واقفیت اور اس پر اپنی مکمل دست رس کا ثبوت دیا ہے۔ دوسری جانب

عصری دی شعوری اور اس مکالماتی دگر کے ذریعہ زمانہ کے مطابق روشنی دکھائی گئی ہے۔

اس عظیم تخلیق میں کچھ عناصر حقیقی طور پر ہوتے ان سوالات و جوابات کے ہیں۔ جن کا تحت الشعوری اور تخیلی بیان

گورو صاحب نے اپنی اس تخلیق میں کیا ہے۔ "جوگ سادھناں" یعنی جوگ کے مسالک اور اس کے کثیر التعداد نظریات

یا سلسلے عہد وسطیٰ کی ہندوستانی تہذیب کا وسیع اور ناقابل فراموش حصہ ہیں۔ ذریعہ اور حصول مقصد ہر دو پہلوؤں سے ہی ان کا

تفاخر عام طور پر قایم ہے۔ سکھ مذہب کی کتب مقدسہ میں 'جوگ مت' سے متعلق تفصیلی تذکرہ جوگ مت کی مذمت کے طور پر نہیں

کیا گیا۔ بلکہ 'جوگ' کی علامات اور نظریات کو نئے معانی بخشے گئے ہیں۔ اِس عظیم اثاثہ کو جو مدت العمر کی ریاضت شاقہ کا حصول

تھا۔ اس کے زندہ عناصر کو نئے معانی اور اصلاح شدہ شکل میں قبول کر لیا گیا ہے۔ نیز ان کے فضول اعمال اور اوہام

کا بطریق احسن رد کیا گیا ہے۔ یہاں تک کہ ترکِ دُنیا، تیرتھوں پر پھرنا، دشت نوردی، مراقبہ، اور سنگم دنیز ورتی وغیرہ کو نئے

ضابطہ میں ڈھال لیا گیا ہے۔ اور ایک باطنی ہٹھ یوگ دنیاگی جیشٹا کو "نام" کے ذریعہ گورو کے بتائے مقدس راستے پر چل کر سہج یوگ

کے ویراگ میں تبدیل کر دیا ہے۔

سچ تو یہ ہے۔ کہ جوگ مت کے "گورکھ ناتھ" جیسے عظیم مصلح بھی ظاہری علائم کے خلاف روحانی راستے کی جانب

آمدہ ہے تھے۔ اس لئے گورونانک صاحب کی یہ تخلیق جو گرنتھ صاحب میں درج ہے (اور "پران سنگلی"، جو گرنتھ صاحب میں

شامل نہیں کی گئی) جوگ مت کی تشریح اور تجزیہ سے متعلق ہندی فلسفہ میں نیا اضافہ کرتی ہیں۔ اور آخری فیصلہ پر پہنچاتی ہیں۔ مثلاً

صدر تخلیق (یعنی سِدھ گوشٹ) اپنے موضوع پر مکمل اور ہیئت کے لحاظ سے مسلّمہ ہے۔ اس کو مکمل فلسفیانہ تخلیق تسلیم کرنا لازمی ہے۔ اس کا اسلوب اور آئینِ ہیئت بھی کلاسیکل اور بہت اعلےٰ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گورو صاحب کی دیگر تخلیق کے مقابل یہ تخلیق دقیق۔ پختہ۔ ایمائی اور کثیر المعانی ہے۔ کیونکہ اس میں استعمال کی گئی اصطلاحاتی زبان 'جوگ مت' سے متعلق حاصل شدہ ابتدائی واقفیّت کو قبول کر کے ہی آگے بڑھتی ہے۔ لہٰذا اس کو سمجھنے کے لئے شعور کی سطح کا بلند ہونا بہت ضروری ہے — لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں۔ کہ گورو صاحب کے پیشِ نظر ایک خاص جماعت یا محدود طبقہ کے لئے ایسی تخلیق واحد مقصد تھا۔ نہیں بلکہ اس کے اندرونی عناصر "گرمت" سے متعلق اکثر بنیادی نکات کو واضح کرتے ہیں۔ "گرمت" کی تشریح میں اس تخلیق کا مقام بے مثل اور مستند ہے۔ یعنی اس کے عرفان سے بغیر گرمت کے بنیادی نکتے واضح نہیں ہو سکتے۔ جہاں بھی گورو صاحب نے ضرورت محسوس کی ہے۔ وہاں اُنہوں نے ایسے نکات اور عناصر کی اصطلاحاتی تشریح بھی کر دی ہے۔

یہ تخلیق اپنے موضوع کے مطابق مجلس یا سوال جواب کی صورت عموماً اختیار کر لیتی ہے۔ اور حسبِ ضرورت جوابات طویل و مختصر کر لئے گئے ہیں۔ لیکن جہاں "گورمت" کی نظریاتی تشریح ضروری محسوس ہوئی۔ وہاں گریز نہیں کیا گیا جس سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ گورو صاحب کا مقصد اتنا "جوگ مت" کی مخالفت نہیں۔ جتنا "گورمت" کے نظریات کی موافقت یا تائید و حمایت ہے اور جب گورو صاحب کے مقصد و منشا کو "جوگ مت" کے پسِ منظر سے تقابل کر کے دیکھا جائے۔ تو یکسانیت اور اختلافی نکتے فوراً واضح ہو جاتے ہیں۔ اور اس طرح گورو صاحب کے مقصد و منشا سے متعلق کبھی کسی غلط فہمی کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔

جس طرح کہ اس تخلیق کے آغاز سے ہی ثابت ہو جاتا ہے۔ ایک جانب "سِدھ منڈلی" (سِدھوں کی جماعت) آسن لگائے بیٹھی ہے۔ اور دوسری جانب "سنت سبھا" (سنتوں کی مجلس) کا بول بالا ہو رہا ہے۔ یہ سب کچھ خالق کی ستائش میں کیا جا رہا ہے۔ تاکہ روحانی خوش نصیبیاں دولت یعنی ابدی صداقت کی بصیرت حاصل ہو سکے۔ صداقت کی اس بصیرت کے لئے گورو صاحب کی نسبت جذبات ذیل کے حوالہ سے اچھی طرح ظاہر ہے:-

"مَنُ کاٹِ دھری تِسُ آگے تَنُ مَنُ آگے دیؤ۔
نانک سَنتُ مِلے سچُ پائیے سہج بھاءِ جسُ لیؤ۔"

گورکھ - چرپٹ - مچھندر اور بھرتری وغیرہ ناتھوں اور سدھوں کی طرف سے کچھ سوالات پوچھے بتائے گئے ہیں۔ ابتداء میں یہ گفتگو انفرادی صورت میں ہوتی ہے۔ لیکن آگے چل کر سوالات میں انفرادی فرق واضح نہیں۔ بلکہ تمام جوگیوں کو ایک مجموعی کردار فرض کر کے ہر سوال کا موزوں جواب دے دیا گیا ہے۔ تاہم ایک بات بالکل واضح ہے۔ کہ تمام جوابات گورو نانک کی طرف سے ہی دیئے گئے ہیں۔ اور ان کے علاوہ ان کی جانب سے کوئی دیگر فرد اس گفتگو میں شامل نہیں ہے۔

یہ سوال و جواب صحیح مقصد حیات - ازدواجی زندگی و خانہ داری کا ترک - تیرتھوں پر پھرنا - کائنات کے ازلی - نرگن برہم کے سروپ - سن سمادھ اور روحانی زندگی کا عمل نفس کشی اور دوسرے رسم و رواج - ابدی موت جیون اور "موم کے دانتوں سے لوہا چبانے" یعنی "جوگ" کے بے مثل اعمال اور حصول سے متعلق ریاضت وغیرہ کے سلسلہ میں ہیں۔ آسن یا جوگ کے علائم، نمائشی لباس۔ انہت شبد، وغیرہ ایمائی فقروں ... کی وضاحت سے متعلق استفسارات بھی ہیں۔ لیکن اس کا بیشتر حصہ "گورمت" کی تشریح اور "سکھ مت" کے مختلف ایمائی اور ذہنی فقروں اور اساسی نظریات کی وضاحت سے متعلق ہے۔ "بھنا گرو" "ندر" "کرم" "شبد" "نام" "سچ" اور "سہج" وغیرہ — کچھ سوالات و جوابات کے نمونے درج ذیل کئے جاتے ہیں:-

(س) "دنیا ساگر دُنتر کہیئے کیوں کر پائیئے پار =
چرپٹ بولے، اودھو نانک، دیہہ سچا بیچار ="

(ج) " جیسے جل مہ کمل نرالم مُرگائی نیسانے
سُرتِ سبد، بھوساگر تریئے، نانک نام وکھانے "

(س) " ہاٹی باٹی رہیہ نرالے رُکھ برکھ اُدیانے =
کند مول اہارو کھائیے اودھو بولے گیان
تیرتھ نائیئے سکھ پھل پائیئے میل نہ لاگے کائی
گورکھ پوت لوہاریپا بولے جوگ جُگت بدھ سائی "

(ج) " ہاٹی باٹی نیند نہ آوے پر گھر چت نہ ڈولائی

بن ناوَے مَن ٹیک نہ ٹکئی نانک بھُوکھ نہ جائی =

ہاٹ پٹن گھر گُرو دِکھائیا ساچے سَچُ دا پارو =

کھنڈت نِدرا اَلپ اہارو نانک تتُ بیچارو ="

(س) "کِتُ بِدھِ پُرکھا جنم وٹائیا، کاہے کَؤ تجھُ ایہہ مَنُ لایا

کت بِدھِ آسا منسا کھائی، کِتُ بِدھِ جوت نِرنترہ پائی

بِنُ دنتا کیؤں کھائیا سار- نانک ساچا کرہو بیچار ="

(ج) سَتگُرُ کے جنمے گَونُ مِٹائیا، انہت راتے ایہہ مَنُ لائیا

مَنسا آسا سَبد جلائی - گُرمُکھِ جوتِ نِرنترَ پائی

تے گُنُ میٹے کھائیے سار نانک تارے تارن ہار ="

فلسفۂ جوگ کے عام ظاہری عناصر اور اس کے ساتھ متعلق اعمال و خیال سے لے کر نفس کشی (پرانایام) کے لطیف عمل وغیرہ جملہ موضوعات اس تخلیق میں زیرِ بحث آئے ہیں۔ چھبیس ۲۶ سے باون ۵۲ بندوں تک "منمکھ" اور "گرمکھ" کی تشریح کی گئی ہے۔ اسی طرح "نام سمرن" (وِرد و عبادت) کے "رہسیہ" پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ 'منمکھ' اور 'گرمکھ' کی تقابلی تشریح اس طرح کی گئی ہے:-

منمکھ بھُولے جمکی کان = پَر گھر جوہے ہاتے ہانِ

منمکھ بھرم بھوَلے بیبان = وے مارگ مُوسے منتر مسانِ

سَبد نہ چینے لوے کُبان = نانک ساچ رَتے سکھُ جان

گُرمکھ ساچے کا بھؤ پاوَے = گُرمکھ بانی اگھڑُ گھڑاوَے

گُرمکھ نِرمل ہرِ گُن گاوَے = گُرمکھ پوِترہ پرم پدُ پاوَے

گُرمکھ روم روم ہرِ دھیاوَے نانک گُرمکھ ساچ سماوَے ="

" نانک رتے جوگ جگتِ بیچارُ = نام رَتے پاوہِ موکھ دُوارُ =

نامِ رتے بھون سوجھی ہوئی = نانک نام رتے سدا سُکھ ہوئی = "

یہ تخلیق لسانیاتی اور ادبی ہر دو پہلوؤں سے ہی بے مثل ہے۔ جہاں مروجہ روحانی تہذیب کے لطیف خیالات کا اظہار کرنے کے لئے ہندوستان گیر زبان اور اسلوب اختیار کیا گیا ہے۔ وہاں جوگیوں کا مخصوص تلفظ بھی پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ "کھیٹلے"۔ "برن وَتِ"۔ "بارہ گرامی"۔ "اَوڈھو"۔ وغیرہ الفاظ کا ایمائی استعمال کیا گیا ہے "سِدھ منڈلی" یعنی سِدھوں کی جماعت یا فرقہ کا اپنے مسلک پر غرور و تکبر بالکل واضح ہو جاتا ہے۔ لیکن گورو صاحب کی شخصیت میں ضبط و تحمّل کی اعلیٰ اچک لائق دید ہوتی ہے۔ جو بلا تکلف ہی "شبد" اور "نام" کے اتصال سے دل کی پُرسکون اور غیر متذبذب حالت کا اظہار کرتی ہے۔ گورو صاحب کے فلسفیانہ خیالات کے علاوہ اس تخلیق میں گورو کی شخصیت کے ذاتی مزاج پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ کیونکہ تمام تر سلسلۂ خیال میں خفگی یا غصّہ کا جذبہ نہیں۔ اور نہ ہی طنز یا نفرت کا اظہار ہوتا ہے۔ بلکہ سب کچھ اطمینان۔ استقلال سلیقہ اور خلوص کے پُر امن ماحول میں کہا سنا گیا ہے۔

تکھاری چھنت مہلا۔ ۱۔ بارہ ماہا

" تکھاری" موسمِ سرما کا 'راگ' ہے۔ اور کلام طربیہ (سنگھار رس) صنفِ سخن۔ ان دونوں کے اتحاد و اتصال سے گورونانک صاحب کی متذکرہ صدر تخلیق کی صورت میں، پنجابی کا پہلا "بارہ ماہا" وجود میں آیا۔

" بارہ ماہا تکھاری" ایک "نظمِ منیر" ہے۔ جس کے محض ۱ے بند ہیں۔ ہر ایک بند میں چھ چھ مصرعے ہیں۔ (گویا یہ ایک مسدس ہے) ہر بند ایک نغماتی پکار ہے۔ جو اپنے طور پر بالکل مکمل ہے۔ اِس طرح یہ کلام غیر مسلسل اور مسلسل نظم ہر دو کے اتصال کا اظہار کرتی ہے۔ ہر بند مکمل ہونے کے باعث کلام کی تلخیص بتانے کے لئے " رہاؤ" کا مصرع موجود نہیں ہے۔ جیسے کی بنیاد (ٹیک) ہو ابتدا سے انتہا تک بانی (کلام) مسلسل نظم کی شکل میں ترتیب دی ہوئی ہے۔ لیکن ہر بند کو ایک علیحدہ مکمل نظم کے طور پر بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ فطرت کی تصویر کشی، خود فہمی، خواہشِ وصال، حصول و محرومی نیز غمِ فرقت، یہ تمام اس تخلیق کا موضوع و مواد ہیں۔ مروجہ ساکھیوں میں اِس تخلیق کو گورو صاحب کی آخری خاص تخلیق تسلیم کیا گیا ہے۔ اِس لئے اِس کا حسن اور لذت کسی پختہ اور شیریں

پھل کے مانند ہیں۔ جذبات و فکر کا حسین اتصال اس قدر فنکارانہ ہے۔ کہ ان کو ایک دوسرے سے الگ کرنا مشکل ہے۔ یہ دونوں ایک دوسرے کا تتمہ بن گئے ہیں۔ خواہ غالب عنصر دلی جذبات اور جوش کی شدّت سے پیدا شدہ عجیب اور انوکھی بے قراری کا ہے۔ پھر بھی اس کو قدرت اور بصیرت کے ضابطہ میں ڈھالا گیا ہے۔ حسنِ فطرت کی حیرت انگیز تصویر کشی، اس کی فنکارانہ خصوصیت میں اضافہ کرتی ہے۔ ہر لمحہ رنگ بدلتی اور شکلیں تبدیل کرتی ہوئی فطرت کی تصاویر کا مرقع آنکھوں کے سامنے خواب معلّق کرتے ہوئے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک پھر جاتا ہے۔ اور بارہ مہینوں کے ذریعہ پورے سال کا منظر آنکھوں کے آگے سے گزر جاتا ہے۔ لیکن ان بارہ چوکھٹوں میں لطیف جذبات اور بے نظیر شاعری کی حسین تصویر کشی کی گئی ہے۔ جس کی خالص شعریت ناقابل فراموش اور ناقابل تقابل ہے تمثیل تشبیہات اور لطیف صنائع و بدائع بہت اعلےٰ شعری تاثر کی شاہد ہیں۔ شیریں اور متبرک خوبیوں سے لبریز یہ تخلیق انوکھے جذبات اور پختہ احساسات کے مالک کی فن پر معجزانہ دسترس کا ثبوت بہم پہنچاتی ہے۔ جو فن ملکوتی جوش و جذبہ کے آفاقی اثر کی آسانی صورت اختیار کر گیا ہے۔ ایک حسین۔ نغماتی اور شیریں عشقیہ نظم اور فطری تخلیق کے باعث اس کلام کا پایہ ہمیشہ بلند رہے گا۔ اگرچہ اس میں موجود روحانیت کے اعلےٰ فکری عناصر کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

قصاید یا ننگل کی صورت میں عورت، اپنے خاوند کے ساتھ ملاپ کے لئے ہمیشہ بیتاب ہے۔ اس کے بغیر وہ پھوٹی کوڑی کے برابر بھی نہیں۔ بدلتی ہوئی فطرت کے حسین نظارے اس کے اندر دردِ فرقت کو جگاتے ہیں۔ جیسے جیسے موسم بہار مہکتا ہے۔ اور شاخِ گل پر بھونرے گنگناتے ہیں۔ ویسے ویسے آموں پر کوئل اور صبح سویرے پپیہے کی صداؤں سے جذباتِ فراق تیز تر ہو جاتے ہیں۔ لیکن بے تابی کا یہ عالم ہے۔ کہ وہ تپتے ہوئے ماہ جیٹھ اور دہکتے ہوئے اساڑھ میں بھی پیچھا نہیں چھوڑتی۔ اور ماہ ساون کے خوبصورت مناظر تنہائی کے بسترِ استراحت کو عذاب جان بنا دیتے ہیں۔ لیکن یہ سب کچھ اندیشۂ شباب کی پشیمانی کے مانند ہے۔ جیسے ہی "پربھو پریتم" (محبوب) کے ملاپ کی گھڑی قریب آتی ہے۔ "آتم بیترتھ" پُراشنان (غسل) کر کے جیواستری اور بھی منزہ ہو جاتی ہے۔ اور محبت کے رنگ میں مزید نکھار آ جاتا ہے۔ تب وہ گورو کی نوازش سے مستقل سہاگ حاصل کر لیتی ہے۔ محبوب کی یاد میں گزرا ہوا پورا سال اور اس کے بارہ ہی مہینے اور تمام موسم خوب ہیں۔ اس سے ایک لمحہ کی علیحدگی بھی ناقابل برداشت ہو جاتی ہے۔ لیکن اس قسم کے وصال کا انحصار گذشتہ اعمال کا مقدر اور گورو کی مہربانی پر ہی ہے۔

اس سلسلے میں اعلیٰ ترین روحانی زندگی کے قدرتی لُطف، اور حصول کی حالت کا بیان اِس تخلیق میں مفصّل طور پر ظاہر کیا گیا ہے۔ ابدی 'سہاگ'، اس کا منتہائے مقصود اور آخری منزل ہے۔ زندگی کے نکتۂ نگاہ کا بے نظیر معجزہ ہے۔

وار ملار کی

اس 'وار' کی موجودہ صورت جو گُورو گرنتھ' صاحب میں درج ہے۔ اس کی اولین صورت سے تو اضافہ شدہ ہے۔ پہلے خالص شکل میں گُورونانک صاحب کی مصنفہ ستائیس ۲۷ 'پوڑیاں' (یعنی بند) تھیں۔ اور ہر 'پوڑی' میں آٹھ 'تکیں' (یعنی مصرعے) تھیں۔ موجودہ مکمل صورت میں 'پوڑیوں' کی تعداد اٹھائیس ہے۔ اور ستائیسویں 'پوڑی'، گُورو ارجن دیو صاحب کی ہے۔ "پوڑیوں" کے مطالب واضح کرنے کے لئے ۵۸ شلوک درج ہیں۔ جن میں ۲۴ گُورونانک صاحب کے ۵ گُورو انگد صاحب کے ۲۷ گُورو امرداس صاحب کے اور ۲ گُورو ارجن دیو صاحب کے ہیں۔ گُورونانک صاحب کی دیگر 'واروں' کی طرح اس میں بھی ایک ہی موضوع کو نبھایا گیا ہے۔ خدا کی ذاتِ لافانی اِس کائنات کی خالق اور اس کو چلانے والی قوت اور اس میں موجود بنیادی طاقت ہے۔ اپنے زیر احکام اور اپنی مرضی کے مطابق اُسی نے اِس کائنات کے کثیر عناصر کو ایک رشتے میں پرویا ہُوا ہے۔ دُنیا کو ایک اکھاڑا سے تشبیہ دی گئی ہے۔ جس میں 'گُورو' کا پہلوان "گرمکھ"، "گُورو" کی تعلیم و تربیت اور اوصافِ حمیدہ سے مسلح و مزیّن ہو کر "من مکھ" کو پچھاڑ رہا ہے۔ اور گُورو اپنے شاہِ ذوالجلال کی پشت پناہی کر کے دُنیا کے اکھاڑے میں ان کی رُوحانی فتح یابی کو یقینی بنا دیتا ہے۔

" آپے چھنج پوائے ملا کھڑا رچیا

لتھے بھڑ تھفو پائے گرمکھ مچیا

من مکھ مارے پچھاڑ مُورکھ کچیا

آپ بھڑے مارے آپ آپ کارج رچیا "

اِس حیرت انگیز تخلیق اور کھیل میں اس نے دُوسرا مطلب اور دائرے کا جنجال خود ہی تخلیق کیا ہے۔ ایک طرف دنیاوی عیوب ہیں اور دُوسری طرف ضعیفوں، ملک الموت کی مانند ہر ایک کے کندھوں پر سوار ہو کر ناچتی ہے۔ چنانچہ خاتمہ اور بند بلی کے عمل میں نیکی کے میدان

پھیلا ہوا ہے۔ "منمکھوں" کو اس کی بصیرت نہیں۔ برسات کے موسم میں جس طرح بادل برس کر تپتی ہوئی زمین کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔ اسی طرح "گورو" کا "شبد" آدمی کے دل میں "نام" کی تخم ریزی کر کے اس کی روئیدگی اور پرورش میں معاون بنتا ہے یہی "نام" وہ علامت یا نشان ہے۔ جو دنیا اور عاقبت دونوں عالموں میں بھی ذی روح کی حفاظت کرتا ہے۔ جہل کی تاریکی میں "ستگورو" اس عظیم روشنی کا منبع ہے جو "سکھوں" کے دلوں میں روشنی کی قندیل جلاتا ہے۔ اور وہ (یعنی گرمکھ) عبادتِ الٰہی کے نیک کام میں مصروف ہو کر اپنی حیات و عاقبت دونوں سنوار لیتا ہے ـــ "منمکھ" جہالت کے زیر اثر "آواگون" (تناسخ) میں پھنسا رہتا ہے۔ "گورو" کے "شبد" بغیر صادق اطواری حاصل نہیں ہو سکتی۔ اس کے برخلاف حکمرانی۔ دولت۔ حسن۔ شباب اور ذات پانچ بڑے ٹھگ ہیں۔ جو آدمی کو ٹھگ رہے ہیں۔ آدمی کی عزت و آبرو کون رکھے۔

"راجُ مال رُوپ جات جوبن پنجے ٹھگ
اینی ٹھگی جگ ٹھگیا کِنے نہ رکھی لج"

ان کے علاوہ کوئی مذہبی وہم، دکھاوا اور ان سے متعلق افعال بھی صداقت اور بصیرت سے محروم رکھتے ہیں۔ جینیوں کا حجامت بنوانے کی بجائے بالوں کو ہاتھوں سے اکھڑوانا۔ سنیاسیوں کا جنگلوں میں خاموشی اختیار کر کے بیٹھنا۔ آگ تاپ کر یا ٹھنڈے پانی میں کھڑے ہو کر چلہ کشی کرنا، جسم کو اذیت دینا، جٹائیں بڑھانا وغیرہ افعال "نام سمرن" کے مقابلے میں ہیچ اور بے معنی ہیں۔ صرف "ستگورو" کی خدمت اور اطاعت سے ہی بارگاہِ ایزدی پر باریابی حاصل ہوتی ہے:۔

"اِک وَن کھنڈ بیسہہ جاءِ سدُ نہ دیوہی
اِک پالا ککرُ بھنّ سیتل جل ہو وہی
وِن ناوے تنُ چھارُ کیا کہہ روہی
سوہن کھسم دُو آرِج ستگرُ سیوہی"

اس "وار" کے "شلوک" بھی زندگی کے مختلف موضوعات پر تجرباتی روشنی ڈالتے ہیں۔ ایک "شلوک" میں ساون جیسے کی فطری تصویر کا دو طرفہ ردِ عمل بیان کرتے ہیں:۔

" نانک ساون جے وَسے چوہ اُمایا ہوءِ

ناگاں مرگاں مچھیاں رَسیئیاں گھر دھن ہوءِ

نانک ساون جے وَسے چوہ وِچھوڑا ہوءِ

گائی پُوتا نِردھنا پنتھی چاکر ہوءِ = "

کچھ دیگر "شلوکوں" میں زندگی کی مجزاتی حقیقت اور عصری معاشرہ کی بدحالی کی تصویر کشی کی گئی ہے:-

" لکھ من سوئنا لکھ من رُپا لکھ ساہا سر ساہا

لکھ لَسکر لکھ واجے نیجے لکھی گھوڑی پاتساہا

جتھے سائرُ لنگھنا اگن پانی اسگاہا

کندھی دِس نہ آوئی دھاہی پوے کہاہا

نانک اوتھے جانیئے ساہ کیتی پاتساہا "

گورو نانک صاحب کی مہارتِ فن، ان کی شاعری کی روشن خوبی کے باعث بھی ہے۔ جس کا جزو "وار" جیسی رزمیہ شاعری میں ہمیشہ ہی زیادہ ہوتا ہے۔ لیکن امیر اور گوناگون ادبی روایت نیز عوامی اور مقامی بولیوں سے لے کر فارسی۔ عربی اور دیگر غیر ملکی زبانوں کے الفاظ کو اس طرح سمو لیتے ہیں۔ جیسے کوئی بھی چیز اُن کی دسترس سے باہر نہ ہو۔ اسی طرح ان کی "وار" کا درج ذیل فارسی ریختہ اسلوب سے متعلق "شلوک" لائق توجہ ہے:-

" چِل بِل بسیرُ دُنیا فانی =

کالبُد اکل مَن گور نہ مانی =

مَن کمین کمترین تو دریاؤ خُدائیا =

ایک چیج مجھے دیہہ اور جہر چیج نہ بھائیا = "

پورب کھام کجے ہکمت کھدائیا
من نو آنا تو قدرتی آئیا
سنگ نانک دیاں مستانا نت چرلے سوائیا
آتس دنیاں کھنک نام کھدائیا۔"

اس طرح گورو صاحب آگ کی مانند اس دنیا میں "سچے نام" کی "خنکی" تقسیم کرتے ہیں۔ گورو صاحب کی تخلیق کردہ تینوں ۔واریں، بالترتیب انسان کو خدا اور اس کی قدرت، اس کی اپنی فطرت اور "گورو" کی نظرِ کرم سے، آدمی کو فرشتہ بنانے کا فیض اور "من مکھوں" کو پچھاڑنے کے لئے "گورمکھوں" کا اکھاڑے میں آنا ممکن بناتی ہیں۔ اور اس طرح انسان کے کردار کو ترتیب بخشی گئی ہے۔ کردار کی یہی خوش ترتیبی اور خدمت و عبادت کے لئے جہد اس کو عاقبت میں بھی سرخرو کرتی ہے۔

شلوک سہش کرتی، تے شلوک واراں، تے ودھیک

دو دیگر عنوانات کے تحت گورو نانک صاحب کی کچھ بانی درج کی گئی ہے۔ "سہسکرتی شلوک" اپنے مخصوص شعری اسلوب کے علاوہ گورو صاحب کے فلسفہ کو ہندی روایات میں پختہ وقابل اور ماہرانہ ہونے کی شہادت دیتے ہیں۔ "واراں تے ودھیک" کے زیرِ عنوان کچھ ایسے مصارع یا فردیات (اک تکے) بھی ہیں۔ جن کے سلسلے جنم ساکھیوں میں درج واقعات کے ساتھ جوڑے جاتے ہیں۔ ان کا "ساکھی" والا واقعہ کیا ہے؟ یہ امر ہمارا موضوع بحث نہیں۔ البتہ یہ اعلےٰ اقوال عمری واقعات، اسپاء مقامات، وغیرہ پر لطیف روشنی ڈالتے ہیں۔ جیسے :-

(۱) " بین ورلے ناہی گھتے پھیل پھکڑ ھ سنسار۔"

(۲) " نال کراڑاں دوستی کوڑے کوڑی پاءِ
مرن نہ جاپے مولیا آوے کتے تھاءِ"

(۳) لاہور سہر جہر قہر سوا پہر =

(۴)

طویل اور خاص " بانیوں " کے علاوہ گورو نانک صاحب کی تمام تخلیق ایک متناہی بہاؤ اور زخار و عمیق سمندر کی مانند ہے۔ جس کی لاتعداد جھلملاتی ہوئی لہریں متلاشی کے دل کو لبھاتی ہی نہیں۔ بلکہ اس کی تپش دور کر کے سکون و اطمینان بخشتی ہیں۔ صرف یہی نہیں۔ بلکہ ان کا ایک ایک ارشاد " مَتْ " میں لعل و جواہرات کی لڑیاں لٹکا دیتا ہے۔ دل و دماغ اور خیال و خرد کو ملکوتی بصیرت کے لطیف روحانی حلقے میں لے جاتا ہے۔ جہاں کا صحت مند ماحول تمام دیدنی اور نادیدنی۔ مرئی اور غیر مرئی عالم کے رموز کو منکشف کر دیتا ہے۔ اس سے محض نگاہ ہی لطیف و پاک نہیں ہوتی۔ بلکہ فعل بھی روشن ہو جاتا ہے۔ یہاں ہی " گُر پرشاد " کا تماشائے قدرت بپا ہوتا ہے۔ جو بیک لمحہ بشر کو کسی ارفع ملکوتی قوت میں بدل کر رکھ دیتا ہے۔ اور اس کو " نام " کا ایسا جاوید نشان مل جاتا ہے۔ جو اس کی دنیا و عقبےٰ دونوں کو سنوار دیتا ہے۔ اس ' بانی ' کی ہر سطر اپنے اندر کوئی عظیم صداقت لئے ہوئے ہے۔ لاثانی مطمح ہائے نظر کا یہ کبھی ختم نہ ہونے والا خزانہ " کلجگ " کی گہری تاریکیوں میں جاودانی روشنی کا معجزہ ہے۔ اسی واسطے گورو کا ارشاد گورو نما ہے۔ اس میں گورو کے مانند ہی متعلم کو تعلیم دینے یا اس کی راہنمائی کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ اس بحر بے پایاں پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہی روح کا ہنس کوئی انمول موتی تلاش کر لیتا ہے۔ جو اس کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک پھیلے ہوئے ہیں۔

" سری راگ " کے " پدے " (یعنی یک مصرعے) اور " اشٹ پدیاں " (یعنی ہشت مصرعے) خاص طور پر جاذب توجہ ہیں۔

جواہرات کا سحر، حسین و دلکش چہرے، شان و شوکت، جاہ و جلال، اور تخت و تاج کی کشش، اے خدا مجھے بہکا اور بھٹکا نہ سکیں۔ طلسم دنیا اور اس کے نوکیلے۔ چمکیلے۔ بھڑکیلے شوخ و شنگ سوانگ مجھے مرعوب نہ کر سکیں۔ اور میں کہیں اپنے " نام سمرن " (یعنی عبادت و یاد الٰہی) کے اعلےٰ و بلند نصب العین سے بھٹک کر بد راہ نہ ہو جاؤں۔

" تیرا اسم پاک کتنا عظیم ہے ؟ کہا نہیں جا سکتا، لکھا نہیں جا سکتا۔ " یہ تو خود اس کے حالت وجد کی ایک ترنگ ہے۔ جو کبھی کبھار اس کا علم کرا جاتی ہے۔ باقی تمام محویت اور نثار ہونے کا جمالی انگ ہے۔ لیکن یہ اندرونِ خانہ بلا روغن چراغ روشن کرنے کا نام ہے۔ " گر چاہنا صاحب تو ملے "۔ ایسی روحانی بصیرت انسان کو حیات کے پُر مسرت لعل گوں رنگ میں رنگ دیتی ہے۔ طلسم دنیا کی کشش اور خواہشات مطر فتنہ آلود زہر بھی اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔ خوراک و لباس کے معاملہ میں ایسا فرد ایک

سہل الحصول اور منزا زن نکتہ نظر کی درمیانی شاہراہ کا حامل بن جاتا ہے۔

"بابا ہور کھانا خسٌی کھوآر

چت کماد ہے تن پیڑیئے من میہہ چلہہ دِکار"

نگاہ روشن ہو جاتی ہے۔ اور دِل پاک۔ اس کو باغوں میں چرنے والے "کالے ہرن" کی مانند دنیاء دی "وِش پھل" (یعنی ثمر زہر) نظر آتی ہے۔ جو چار دن تو شیریں لگتا ہے۔ لیکن بعد از اں کرم، بد ذائقہ اور زندگی کے تصب العین کو قعرِ مذلت میں گرانے والا ہے۔

"توں سُن ہرنا کالیا کی واڑی ئے راتا رام۔

بِکھ پھل میٹھا چار دِن پھر ہووے تاتا رام۔"

ایسے شخص کا دِل غرور و تکبر کے جذبات سے آزاد ہو جاتا ہے۔ اور وہ اسی میں خدا کی نگاہ کرم کا لطف محسوس کرتا ہے۔ جہاں سچی غریبی (اور دل غنی) رکھنے والے لوگ رہتے ہیں۔ خاوند یعنی خدا کے ساتھ رشتہ اُستوار ہو گیا۔ "روح" یعنی عورت سہاگن ہو گئی۔ اور وہ پانی کے لبریز ذخائر میں مچھلی کی مانند یا نو پھیلا مچھیلا کر اپنے محبوب سے ملتی ہے۔

"مچھلی ہواں جلِ وساں جِیّا جنت سبھ سار

اروار پار میرا سہہ وسے ہئوں ملہسگی باہ پسار۔"

گورو نانک صاحب کی زبان (بھاشا) میں زندگی کی کامرانی، خاوند کی خدمت گذاری کا مسلک سمجھانا یا دوسرے الفاظ میں خدائے محبوب کی محبت کے راز کو محسوس کرنا ہے۔ اس کی دو صورتیں ہیں۔ ایک تو "جوگیوں" کی تشبیہانی زبان یا علامتی اشکال کی حقیقی بصیرت کے ذریعہ۔ اور دوسرے زوجین (بیوی۔ خاوند) میں محبت کی رنگینی لذت اور وصال و فراق کے طربیہ احساس کے ذریعہ۔ یہ طربیہ احساس کیا ہے؟ گویا روح یا نساء روح کا خود کو اعلےٰ روحانی بصیرت اور لطیف طبقاتی احساس میں سے حاصل کردہ بیش قیمت ملبوسات و زیورات سے آراستہ کر لینا۔

اس کے برعکس دُنیا کی مادی اشیاء، بے جان سنگریزوں کے مانند ہیں۔ لیکن خدا کی یہ بخشش ہمیشہ ذوق و شوق اور اضطراب والی حیاتِ جاودانی کی ایک مستقل آہنگ ہے۔ اس لمس محبت کے بغیر نساءِ روح (جیو استری) کی زندگی بے معنی ہے۔ محض خواب تماشہ ہے۔ لیکن اگر محبوب کا خواب بھی آجائے۔ تو زندگی کی ایک بڑی حقیقت بے نقاب ہو جاتی ہے۔ "راگ وڈہنس" کا یہ شبد، محبت کے اس اعلیٰ ترین طربیہ کے لطیف احساس کو نہایت حسین اور فنکارانہ انداز میں پیش کر رہا ہے:۔

"موری رُنجھن لائیا بھینے ساون آئیا
تیرے مُنڈھ کٹارے جیوڈا تِن لوبھی لوبھ لبھائیاء"

"سپنے آئیا بھی گیئیا میں جلُ بھریا روءِ
آءِ نہ سکا تجھ کنے پیارے بھیج نہ سکا کوءِ
آؤ سبھاسی نیندڑیءِ متُ سہہ دیکھا سوءِ ="

اس طرح کی طربیہ محبت کا جمالی اعجاز، جس میں نظر نہ آنے والے محبوب کو علامات کے ذریعہ دکھانے کی کوشش کی گئی ہے بہت ہی فنکارانہ کیفیت کے نازک لمسوں سے لبریز۔ حیرت انگیز، انوکھا اور بے نظیر ہے۔ یہاں گورو صاحب اعلیٰ اور ارفع تخیل کے ذریعہ خوبصورت ترین اور حسین جمالی صورت کو مصوّر کر رہے ہیں:۔

"تیرے بنکے لوئین دنت ریسالا
سوہنے نک جن لمڑے والا
کنچن کائیا سوئینے دی ڈھالا

گورو نانک صاحب کی عبارتِ سخن کے لطیف، روشن، موزوں اور موثر امثال کے طور پر دونوں "شبد" اعلیٰ ترین اور نمائندہ ۔۔۔۔ تخلیقات کہے جا سکتے ہیں۔

بابر بانی

بابر کے (ہندوستان پر) حملہ سے متعلق گورو نانک صاحب نے چار "شبد" نظم کئے ہیں۔ تین "شبد" راگ "آسا" میں ہیں۔ (ا) "کھُراسان کھسمانہ کیا ہندوستان ڈرائیا۔" (ب) "جن سر سوہن پٹیاں مانگی پائے سندھور" (ج) "کہا سو کھیل تبیلا گھوڑے کہاں بھیری سہنائی"۔ اور (د) "شبد" راگ "تلنگ" میں ہے۔ "جیسی مے آوے کھسم کی بانی تیسڑا کری گیان وے لالو۔"

ان "شبدوں" میں گورو صاحب نے بدامنی پھیلانے والے حملہ آور بابر کے خلاف اظہار ناراضگی کیا ہے۔ اور اس کی فوج کو "پاپ دی جنج" کہا ہے۔ ناراضگی کا یہ جذبہ اتنا قوی ہے۔ کہ اپنے محبوب، یعنی خداء تعالےٰ سے بھی ان الفاظ میں شکوہ کرتے ہیں:۔

"اینی مار پئی کرلانے تے کی درد نہ آئیا۔"

ان الفاظ میں بابا صاحب کا غریب عوام کے ساتھ چھلکتا ہوا جذبۂ محبّت صاف نظر آتا ہے۔ عوام النّاس بالخصوص مستورات کی دردشا کو دیکھ کر انسانی ہمدردی سے لبریز آپ کا دِل، سرتاسر درد ہو اُٹھا۔ اور اس المناک حالت کو آپ نے نہایت حزنیہ انداز میں بیان کیا ہے۔ گورو صاحب نے نااہل حاکمانِ وقت کو بھی اس بدحالی کا موجب قرار دیا ہے۔ جو اپنے فرائض منصبی کو فراموش کر چکے تھے۔ ان حکام کو گورو صاحب نے دھتکارا اور پھٹکارا ہے۔ کیونکہ یہ حکام اپنے جواہرات جیسے ملک ہندوستان کی حفاظت نہ کر سکے۔

ان "شبدوں" کی تاریخی اہمیّت بھی اچھی طرح اُجاگر ہے۔ ان میں بابر کے حملہ کا چشم دید حال بیان کیا گیا ہے۔ اور وہ بھی کسی ایک فریق کے مورّخ کی طرف سے نہیں۔ بلکہ ایک غیر جانبدار اور عظیم رُوحانی ہستی نے بیان کیا ہے۔ ان شبدوں کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے۔ کہ اُس وقت جنگ صرف حکمرانوں تک محدود

نہیں رہتی تھی۔ بلکہ عوام الناس پر بھی مظالم توڑے جاتے تھے۔ خصوصاً مستورات پر سب سے زیادہ جبر و قہر نازل ہوتا تھا۔

اس عظیم 'بانی' میں، وہ تمام صورتِ حال جس کا بظاہر باعث خواہ بابر کی جابرانہ ذہنیت تھی۔ یا پٹھان بادشاہوں کی عیش و عشرت میں غلطاں ہو کر نیک مقاصد سے لاتعلقی تھی۔ لیکن گورو صاحب کی اعلےٰ بصیرت کو یہ کھیل، رضاءِ الٰہی کا کرشمہ ہی نظر آتا ہے۔ جب بھی ذی رُوح اپنے حقیقی مقصدِ حیات یعنی خدائے کردگار کا ورد کرتے یا عبادتِ الٰہی سے غافل ہو جاتا ہے۔ تو اس کے حصّہ میں زبون و خوار ہونا ہی رہ جاتا ہے۔ اس عظیم 'بانی' میں گورو صاحب نے بعض پیشگوئیاں بھی فرمائی ہیں۔ جو راگ 'تلنگ' والے 'شبد' کا آخری حصّہ ہیں۔ جس میں "کسی مرد کے چیلے" کی آمد سے مطلع کیا گیا ہے۔ اس تخلیق کی سب سے بڑی خصوصیت "رَت دا کنگو"، ڈال کر "خون کے سوہلے" گانے کے لئے۔ سچی بات کہنے کے موقعہ پر کھرا سچ سُنا دینے میں ہے۔ دُنیا بھر کے ادب میں ایسی انقلابی للکار، جیسے روحانی بصیرت نے سان پر چڑھا کر تیغ تیز بنا دیا ہو۔ کم ہی ملتی ہے اس میں سامراجیت کے خلاف تیز للکار کے علاوہ آدمیت کا درد، تاریخی حقیقت نگاری، حکم خدا کے تحت اٹل فیصلہ، مکمل ادبی بصیرت کا اظہار، اور جگمگاتی ہوئی تخلیقی چنگاری، سب کچھ موجود ہے۔ اگرچہ "بابر بانی" ایک خاص 'بانی' نہیں۔ بلکہ مختلف راگوں میں صرف "چوپدوں" (یعنی چہار مصرع، قطعات) کا مجموعہ ہے۔ پھر بھی گورو نانک صاحب کی تمام تخلیقات، یہاں تک کہ "آدِ گرنتھ" کے تمام تر کلام (بانی) میں اسے خصوصی اور قابلِ فخر مقام حاصل ہے۔ ہمعصر معاشرتی اور سیاسی حالات کے پس منظر میں گورو صاحب کی یہ جدت، عوامی، بے خوف اور صلح کُل کے نصب العین پر تعمیر شدہ مثالی یادگار، ہر زمانہ اور ہر بحران میں راہنمائی کرنے والی ہے۔ تاریخی تذکرہ تو اس کا بیرونی خول ہے۔ درحقیقت اس کی رُوح قیدِ زماں سے آزاد، ہر دَور کے لئے دائمی شعور کا طاقتور نشان ہے۔

مارُو سوہلے

گورو نانک کی 'بانی' میں راگ 'مارو' میں 'سوہلے' خاص طور پر قابلِ ذکر تخلیق ہے۔ ان بائیس 'شبدوں' میں گورو نانک صاحب نے سلیس اور لطیف شاعرانہ اسلوب میں اپنے خیالات و مقاصد کے نازک پہلوؤں کی سہل تشریح فرمائی ہے۔ جس سے باریک نکتے بھی

اصلاحی وضاحت کی صورت میں نکھر کر واضح ہو گئے ہیں۔ خدا کی "واحدانیت" سے شروع کر کے اس کے "غیر بینی" اثر۔ اور اس سے پیدا ہونے والے غیر صالحانہ اعمال اور جاہلانہ اوہام وغیرہ کا عرفان کرایا گیا ہے۔ خداء لامکاں (پار برہم) کی حقیقی صورت کی وضاحت کر کے اس کی دائمیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ تاکہ "گورومارگ" (یعنی راہِ مرشد) کا ید بیضا نظر آ سکے۔ خدا کی لاریب و بے عیب صورت، تخلیقِ کائنات کا عمل، حکم کی ڈلتا، "شن سمادھ" (مراقبہ) کی حقیقت، جوگ کی لطیف اور رازدارانہ انداز، "کایا" اور "ہنس" کا میل، جسم کے "قلعہ اور کوچہ و بازار" وغیرہ کی تلمیحات "سنگورو" کا چراغِ معرفت، روح کا عرفان، "نام" کا ظاہر نشان، زندگی کی کامیاب سیاحت وغیرہ موضوعات یہاں بوضاحت بیان کئے گئے ہیں۔ ایک ایک سطر میں پوشیدگی پیچیدگی اور اسرار و رموز کو عیاں کیا گیا ہے۔ اور وہ بھی یکساں فنکارانہ انداز و اسلوب میں، جس میں فن اور شعور ہر دو اس طرح ہم آہنگ ہیں۔ گویا ان کا ایک دوسرے سے علیحدہ کرنا ممکن ہی نہیں۔

متکاملاتی عمل اور متضاد عناصر کی مانند ان کی باہمہ گر آویزش میں سے ہی خیال کی تبدیلیٔ عمل کے ذریعہ انقلابی شعور کا چراغِ معرفت روشن ہوتا ہے۔ جس سے زندگی کے تمام گوشے یکایک منوّر ہو جاتے ہیں۔ گورو صاحب کا منشاء مطلب اپنے سارے کلام میں، عظیم انسان کے عظیم کردار کی تعمیر کرنا ہے۔ ایک طرف گورو صاحب کی عطا کردہ روحانی بصیرت ہے۔ اور دوسری جانب طاقتور جدلیاتی زندگی پھیلی ہوئی قوت جس میں روح اور مادہ ہر دو عناصر موجود ہیں۔ جب روحانی بصیرت کی ملکوتی شمع "گوروشبد" کے ذریعہ ضمیر میں روشن ہو جاتی ہے۔ تو اس کی روشنی میں ہی انسانی شخصیت کی مثالی تعمیر ممکن ہو سکتی ہے۔ عظیم "گورو" نے عظیم شاہراہ دکھا دی ہے۔ اور سلیقہ مندانہ عمل کی ترکیب بتا کر اس کی معنویت کو بھی ثابت کر دیا ہے۔ اب نتیجہ مقدر پر ہے۔ آیا ہم اس روشنی کی جانب اپنا منہ کرتے ہیں۔ یا پشت۔ اس روشنی کی جانب رُخ کرتے، یعنی صالحانہ زندگی اختیار کرنے سے زندگی میں ایک مستقل نور آ جاتا ہے۔ جو ایک اعلےٰ عطیہ بانظر کرم ہے۔ دوسرا پہلو جو اس عظیم روشنی کی جانب سے منہ پھیرتا ہے۔ اس کی جانب پیٹھ کرتا ہے۔ وہ گہری تاریکی اور کورانہ مادیت کا راستہ ہے۔ محض اسی میں رہ کر اس روحانی قوت کا حقیقی علم نہیں ہو سکتا۔ جو انسان کے جسمانی قلعہ میں خدا کی عظیم قدرت نے قائم کر رکھی ہے۔ اندرونِ روح اس کا ذاتی محل اور حقیقی تخت ہے۔ یہ محض نکتۂ نظر کا ہی فرق ہے۔ یہ فرق بہت لطیف ہے۔ اسی لئے اس راستے کو عظیم گورو نے "تلوار کی دھار" کا راستہ بھی کہا ہے۔ "مارو سولہے" سے چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔ تاکہ ان اعلےٰ اور ابدی ارشادات کی بے بہا معنویت کو سمجھا جا سکے:۔

(۱) " آپے بھونرہ پھل پھل تر وَرَ،
آپے جل تھل ساگر و سَرو رہ
آپے مچھ کچھ کرنی کرہ تیرا روپ نہ لکھنا جائی ہے۔"

(۲) " کھنڈے دھار گلی اَت بھیڑی
بیکھا تِ لیجئے تِل جیو پیڑی
مات پتا کلتر سُت بیلی ناہی
بن ہر رس مُکتِ نہ کینا ہے۔"

(۳) " اَربد نربد دُھندو کارا
دھرن نہ گگناں حکم اپارا۔
نہ دن رین نہ چند نہ سورج
سن سمادھ لگائیدا۔ "

(۴) " میوہ سنگھ سمند اتھاہا
پاوہ نام رتن دھن لاہا
بکھیا مل جاء امرت سرناوہ
گھر سر سنتو کھ پائیا۔ "

بعض راگوں میں خاص خاص زبانوں کے الفاظ اور اسلوب یا روایت کا استعمال کیا گیا ہے۔ " سہسکرتی شلوک " اِس قسم کے خاص اسلوب اور زبان کے فنکارانہ استعمال کی ایک مثال ہے۔ دوسری مثال فارسی الفاظ اور وہ ریختہ اسلوب

کو زندہ رکھنے کے لئے "راگ تلنگ" کا مندرجہ ذیل "شبد" ہے :۔

"یک ارج گفتم پیش تو در گوس کن کرتار
ہکا کبیر کریم تو بے عیب پروردگار
دنیا مقام فانی تحقیق دل دانی
مم سر موئے اجرائیل گرفتہ دل ہیچ نہ دانی

"راگ تلنگ" کے ایک اور "شبد" میں خدا کی توصیف و تحمید میں ایک "بند" گایا گیا ہے۔ جو اپنے اندر خاص جذبہ لئے ہوئے ہے۔

گورونانک صاحب کی عظیم "بانی" میں "شلوکوں" اور دیگر کئی اصنافِ سخن میں کثیر مقامات پر بیش قیمت جواہرات لائق توجہ ہیں۔ جو ایک طرح سے عظیم اور حیات بخش اقوال و زندہ جاوید عوامی کہاوتوں کی شکل میں عوامی شعور کے خزانہ کا نہ ختم ہونے والا ورثہ بن گئے ہیں۔

ان تمام پہلوؤں کا بالتفصیل تذکرہ اس مختصر پیشکش میں کر سکنا کسی طرح ممکن نہیں۔

(۵)

اگرچہ گورو صاحب کی شاعری کے فنی ملمع ہائے نظر کا تعارف ہمارے اس منصوبہ کا مقصد نہیں تاہم چند الفاظ اشارۃً لکھنا غیر ضروری نہیں ہوں گے۔ پنجاب اور پنجابی ادب کی سب سے بڑی خوش نصیبی، حاصل اور ورثہ گورونانک صاحب کے کلام کا عظیم خزینہ ہے۔ یہ محض فلسفیانہ مسلمات سے پیدا شدہ امثال نہیں، جو عالمگیر شعور کا ہی پرتو ہے.......... اور جس کی خصوصیت لاثانیت اور ابدیت یعنی زمان و مکان کی قید سے بالاتر ہے۔ لیکن دوسری جانب یہ کمالِ فن کی بھی اعلیٰ امثال ہے۔ ملکوتی نزول کا متبرک، عام ضابطہ کے علی الاتصال جاری بہاؤ کی دائم چمکتی ہوئی لہروں میں جگمگاتا ہوا خیال، جذبہ، تصور اور نصب العین کو متحد کئے ہوئے بیٹھا۔ پنجاب عوام کا یہ نغمۂ مسرت، راگ اور موسیقی کی روایات کے کلاسیکل راستوں سے عوامی اسلوبِ سخن کو ملا کر چلنے والا، تشبیہ سازی کے پہلو سے کل کائنات کے برابر وسیع۔ عوامی شعری روایت کا کلاسیکل خزانہ، یہ ہمارا وہ عظیم ورثہ ہے۔ جس نے روحانی دنیا کے پہلو بہ پہلو ادب اور فن کی دنیا

میں بھی ہمیں دنیا کا بادشاہ بنا دیا ہے۔ یہ بادشاہوں کے بادشاہ کا دولنگر ہے۔ یہ " سچے پاتشاہ " کا فیراتہ، شاہی چھتہ ہے، جس کا ایک ایک نادر بیش قیمت جواہرات سے مملو بے بہا دولت کو خود میں محفوظ کئے ہوئے ہے۔ اور بلاشبہ اِس ' دولت ' پر ساری دنیا کی سلطنتیں نثار کی جاسکتی ہیں۔ یہ قن، " صداقت قوت اور حسن (ستیم ۔ شوم ۔ سندرم) کے رُخِ پُر جمال کی نقاب کشائی کرتا ہے۔ یہ خالص مہذبیت ہے۔ اعلےٰ اور پاکیزہ کردار کی شائستگی کی رغبت بیدار کرنے والی قوت اور کسوٹی۔ اعلےٰ ترین اور عظیم گورو کی شخصیت کے زہد و عبادت، ریاضت، عمل، صبر و شکر، خوف، جذب کے ذریعہ " نام امرت " کے سانچے میں ڈھالی گئی سچی اور ٹکسالی تخلیق ہے۔ اس کی حقیقی کیفیت کا احاطہ کرسکنا خدا کی نوازش کے بغیر کسی طرح ممکن نہیں ہے

اے وڈا آپا ہووے کوءِ

تِس اُچے کوُ جانے سوءِ

(۶)

گورو نانک صاحب کی عظیم ' بانی ' کے اس لفظی ترجمہ کو نذر کرتے ہوئے میرے دل میں دو قسم کے جذبات پیدا ہو رہے ہیں۔ ایک تو گورو صاحب کی عظمت کا خیال اور ــــ دوسرے اپنی حقیر کوشش کا احساس ۔ گورو نانک بانی کا لفظی ترجمہ تیار کرنا آسان کام نہیں۔ اپنے میں یہ بہت ہی مشکل کام ہے۔ گورو صاحب کی ' بانی '، ہندی (بھارتی) مذہب اور اخلاق کی فلسفیانہ، مذہبی اور روحانی روایت کے تحت الثریٰ میں سے اگا ہوا ایک عظیم درخت ہے جس کی کثیر التعداد شاخیں اور پتے پتیاں ہیں۔ ہر پتہ اپنے آپ میں نادر رنگ، حسن، خوشبو اور حلاوت لئے ہوئے ہے۔ جس کی وسعت لامحدود اور بلندی تا بہ فلک ہے۔ یعنی ایک جانب اس میں مشرق کے معاصرانہ مذہبی تہذیب کی مختلف علاقائی شکلیں ملتی ہیں۔ اور دوسری جانب بلند روحانی پرواز خیال کی لطیف رمزیاتی سلسلہ وار ہیں۔ اسی طرح اختلاف رائے یا متعدد کثیر توضیحات کا امکان ہے۔ ہمارے علماء نے دستیاب شرحوں اور لغاتوں کی امداد لی ہے۔ لیکن یہ بھی محسوس کیا ہے۔ کہ بعض الفاظ و سطور کے معانی اور تشریح و توضیح سے متعلق متبحر علماء کی آرا میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔ اس لئے کوشش کی گئی ہے۔ کہ " گرمت " کے مسلمہ آدرش کے قریب رہا جائے۔ اور مجموعی طور پر اس تمام ترجمہ میں روانیت بھی قایم ہو جائے۔ بہت سے آسان الفاظ کے معانی درج کرنے سے بھی گریز نہیں کیا گیا۔ تاکہ اس کے پس پشت پھیلے ہوئے

خیال و منشاء کے بارے میں کوئی شبہ قاری کے دل میں باقی نہ رہے۔ پھر بھی کوئی وضاحت آخری نہیں کہی جا سکتی۔ کیونکہ اس عظیم کلام کی وضاحت کے سلسلہ میں کوئی صاحبِ علم حتمی دعوےٰ نہیں کر سکتا۔ ہمیں اپنے مجموعۂ خطا و نسیان اور محدود امکانات کا پابند ہونے کی حقیقت کو تسلیم کر کے ہی چلنا چاہئے۔ خطا و نسیان سے بالاتر تو خدا، کردگار خود ہی ہے۔ البتہ جس قدر اس کی نگاہِ کرم ہوتی ہے۔ اسی قدر بصیرت حاصل ہو جاتی ہے۔ ہمارا تو گورو بابا صاحب کے قدموں میں یہ ایک حقیر نذرانہ ہے۔ جو محبت و اخلاص کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ کیونکہ مقصد نیک اور مخلصانہ ہے۔ لہٰذا اس کی افادیت میں کوئی شبہ نہیں۔ اُمید ہے کہ اربابِ علم اور "گُربانی" کا پاکیزہ ذوق رکھنے والے اصحاب گورو نانک صاحب کے متبرک و مقدس کلام کے اس "لفظی" ترجمہ سے خاطر خواہ مستفید و فیضیاب ہوں گے۔

لال سنگھ

ممبر پنجاب پبلک سروس کمیشن۔ پٹیالہ

اِک اونکار سَتِ نام کرتا پُرکھ نِربھو نِرویر
اکال مورتِ اجُونی سَیبھنگ گُرپرسَاد

آدِ سچُ جگادِ سچُ ہے بھی سچُ

نانک ہوسی بھی سچُ ۔ ۱

سوچے سوچ نَ ہووئی جے سوچی لکھ وار ✣ چپے چپ نَ ہووئی جے لائِ رہا لِوتار

بھکیا بھکھ ن اُترِی جے بنا پُریا بھار ✣ سہس سیانپا لکھ ہووِ تَ اِک نَ چلے نال

کِو سچیارا ہوئی اَے کِو کوڑَے تُٹے پالِ ✣ حکمِ رَجائی چلنا نانک لِکھیا نالِ ۔ ۱

حُکمی ہووِن آکار حُکم نَ کہیا جائی ✣ حُکمی ہووِن جی آ حُکم مِلے وڈِ آئی

حُکمی اُتم نیچ حکمِ لِکھ دکھ سُکھ پائی اَے ✣ اِک نا حُکمی بخشیس اِک حُکمی سدا بھوائی اَہ

حُکمے اندرِ سبھ کو باہرِ حُکم نَ کوئِ ✣ نانک حُکمے جے بُجھے تَ ہومَے کہے نَ کوئِ ۔ ۲

گاوَے کو تانُ ہووَے کسے تانُ ✣ گاوَے کو دات جانے نیسانُ

گاوَے کو گُن وڈِ آئی آچار ✣ گاوَے کو وِدیا وِکھم وِی چار

ایک اونکار

۱- ایک وہ جو واحد لاشریک ہے۔ اونکار برہم جوتی۔ نورالجمال۔ ابدی ولا زوال۔

ست نام

۲- اس کا نام حق ہے۔ وہ ہمیشہ قائم و دائم ہے۔

کرتا پرکھ

۳- وہی فاعل المطلق ہے۔ ہر دل میں موجود ہے۔ ایسا بنانے والا ہے۔ کہ خالی جگہ پر خود کو رکھتا ہے۔

نربھو

۴- خوف و خطر سے بالا ہے۔ اس کو خوف و خطر لاحق نہیں ہوتا یا وہ لگاتار رہتی ہے۔

نرویر

۵- اس کی کسی سے عداوت نہیں۔ کوئی اس کا دشمن نہیں

اکال مورت

۶- اس کی تشکیل زمانہ و وقت کی قید سے آزاد ہے۔ اس کا کوئی آغاز نہیں۔ نہ اس کی انتہا ہے

اجونی

۷- وہ ماں کے پیٹ سے نہیں آتا۔ وہ تخلیق میں نہیں آتا۔ وہ لم یلد و لم یولد ہے،

سے بھنگ

۸- وہ روشن بالذات ہے

گور پرساد

۹- مرشد کی وساطت و بخشش سے معلوم ہوتا ہے۔ اس کی اپنی ہی مہربانی سے نصیب ہوتا ہے۔

جپ

۱۰- اس بانی کا خاص نام۔

۱۱- تخلیق زمانہ سے پہلے بھی وہ موجود تھا۔ مختلف ادوار میں بھی وہ موجود تھا۔ موجودہ زمانہ میں بھی وہ موجود ہے۔ اور قیامت کے بعد بھی وہ موجود رہے گا۔

۱۲- لاکھوں بار پاک و صاف ہونے سے بھی دل صاف و پاک نہیں ہوتا
اس سچ کے بیچار کرنے سے اسکی بیچار نہیں ہوتی۔
مطلب عقل و فکر میں آنے والا نہیں۔

۱۳- فکر میں محو۔ محو فکر ہونے سے اس کا وصل نصیب نہیں ہو سکتا۔
خاموش رہنے سے خاموشی نہیں ہوتی۔

۱۴- تینوں عالموں کے انبار بھی بے شک حاصل ہو جائیں۔ گرسنگی پھر بھی دور نہیں ہو سکتی۔

۱۵- لاکھوں قسم کی دانائی و دانشمندی۔

۱۶- کس طرح

۱۷- محقق

۱۸- جھوٹ و کفر کی دیوار کس طرح ٹوٹے۔ کس طرح سچا ہو۔

۱۹- انسان کی تقدیر اس کے سامنے ہے۔

۲۰- تخلیق۔ عالم موجودات

۲۱- مخلوقات

۲۲- اعلیٰ و ادنیٰ

۲۳- بخشش۔ رحمت۔

۲۴- ولادت و وفات کے چکر میں۔ گردشِ حیات میں

۲۵- اپنی ذات کی بابت کوئی کچھ نہ کہے گا۔

۲۶- ہمت و استطاعت۔

۲۷- نشان۔ پروانہ۔ سند۔

۲۸- فعال۔ اعمال۔

۲۹- مشکل۔

۳۰- بحث و تمحیص۔

گاڈے کو ساچ کرے تن کھیہ ∴ گاڈے کو جی آئے پھر دیہہ
گاڈے کو جا پئے دِسے دُور ∴ گاڈے کو دیکھے حاڈرا بدور
کتھنا کتھی نہ آوے توٹ ∴ کتھ کتھ کتھی کوٹی کوٹ کوٹ
دیدا دے لیدے تھک پاہ ∴ جگا جگنتر کھاہی کھاہ
حکمی حکم چلائے راہ ∴ نانک وگسے وے پرواہ -۳=
ساچا صاحب ناء بھاکھیا بھاؤ اپار ∴ آکھہ منگہہ دیہہ دیہہ دات کرے داتار
پھیر کہ اگے رکھی اے جت دسے دربار ∴ موہوک بولن بولی اے جت سن دھرے پیار
انمرت ویلا سچ ناؤ وڈ آئی وی چار ∴ کرمی آوے کپڑا ندری موکھ دوار
نانک اِ وے جانی اے سبھ آپے سچیار -۴=
تھاپیا نہ جاء کی تا نہ ہوء ∴ آپے آپ نرنجن سوء
جن سیویا تن پایا مان ∴ نانک گاوی اے گنی ندھان
گاوی اے سنی اے من رکھی اے بھاؤ ∴ دکھ پر ہر سکھ گھر لے جاء
گرمکھ ناد نگ گرمکھ ویدنگ گرمکھ رہیا سمائی ∴ گر ایسر گر گورکھ برما گر پاربتی مائی
جے ہوں جانا آکھا ناہی کہنا کتھن نہ جائی ∴ گرا اِک دیہہ بجھائی

سبھنا جی آکا اِک داتا سو مے وسر نہ جائی -۵=

تیرتھ ناواں جے تس بھاواں وِن بھانے ک ناء کری
جے تی سرٹھ اپائی ویکھا وِن کرما ک ملے لئی
مت وِچ رتن جواہر مانک جے اِک گر کی سکھ سنی
گرا اِک دیہہ بجھائی

۱- ساز - بناتا ہے - تخلیق کرتا ہے۔

۲- خاک میں ملاتا ہے۔

۳- لے کر پھر دیتا ہے۔

۴- حاضرا حضور - عین سامنے۔

۵- کمی - گھاٹا - بیان کرنے سے ختم نہیں ہوتا۔

۶- کروڑہا۔

۷- خوش ہوتا ہے۔

۸- بے پرواہ۔

۹- نام۔

۱۰- بولی - بھاشا - زبان۔

۱۱- جس سے

۱۲- صبح صادق۔

۱۳- کرموں سے - افعال کی وجہ سے

۱۴- جسم کا جامہ - حیات نصیب ہوتی ہے۔

۱۵- نظرِ کرم

۱۶- نجات۔

۱۷- وہ قائم نہیں کیا جا سکتا۔

۱۸- نہ بنایا جا سکتا ہے۔

۱۹- آلائش سے پاک۔

۲۰- اوصاف کا خزانہ۔

۲۱- ڈر - پیار۔

۲۲- ہٹا کر - دُور کر۔

۲۳- گورو کی پاک زبان سے نکلا ہوا کلمہ اصل آواز (الہام) ہے - بشکل آواز

۲۴- بیدوں کا جزو - بشکل علم۔

۲۵- برہما - گورو ہی شِو - وشنو اور برہما ہے۔

۲۶- میں۔

۲۷- بھولے نہ - مجھے فراموش نہ ہو۔

۲۸- غسل کروں۔

۲۹- اچھا لگوں - پسند آؤں۔

۳۰- کائنات پیدا کی۔

سمجھنا جی آکا اِکُ داتا سو میں وِسر نہ جائی ۔ ۶ =

جے جُگ چارے آرجا[1] ہور دسونی[2] ہوئے ؞ نواں کھنڈا وِچ جانی اے نال چلے سبھُ کوئے

چنگا ناؤ رکھائے کے جسُ کی[3] رت جگ لے ؞ جے تِسُ ندر[4] نہ آوئی ت وات[5] نہ پچھے کے

کی[6] ٹیاں اندر کی ٹُ کر دوسی دوسُ[7] دھرے ؞ نانک[8] نرگنِ گُنُ کرے گُنُ ونتیا گُنُ دے

تے ہا کوئے نہ سجھئی[9] جے تِسُ گُنُ کوئے کرے ۔ ۷ =

سُنئے[10] سِدھ پیر سُر ناتھ[11] ؞ سُنئے دھرت دھول[12] اکاس

سُنئے دیپ لوء پاتالُ ؞ سُنئے پوہِ[13] نہ سکے کالُ

نانک بھگتا سدا وِگاسُ[14] ؞ سُنئے دُوکھ پاپ کا ناسُ ۔ ۸ =

سُنئے اِیسرُ[15] برما اِندُ ؞ سُنئے مُکھ صالاہن مندُ[16]

سُنئے جوگ جُگتِ تن بھید ؞ سُنئے ساست[17] سِمرت وید

نانک بھگتا سدا وِگاسُ ؞ سُنئے دُوکھ پاپ کا ناسُ ۔ ۹ =

سُنئے ست سنتوکھُ گیانُ ؞ سُنئے اٹھ سٹھ[18] کا اِسنانُ

سُنئے پڑھ پڑھ[19] پاوہِ مانُ ؞ سُنئے لاگے سہج دھیانُ

نانک بھگتا سدا وِگاسُ ؞ سُنئے دُوکھ پاپ کا ناسُ ۔ ۱۰ =

سُنئے سرا[20] گُناں کے گاہ ؞ سُنئے سیکھ[21] پیر پاتساہ

سُنئے اندھے پاوہِ راہُ ؞ سُنئے ہاتھ[22] ہووے اسگاہُ[23]

نانک بھگتا سدا وِگاسُ ؞ سُنئے دُوکھ پاپ کا ناسُ ۔ ۱۱ =

مَنّے کی گت[24] کہی نہ جائے ؞ جے کو کہے پچھے پچھتائے

کاگد[25] قلم نہ لِکھن[26] ہارُ ؞ مَنّے کا بہِ[27] کرن وِیچارُ

۱- عمرؒ

۲- دس گنا

۳- تعریف و توصیف - صفت و ثنا -

۴- نظرِ کرم - بخشش -

۵- تو کوئی پوچھتا تک نہیں -

۶- کیڑوں میں کیڑا - بالکل ادنےٰ -

۷- الزام

۸- ویسا

۹- نظر نہیں آتا - سوچ سمجھ میں نہیں آتا -

۱۰- اس کا نام سننے سے -

۱۱- فرشتہ - دیوتا -

۱۲- زمین کے نیچے کا بیل (جس نے دونو سینگوں پہ کہتے ہیں زمین کو اٹھا رکھا ہے)

۱۳- اثر انداز نہیں ہوتا -

۱۴- خوشی -

۱۵- شو -

۱۶- منہ سے تعریف کرتے ہیں -

۱۷- ہندوؤں کے شاستر، سمرتی اور وید (دھارمک کتب)

۱۸- اٹھسٹھ (ہندوؤں کے ۶۸ مقدس مقام)

۱۹- پڑھ پڑھ کر -

۲۰- اوصاف کے سمندروں کی تھاہ پائی جاتی ہے

۲۱- شیخ -

۲۲- قابل گذر -

۲۳- ناقابل گذر -

۲۴- حالت -

۲۵- کاغذ -

۲۶- تحریر کرنے والا - محرّر - منشی

۲۷- بیٹھ کر -

اَے سا نامُ نِرنجنُ ہوءِ ٭ جے کو مَنِ جانَے مَن کوءِ - ۱۲ =
مَنےَ سُرتِ ہووَے مَنِ بُدھِ ٭ مَن اَے سَگل[۱] بھَوَن کی سُدھِ
مَنےَ موہِ[۲] چوٹا[۳] نا . کھاءِ ٭ مَنےَ جَم[۴] کے ساتھِ نَ جاءِ
اَے سا نامُ نِرنجنُ ہوءِ ٭ جے کو مَنِ جانَے مَن کوءِ - ۱۳ =
مَنےَ مارگ[۵] ٹھاک[۶] نَ پاءِ ٭ مَنےَ پَت[۷] سِیوُ پرگٹُ جاءِ
مَنےَ مگ[۸] نَ چلےَ پنتھُ[۹] ٭ مَنےَ دَھرم سے[۱۰] تی سنبَندھُ
اَے سا نامُ نِرنجنُ ہوءِ ٭ جے کو مَنِ جانَے مَن کوءِ - ۱۴ =
مَنےَ پاوہِ موکھ دُآرُ ٭ مَنےَ پروارَے[۱۱] سادھارُ
مَنےَ ترَے تارے گرُ سِکھ ٭ مَنےَ نانک بھَوَ[۱۲] وِہِ . نَ بھِکھ[۱۳]
اَے سا نام نِرنجنُ ہوءِ ٭ جے کو مَنِ جانَے مَن کوءِ - ۱۵ =
پنچ پرَوان[۱۴] پنچ پردھان[۱۵] ٭ پنچے پاوہ درگہ[۱۶] مانُ
پنچے سوہہِ[۱۷] درِ راجانُ ٭ پنچا کا گرُ ایک دِھیانُ
جے کو کہےَ کرَے وِیچار ٭ کرَتے کے کرَنے[۱۸] ناہی[۱۹] شمارُ
دَھولُ[۲۰] دھرمُ دِیا[۲۱] کا پوتُ ٭ سنتوکھُ تھاپ رکھ آجنِ سُوتِ[۲۲]
جے کو بُجھے[۲۳] ہووَے سچ آر[۲۴] ٭ دَھولے اُپرِ کےِ تا بھار[۲۵]
دَھرتی ہورُ پرَے ہورُ ہورُ ٭ تِس تے بھارُ تلے کَ وَن[۲۶] جورُ
جی آ . جاتِ رَنگا کےِ ناوُ ٭ سبھنا لِکھ آ وُڑی[۲۷] کلامُ
ایہہ بے کھا لِکھ جانے کوءِ ٭ لیکھا لکھ آ . کے تا[۲۸] ہوءِ
کے تا تان[۲۹] سُ آلِہ[۳۰] رُوپُ ٭ کے تی داتِ[۳۱] جانے کونُ کوتُ[۳۲]

۱- اس کا نام ماننے (دل میں بسانے) سے تمام علامات کا پتہ چل جاتا ہے

۲- منہ پہ

۳- چوٹیں - ضربیں

۴- ملک الموت

۵- راستہ پہ

۶- روک - رکاوٹ (نہیں پڑتی)

۷- عزت و احترام کے ساتھ

۸- مارگ - راستہ } اس کو ماننے والا تعین شدہ راستوں پہ نہیں چلتا - اس کا راہ الگ ہوتا ہے۔

۹- مذہبی راستہ } وُہ فرقہ بندی کا پابند نہیں ہوتا

۱۰- ساتھ - اس کا تعلق حق سے ہوتا ہے۔

۱۱- اہل و عیال کی حالت کو بہتر بناتا ہے۔

۱۲- گھومنا - پھرنا۔

۱۳- بھیک مانگنا - خیرات لینا۔

۱۴- قبول۔

۱۵- رہنما - صدر -

۱۶- درگاہ - خدا کے حضور

۱۷- خوبصورت لگتے ہیں۔ عزت حاصل کرتے ہیں۔

۱۸- اعمال و افعال

۱۹- شمار میں نہیں آتے - لاشمار ہیں۔

۲۵- گاو نر - بیل

۲۱- فضل و کرم - سخاوت و بخشش

۲۲- منسلک کر رکھا ہے

۲۳- بُوجھے - سمجھے۔

۲۴- سچ کو حاصل کرنے والا - محقّق

۲۵- کتنا بوجھ (ہے)

۲۶- کس کا زور ہے -

۲۷- چل رہی قلم - تمام کی تقدیر لکھنے والی ایک بدستور چل رہی قلم ہی ہے

۲۸- کتنا۔

۲۹- طاقت - قدرت -

۳۰- خوبصورت - جمیل۔

۳۱- بخشش۔

۳۲- انداز - قیاس۔

کی تا پساؤ اِے کو کواؤ ∴ تس تے ہوئے لکھ دریاؤ
کدرت کَ وَن کہا۔ وِی چار ∴ وارِیا نَ جاوا ایک وار
جو تدھ بھاوے سائی بھلی کار ∴ تو سدا سلامتِ نرنکار۔ ۱۶=
اَسنکھ جپ اَسنکھ بھاؤ ∴ اَسنکھ پُوجا اَسنکھ تپ تاؤ
اَسنکھ گرنتھ مُکھِ وید پاٹھ ∴ اسنکھ ستی اَسنکھ داتار
اَسنکھ بھگت گن گیان وی چار ∴ اَسنکھ ستی اَسنکھ داتار
اَسنکھ سُور مُوہ بھکھ سار ∴ اَسنکھ مونِ لِو لائے تار
کدرتِ کَ وَن کہا وی چار۔ ∴ وارِیا نَ جاوا ایک وار
جو تدھ بھاوے سائی بھلی کار ∴ تو سدا سلامتِ نرنکار۔ ۱۷=
اَسنکھ مُورکھ اَندھ گھور ∴ اَسنکھ چور حرام کھور
اَسنکھ اَمر کرِ جاہِ جور ∴ اَسنکھ گل وڈھ ہتیا کماہِ
اَسنکھ پاپی پاپُ کرِ جاہِ ∴ اَسنکھ کوڑ یار کوڑے پھراہِ
اَسنکھ ملیچھ مُلُ بھکھِ کھاہِ ∴ اَسنکھ نندک سِر کرہِ بھار
نانک نیچُ کہے وی چار ∴ وارِیا نَ جاوا ایک وار
جو تدھ بھاوے سائی بھلی کار ∴ تو سدا سلامت نرنکار۔ ۱۸=
اَسنکھ ناؤ اَسنکھ تھاؤ ∴ اَگم اَگم اَسنکھ لوءَ
اَسنکھ کہنہ سِر بھار ہوئے ∴ اَکھری نامُ اَکھری صالاہ
اَکھری گیانُ گیتُ گنُ گاہ ∴ اَکھری لِکھنُ بولنُ بانُ۔

اَکھرا سِر سنجوگ وکھان

۱- کائنات کی تفصیل۔

۲- بول - حکم - تمام کائنات کو خدا نے ایک ہی بول سے تعمیر کر دیا (کن فیکن)

۳- قدرت و طاقت کہاں ہے (مجھ میں)

۴- کہ بیان کروں۔

۵- قربان جاؤں۔

۶- بے شمار۔

۷- بہادر - جوانمرد

۸- لوہا (دشمنوں سے لوہا لیتے ہیں)

۹- خاموش رہنے والے۔

۱۰- محو رہتے ہیں۔

۱۱- حد سے زیادہ جاہل

۱۲- حرامخور - حرام کی کمائی کھانے والے

۱۳- حکم - زور و تشدد و جبر سے حکومت کرجاتے ہیں۔

۱۴- قتل کرتے ہیں۔

۱۵- جھوٹے - دروغگو

۱۶- بُری وگندی خواہشات والے (خواہشات نفسانی میں مبتلا)

۱۷- ناپاک اشیاء کھاتے ہیں (غلیظ وسائل سے روزی کماتے ہیں)

۱۸- چغلی وبخیلی کا بوجھ ناحق سر پہ اُٹھاتے ہیں۔

۱۹- مکان - جگہ

۲۰- ناقابل رسا

۲۱- طبق۔

۲۲- حروف۔

۲۳- صفت - توصیف وثنا۔

۲۴- کلام

۲۵- مقصد یعنی حروف کے ذریعہ ظاہر کئے جاتے ہیں۔

جِن[1] ایہہ لِکھے تسِ سِر ناہِ ÷ جوِ[2] فرمائے تِوِ[3] تِوِ پاہِ[4]

جے تا۔ کی تا۔ تتے نا۔ ناؤ ÷ وِن ناوے ناہی کو تھاؤ[5]

کدرتِ ک وِن کہاوِی چارُ ÷ وارِیا۔ نَ جاوا ایک وارُ

جو تُدھ بھاوَے سائی بھلی کار ÷ تو سدا سلامتِ نِرنکار۔ ۱۹=

بھری[6] اَے ہتھ پیرَ تنُ دیہہ[7] ÷ پانی دھوتے اُترسُ کھیہہ[8]

موت[9] پلیتی کپڑُ ہوءِ ÷ دے صابونُ لئیٔ اَے اوہ دھوءِ

بھری اَے مَتِ پاپاں[10] کے سنگِ ÷ اوہ دھوپَے ناوَے[11] کے رنگِ

پُنی[12] پاپی آکھنُ ناہِ۔ ÷ کِرکِر کرنا لِکھِ لَے جاہُ

آپے بیج آپے ہی کھاہُ ÷ نانک حکمی آوہُ جاہِ۔ ۲۰=

تیرتھُ تپُ دِیا دَتُ[13] دانُ ÷ جے کو پاوے تِلِ کا مانُ[14]

سُنیا مَنیا مَنَ کینا بھاؤ[15] ÷ اَنتر گتِ[16] تیرتھِ مَلِ ناؤ

سبھِ گُنُ تیرے مے ناہی کوءِ ÷ وِنُ گنُ کی تے بھگتِ نَ ہوءِ

سُ اَست[17] آتھِ[18] بانی برماؤ[19] ÷ سَتِ[20] سُہانُ[21] سدا مَنِ[22] چاؤ

کَ[23] وِنُ سُ وِیلا وَکھتُ[24] کَ وِن کون تِھتِ کَ وِن وارُ

کَ وَنُ سِ رُتی ماہُ کَ وِنُ جِت[25] ہوآ آکارُ[26]

وِیل[27] ناں پائی آ پنڈتی ج ہووے لیکھُ پُرانُ

وَکھت نا پاءِ ادکادِی[28] آ۔ ج لِکھنِ لیکھُ قرآنُ

تِھتِ وارُ نا جوگی جانَے۔ رُتِ ماہُ نا کوئی ÷ جا کرتا سِرٹھی[29] کو ساجے آپے جانے سوئی

کِ[30] وکرا آکھا کِ وصالاحی کیئو ورنی[31] کِ وجاناں ÷۔ نانک آکھنِ سبھ کو آکھے اِک[32] دو اِک سیانا

۱۔ جس قادرِ المطلق نے سب کا مقدر لکھا ہے۔ اس کا اپنا مقدر لکھنے والا کوئی نہیں۔ وُہ تقدیر سے بالا ہے۔

۲۔ جیسی طرح

۳۔ اسی طرح۔

۴۔ حاصل کرتا ہے۔ اِسے نصیب ہوتا ہے۔

۵۔ جگہ۔ مکان۔

۶۔ آلودہ

۷۔ جسم۔

۸۔ مٹی (اُتر جاتی ہے) صاف و پاک ہو جاتا ہے۔

۹۔ پیشاب سے آلودہ۔

۱۰۔ گناہوں کے ساتھ۔ گناہ آلودہ۔

۱۱۔ خدا کے نام سے۔ اس کے ذکرِ خیر سے۔

۱۲۔ نیک اور بُرے افعال۔

۱۳۔ دیا ہُوا۔ سخاوت و خیرات۔

۱۴۔ تِل برابر عزت و افتخار۔ تھوڑی سے عزّت

۱۵۔ پریم۔ پیار

۱۶۔ اندرُونی۔ دل میں۔

۱۷۔ وُہ خُدا (ہی) ہے۔ سلام ہے اس کو

۱۸۔ دنیا (مایا)

۱۹۔ کُن کی آواز۔ اسی کُن سے یہ دُنیا ظہُور میں آئی۔

۲۰۔ حقیقت۔

۲۱۔ خوبصُورت دکھائی دیتا ہے۔ مزّین ہے۔ زیب دیتا ہے

۲۲۔ خوشی۔ سرور۔

۲۳۔ کونسا۔

۲۴۔ وقت۔

۲۵۔ جب۔ جس وقت۔

۲۶۔ ظہور پذیر ہُوا۔

۲۷۔ وقت۔ موقعہ۔

۲۸۔ قاضیوں نے۔

۲۹۔ دُنیا۔ کائنات۔

۳۰۔ کس طرح۔ کیسے۔

۳۱۔ بیان کروں۔ کہوں۔

۳۲۔ ایک سے ایک بڑھ کر۔

وڈّا صاحبُ وڈی نائی کی تا۔ جا کا ہو وَے ÷ نانکؔ جے کو آپو جانے اَگے گیا نا سوہے۔۲۱=

پاتالا پاتال لکھ[۱] آگاسا[۲] اگاس ÷ اوڑک اوڑک بھال تھکے ویدکہن اِک وات

سہس[۳] اٹھارہ کہن کتیبا[۴] اصلوِ اِکُ[۵] دھاتُ ÷ لیکھا ہوءِ تَ لکھی اَے لیکھے ہوءِ وِناسُ[۶]

نانکؔ وڈا آکھی اَے آپے جانے آپُ۔ ۲۲=

صالاحِی[۷] صالاہِ[۸]۔ ایتی سرتِ[۹] ناں پائی آ ÷ ندیاں اتے واہ[۱۰] پَوہِ سمُندِ۔ نَ جانی آہِ

سمُند ساہ سلطان گرہا[۱۱] سے تی مال دھنُ ÷ کیڑی تُل[۱۲] نا ہووَنی جے تسِ منوہُ نَ وِسرہِ[۱۳]

اَنتُ نَ صفتی کہنِ نَ اَنتُ ÷ اَنتُ نَ کرنے دینِ نَ اَنتُ

اَنتُ نَ ویکھنِ سُنن نَ اَنتُ ÷ اَنتُ نَ جاپے کیا مَنِ منتُ[۱۴]

اَنتُ نَ جاپے کی تا آکارُ ÷ اَنتُ نَ جاپے پارا وارُ

اَنتَ کارنِ کے تے بِل[۱۵] لاہِ ÷ تا کے اَنتُ نَ پائے جاہِ

ایہُ اَنتُ ن جانے کوءِ ÷ بہُ[۱۶] تا کہی اَے بہُ تا ہوءِ

وڈا صاحبُ اُوچا تھاؤُ ÷ اُوچے اُپر اُوچا ناؤُ

اِے[۱۷] وَڈُ اُوچا ہووَے کوءِ ÷ تِسُ اُوچے کو جانے سوءِ

جے وَڈُ آپ جانے آپِ آپ ÷ نانکؔ ندری[۱۸] کرمی داتِ۔۲۴=

بہُ تا کرمُ لِکھیا نا جاءِ ÷ وڈا داتا تِلُ نَ[۱۹] تماءِ

کے تے منگہِ جودھ[۲۰] اَپار ÷ کے تیا گنت[۲۱] نہی وِی چارُ

کے تے کھپ[۲۲] تُٹہِ وِے[۲۳] کار ÷ کے تے لَے لَے مُکرُ[۲۴] پاہِ

کے تے مُورکھ کھا ہی کھاہِ ÷ کے[۲۵] تیا دُوکھ بھُوکھ سد مار

اِہِ بھِ داتِ تیری داتار ÷ بندِ کھلاسی[۲۶] بھانے ہوءِ[۲۷]

۱- بڑا نام۔

۲- لکھوکھا آسمان۔

۳- اٹھارہ ہزار۔

۴- کتب مقدسہ۔

۵- اصل میں ایک ہی ہیں۔

۶- ختم ہو جاتے ہیں۔

۷- قابل صفت وثنا - خداوند کریم

۸- صفت کرنا۔

۹- سمجھ - عقل۔

۱۰- نالے - ندیاں اور نالے سمندر میں بے شک جا گرتے ہیں۔
لیکن اس کی گہرائیوں کو سمجھ نہیں سکتے۔

۱۱- پہاڑوں جتنے - مال و دولت کے انبار۔

۱۲- برابر۔

۱۳- فراموش نہ کرے جو۔

۱۴- مدعا - مقصد۔

۱۵- زار زار روتے ہیں۔

۱۶- زیادہ۔

۱۷- اتنا اونچا۔

۱۸- نظر کرم - بخشش۔

۱۹- ذرہ بھر بھی طمع و لالچ نہیں ہے۔)

۲۰- بہادر - جوانمرد۔

۲۱- شمار میں نہیں آتے۔

۲۲- ذلیل و خوار ہو کر مر جاتے ہیں۔

۲۳- بدکار۔

۲۴- منحرف ہو جاتے ہیں۔

۲۵- کئی ایک دکھ درد اور بھوک سے مر جاتے ہیں)

۲۶- نجات - خلاص۔

۲۷- خدا کی مرضی سے ہی (ہو سکتی ہے)

ہور آکھ[۱] ن سکے[۲] کوءِ ٭ جے کو کھائک[۳] آکھن پاءِ
اوہ جانے جے تی آ موہِ کھاءِ[۴] ٭ آپے جانے آپے دے ءِ
آکھ سچھ[۵] کے بی کے ءِ ٭ جس نوں بکھشے[۶] صفت صالاہِ
نانک پات ساہی پات ساہ[۷] - ۲۵ =

اَمُل گن[۸] اَمُل واپار[۹] ٭ اَمُل واپاری اَے اَمُل بھنڈار[۱۰]
اَمُل آوہِ[۱۱] اَمُل لے جاہِ ٭ اَمُل بھاءِ[۱۲] اَملا سماہِ[۱۴]
اَمُل دھرم اَمُل دی بان[۱۵] ٭ اَمُل تل[۱۶] اَمُل پروان[۱۷]
اَمُل بکھسیں[۱۸] اَمُل بی سان[۱۹] ٭ اَمُل کرم اَمُل فرمان
آملو اَمُل آکھیا نا جاءِ ٭ آکھ آکھ رہے لِو لاءِ
آکھہ وید پاٹھ پران ٭ آکھہ پڑے کرہِ وکھیان
آکھہ برمے آکھہ اِند ٭ آکھہ گوپی نے گووند
آکھہ اِیسر آکھہ سدھ ٭ آکھہ کے تے کی نے بدھ
آکھہ دان[۲۰] او آکھہ دے[۲۱] و ٭ آکھہ سُر[۲۲] نرمن جن[۲۳] سیو
کے تے آکھہ آکھن[۲۴] پاہِ ٭ کے نے کہہ کہہ اُٹھ اُٹھ جاہِ
اِے[۲۵] تے کی تے ہور کریہہ ٭ تا آکھہ ن سکہہ کے ئی کے ءِ
جے وڈ بھاوے تے وڈ ہوءِ ٭ نانک جا تے[۲۶] ساچا سوءِ
جے کو آکھہ بول[۲۷] وِگاڑ ٭ تا لکھی اَے سِرِ گاوارا گاوار[۲۸] - ۲۶ =
سو در[۲۹] کے[۳۰] ہا سو گھر کے ہا جت[۳۱] بہ سرب سمالے[۳۲]
واجے ناد اَنیک[۳۳] اَسنکھا کے تے واون[۳۴] ہارے

۱۔ کہہ نہیں سکتے۔

۲۔ بیوقوف۔ فضول بات کرنے والا۔ ہزّال۔

۳۔ جنتی (چوٹی)

۴۔ مُنہ کی کھاتا ہے۔

۵۔ ایسی بھی (بات کئی کہتے ہیں)

۶۔ بخشش کرتا ہے۔

۷۔ بادشاہ۔

۸۔ بیش قیمت۔ بے بہا۔

۹۔ صفات۔

۱۰۔ بیوپار۔

۱۱۔ خزانہ۔

۱۲۔ آتے ہیں۔

۱۳۔ اُلفت۔ محبّت۔

۱۴۔ محو و مجذوب۔

۱۵۔ دیوان۔

۱۶۔ ترازو۔ تول۔

۱۷۔ وزن۔ پیمانہ۔

۱۸۔ بخشش۔ کرم۔

۱۹۔ پروانہ۔ سند۔

۲۰۔ راکشس۔

۲۱۔ دیوتا۔ فرشتہ۔

۲۲۔ فرشتہ سیرت۔

۲۳۔ خدمتگار۔

۲۴۔ کہنے کی کوشش کرتے ہیں۔

۲۵۔ اتنے بے شمار۔

۲۶۔ وہی سچّا خدا۔

۲۷۔ دروغگو۔ بکواس کرنے والا۔

۲۸۔ جاہلوں کا جاہل۔ اجہل۔ بیوقوف (حد سے زیادہ)

۲۹۔ دروازہ۔ دربار۔

۳۰۔ کیسا ہے۔

۳۱۔ جہاں بیٹھ کر۔

۳۲۔ سب کی سنبھال و حفاظت کرتا ہے۔

۳۳۔ بے شمار۔

۳۴۔ بجانے والے۔ مغنّی

کے نے راگ پری[۱] سیو کہی آن کے نے گاون ہارے

گاوہ توہ نو پون پانی بیے سنتر[۲] گاوے راجا دھرم دوآرے

گاوہ چت گپت[۳] لکھ جانہہ لکھ لکھ دھرم وی چارے

گاوہ اِی سر برما دے وی سوہن سدا سوارے

گاوہ اِند اِنداسن[۴] بیٹھے دیوت آدر[۵] نا بیے

گاوہ سدھ سمادھی[۶] اندر گاون سادھ وچارے[۷]

گاون جتی ستی سنتوکھی[۸] گاوہ وِیر[۹] کرارے[۱۰]

گاوَن پنڈت پڑن رکھی[۱۱] سر جگ جگ ویدا نایے

گاوہ موہنیا[۱۲] من موہن سرگا[۱۳] مچھ[۱۴] پئالے[۱۵]

گاون رتن اُپائے[۱۶] تیرے اٹھ سٹھ[۱۷] تیرتھ نایے

گاوہ جودھ[۱۸] مہابل سورا گاوہ کھانی چارے[۱۹]

گاوہ کھنڈ منڈل[۲۰] ور بھنڈا کر کر رکھے دھارے

سے[۲۱] تدھ نو گاوہ جو تدھ بھاون رتے تیرے بھگت رسالے[۲۲]

ہور کے[۲۳] نے گاون سے مے چت ن آون[۲۴] نانک کیا وی چارے

سوئی سوئی سدا سچ صاحب سا چا ساچی نائی[۲۵]

ہے[۲۶] بھی ہوسی جائے ن جاسی[۲۷] رچنا جن[۲۸] رچائی

رنگی رنگی بھانی[۲۹] کر کر جنسی مائیا جن اپائی

کر کر دیکھے کی تا اپنا جو تس دی وڈیائی

جو تس بھاوے سوئی کرسی حکم ن کرنا جائی[۳۰]

۱۔ راگنی سمیت۔ بمعہ راگنیوں کے۔

۲۔ اگنی۔ آگ۔ آتش۔

۳۔ دل کی بات لکھنے والے فرشتے جکو چتر گپت بھی کہتے ہیں۔

منکر و نکیر۔

۴۔ اپنے تخت پر بیٹھے ہوئے۔

۵۔ بمعہ دوسرے دیوتاؤں کے رتبے در پہ بیٹھے ہوئے)

۶۔ استغراق میں۔ محو و مستغرق۔

۷۔ خیالات میں محو۔

۸۔ صابر و صدیق

۹۔ بہادر و جوانمرد۔ شجاعت مند۔

۱۰۔ سخت۔ سخت چوٹ لگاتے والے۔ سجیلے۔

۱۱۔ رشیوں کے راجہ۔

۱۲۔ دلکش۔ دلآویز حوریں۔

۱۳۔ سُرگ کی۔ جنت کی۔

۱۴۔ اس دُنیا کی۔

۱۵۔ پاتال کی

۱۶۔ تیرے پیدا کئے ہوئے۔

۱۷۔ اٹھاسٹھ مقدس مقام (ہندوؤں کے)

۱۸۔ بہادر۔ طاقتور و جوانمرد۔

۱۹۔ چاروں قسم کے موجودات۔ انڈوں سے۔ جیرے۔ پسینے

اور زمین سے پیدا ہونیوالے حیوانات۔ جمادات نباتات وغیرہ

۲۰۔ دُنیا کے حصے۔ آسمان۔ زمین اور پاتال اور برہمنڈ

تمام کائنات۔

۲۱۔ وہی۔

۲۲۔ عبادت میں مسرور۔ زہد کا حظ اُٹھانے والے۔

۲۳۔ کتنے ہی۔

۲۴۔ مجھے یاد نہیں۔ بے شمار ہی۔

۲۵۔ نام۔ جس کا نام سچا ہے۔

۲۶۔ پہلے (ماضی) بھی تھا۔ اب (حال) بھی ہے اور آئندہ

(مستقبل) بھی ہوگا۔

۲۷۔ مٹتا نہیں۔

۲۸۔ جس نے یہ تمام کائنات و مخلوقات پیدا کی ہے

۲۹۔ قسم قسم کی۔ انواع و اقسام کئی رنگوں۔ قسموں و جنسوں کی

۳۰۔ کوئی اسے حکم نہیں دے سکتا۔

سوپاتِ شاہ سہاں پاتِ صاحبُ نانک رہن رجائی - ۲۷ =

مُندا سنتوکھُ سرم پت جھولی دھیان کی کرہ بِبھوت

کھِنتھا کالُ کُ آرسی کائیا جگتِ ڈنڈا پرتیت

آئی پنتھی سگل جماتی من جی تے جگُ جیتُ

آدیسُ تسے آدیس آد انیلُ اناد اناہت جگُ جگُ ایکو ویسُ ۲۸

بھُگت گیانُ دیا بھنڈارن گھٹ گھٹ واجہِ ناد

آپ ناتھُ ناتھی سبھ جاکی رِدھ سِدھ اورا ساد

سنجوگ وِجوگ دوئے کار چلاوہِ لیکھے آوہ بھاگ

آدیسُ تِسے آدیسُ آدِ انیلُ اناد اناہتِ جگُ جگُ ایکو ویسُ - ۲۹ =

ایکا مائی جگت وِیائی تِن چیلے پرِوانُ -

اِکُ سنساری اِکُ بھنڈاری اِکُ لائے دی باںُ

جِ د تِسُ بھاوے تِ وے چلاوے جِ و ہووے بھرمانُ

اوہُ وِیکھے اونا ندرِ - ن آوے بہُ تا ایہہ وڈانُ

آدیسُ تِسے آدیسُ آدِ انیلُ انادِ اناہتِ جگُ جگُ ایکو ویسُ - ۳۰ =

آسنُ لوءِ لوءِ بھنڈار ٭ جو کچھُ پائیا - س - اے کا وار

کرِکرِ ویکھے سرجنُ ہارُ ٭ نانک سچے کی ساچی کار

آدیسُ تِسے آدیسُ ٭ آدِ انیلُ انادِ اناہتِ

جگُ جگُ ایکو ویسُ - ۳۱ =

اِک دُو جیبھو لکھ ہوہِ لکھ ہووہِ لکھ وِیس

۱۔ بادشاہ

۲۔ بادشاہوں کا بادشاہ۔ شاہِ شاہاں۔ شہنشاہ

۳۔ اس کی رضا میں ہی رہنا چاہیئے۔

۴۔ مُنڈرا۔

۵۔ محنت۔ کوشش۔ کام۔

۶۔ عزت۔ توقیر۔

۷۔ استغراق۔ یکسوئیت۔ محویت۔

۸۔ خاک۔ خاکستر۔

۹۔ گودڑی۔ خرقہ۔

۱۰۔ موت۔

۱۱۔ دوشیزہ۔

۱۲۔ جسم۔ سریر۔

۱۳۔ تدبیر۔ منصوبہ۔

۱۴۔ مانے۔ سمجھے۔ یقین کرے

۱۵۔ جوگیوں کا ایک فرقہ۔ جوگیوں کے بارہ فرقوں میں سے ایک جو قوت برداشت و رواداری کے لئے... مشہور ہے۔

۱۶۔ سب جماعتوں اور فرقوں کو یکساں سمجھنا۔

۱۷۔ اپنے نفس (خواہشات نفسانی) پہ قابو پانا دنیا کو تسخیر کرنے کے مترادف ہے۔

۱۸۔ سلام۔

۱۹۔ بے داغ۔ بے لوث

۲۰۔ جس کی ابتدا نہیں۔

۲۱۔ جس کو چوٹ یا ضرب نہیں لگ سکتی۔

۲۲۔ جو ہمیشہ یکساں رنگ ہیں۔

۲۳۔ بھوجن۔ خوراک۔

۲۴۔ ہر دل میں اس کی دُھن اور آواز سنائی دیتی ہے

۲۵۔ مالک۔ خداوند۔

۲۶۔ دُوسری قسم کے مزے ہیں۔

۲۷۔ پیدائش و موت۔

۲۸۔ ہر ایک کو اپنا مقدر ملتا ہے۔

۲۹۔ کسی طرح حاملہ ہوئی۔

۳۰۔ مانے جاتے ہیں۔

۳۱۔ ایک کائنات پیدا کرنے والا برہما۔ ایک پرورش کرنے والا وشنو اور ایک موت کے احکام صادر کرنے کے لئے دربار منعقد کرنے والا شِو۔

۳۲۔ جیسے اِسے منظور ہے۔ اسی طرح کاروبار چلاتا ہے

۳۳۔ نظر نہیں آتا۔

۳۴۔ تعجب تو یہ ہے۔ عجیب بات تو یہ ہے۔

۳۵۔ مقام۔ تکیہ۔ تخت۔

۳۶۔ ہر طبق میں۔

۳۷۔ ایک ہی دفعہ خداوند کریم نے تمام طبق اور خزانے بھر دیئے ہیں۔

۳۸۔ بنانے والا۔ خالق۔

۳۹۔ سچی کاریگری۔ اس کی تخلیق بھی سچی ہے

۴۰۔ ایک سے۔

۴۱۔ زبان۔ ایک زبان سے چاہے لاکھوں زبانیں بھی ہو جائیں

۴۲۔ بیس لاکھ (اور چاہے لاکھوں سے بیس لاکھ بھی بن جائیں۔)

لکھ لکھ گے ڑا آکھی آہِ ایک نام جگ دی س
ایت راہِ پت پ وڑی آ چڑھی اے ہوءِ اکی س
سُنِ گلاں آکاس کی کی ٹا آئی رِی س
نانک ندری پائی اے کوڑی کوڑے ٹھی س ۔۳۲=

آکھنِ جورُ پچپے نہ جورُ ؞ جورُ نَ منگن دین نَ جورُ
جورُ نَ جی وَنِ مرَنِ نہ جورُ ؞ جورُ نَ راج مالِ منشورُ
جورُ نَ سُرتی گیانِ وِی چارِ ؞ جورُ نَ جگتی چھٹے سنسارُ
جِس ہتھِ جورُ کرِ دیکھے سوءِ ؞ نانک اُتم نیچ نَ کوءِ ۔۳۳=

راتی رُتی تھتی وار ؞ پ وَنْ پانی اگنی پاتال
تِسُ وِچ دھرتی تھاپِ رکھی دھرم سال
تِسُ وِچ جی اجگتِ کے رنگ ؞ تِن کے نام اَنیک اننت
کرمی کرمی ہوءِ وِی چارُ ؞ سچا آپِ سچا دربارُ
تِتھے سوہنِ پنچ پرْوان ؞ ندری کرمِ پوے نی سانُ
کچ پکائی اوتھے پاءِ ؞ نانک گیا جا پے جاءِ ۔۳۴=

دھرم کھنڈ کا ایہو دھرمُ ؞ گیان کھنڈ کا آکھہُ کرمُ
کے تے پ وَنْ پانی وے سنتر ؞ کے تے کان مہیس
کے تے برمے گھاڑتِ گھڑی آہِ ؞ رُوپ رنگ کے ویس
کے تے آ کرم بھومی میر ؞ کیتے کیتے دھو اُپ دیس
کے تے اِند چند سورُ ؞ کے تے کے تے منڈل دیس

۱- چکر۔ گردش (پھر اس ایک زبان کو لاکھ لاکھ بار چکر دیں)۔

۲- جگت کا مالک - پرماتما۔

۳- اس راستہ پہ۔

۴- اس خداوند کی سیڑھیاں ہیں۔

۵- اگر چڑھیں - چڑھنے سے۔

۶- ایک ایشور تک پہنچ جاتے ہیں۔

۷- باتیں۔

۸- کیڑوں کو بھی تقلید کا شوق پیدا ہو جاتا ہے۔

۹- نظرِ کرم سے۔ بخشش سے۔

۱۰- گپ بازی - جھوٹے کی جھوٹی بات ہی رہتی ہے۔

۱۱- زور - طاقت۔

۱۲- مالیہ۔

۱۳- فرمان۔ شاہی حکم (حکومت۔ مالیہ اور فرمان بھی زور سے حاصل نہیں ہوتے)

۱۴- تدبیر۔

۱۵- اونچ نیچ کوئی نہیں۔

۱۶- رات - موسم - تھت اور دن۔

۱۷- قائم کر رکھی ہے۔

۱۸- نیکی کمانے کی جگہ - دُنیا۔

۱۹- بنی نوع انسان۔

۲۰- بے شمار۔

۲۱- پروانہ - سند۔

۲۲- کچے پکے (ناآزمودہ اور آزمودہ کار) آزمائش اس کے دربار میں ہوتی ہے۔

۲۳- وہاں جاکر اور پہنچنے سے ہی ایسا پتہ چلتا ہے۔)

۲۴- آگ - آتش۔

۲۵- کاہن - کرشن۔

۲۶- شو - مہیشور۔

۲۷- برہما (دُنیا کو پیدا کرنے والے)

۲۸- زمین۔

۲۹- پہاڑ - پربت۔

۳۰- دھرو بھگت۔ قطب۔

۳۱- چھوٹی نگری - چھوٹا دیس

۳۲- اندر - چاند اور سورج۔

کے تے سدھ بدھ ناتھ ÷ کے تے کے تے دیوی ویس

کے تے دیو دانو منِ ÷ کے تے کے تے رتن سمند

کے تی آ- کھانی کے تی آ- بانی کے تے پات نرند

کے تی آ- سُرتی سیوک کے تے نانک انت نہ انت -۳۵=

گیان کھنڈ مہ گیان پرچنڈ ÷ تتھے ناد بنود کوڈ انند

سرم کھنڈ کی بانی روپ ÷ تتھے گھاڑت گھڑئی اے بہت انوپ

تا کی آ- گلاں کتھی آ- نا جاہِ ÷ جے کو کہے پچھے پچھتاءِ

تتھے گھڑئی اے سُرت مت منِ بدھ

تتھے گھڑئی اے سُرا سدھا کی سدھ -۳۶=

کرم کھنڈ کی بانی جور ÷ تتھے ہور نہ کوئی ہور

تتھے جودھ مہابل سور ÷ تن مہ رام رہ بھرپور

تتھے سیتو سیتا مہما ماہِ ÷ تا کے روپ نہ کتھنے جاہ

نا اوہ مرہ نہ ٹھاگے جاہِ ÷ جنکے رام وسے من ماہِ

تتھے بھگت وسہ کے لوا ÷ کرہ انند سچا من سوءِ

سچ کھنڈ وسے نرنکار ÷ کرکر ویکھے ندر نہال

تتھے کھنڈ منڈل وربھنڈ ÷ جے کو کتھے ت انت نہ انت

